NAQSHE - SULEMAN
PART - 1

WRITER - HAZRAT KHAWAJA
ASHRAF ALI LAKHNAWI

ADD. ALI BHAI SHARAF ALI
& CO. PVT. LTD
→ MOHAMMEDI GANPUDER RD
MAZGAWN BOMBAY - 10
→ NO. 373 Ebrahim Rehmatulla Rd
Bombay 3

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ

نقشِ سلیمانی

حصّہ اوّل

مصنفہ عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علی صاحب لکھنوی

باہتمام علی بھائی شرف علی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ

تاجران کتب و مالکان مطبع محمدی گنپوڈر روڈ مجگاؤں بمبئی ۱۰

نمبر ۳۷۳۔ ابراہیم رحمت اللہ روڈ

بمبئی ۳

فہرست ابواب نقش سلیمانی حصہ اوّل

نقشِ سلیمانی

حصّہ اوّل

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اشرف سخن وبہترین کلام حمد الٰہی ہے جس کے قلم وقدرت میں از ماہ تا بماہی ہے سبحان اللہ کیسا خالق ہے کہ جس نے آسمان کو ایسا رفیع ومرتفع بنایا ہے اور دُرج فلک کو کواکب دُرّی سے اسطرح مزین فرمایا ہے کہ جس نے نگاہ اُٹھا کر دیکھی بیساختہ فتبارک اللّٰہ احسن الخالقین زبان پر لایا اس وادی مدحت میں شبدیز قلم تیز خرام لنگ اور عقل دریافت معرفت وحقیقت میں دنگ ہے سچ ہے قطرے سے تعریف دریا محال اور زبانِ ذرہ توصیف خورشید میں لال ہے لوحش اللّٰہ ایسا سرور کائنات اشرف المخلوقات کہ جسکے نور ظہور سے عالم کا ایجاد ہوا اور اسکی شان ہدایت میں لولاک لما ارشاد ہوا صدق میں اسکے بنی آدم نے خلعت وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ پایا اور اس کے طفیل میں احکم الحاکمین سے خطاب مستطاب لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ انسان خاکی کی بنیان کے حق میں آیا ہے صلی اللّٰہ علیہ وسلم بعد حمد ونعت خاکپائے فقرا وکفش بردار علما مسکین بیچ مدان فقیر سلیمان ظہیر الدین احمد المدعو محمد اشرف علی لکھنوی خلف اصغر حضرت مولوی اکبر رزقہ شفاعۃ شفیع محشر قطراز کاہے کو یہی پر داز ہے کہ ابتدائے شعور سے عملیات کا شوق رہا۔ تعویذ گنڈے کا ذوق رہا۔ جس بزرگ کو اس فن میں کامل پایا کچھ نہ کچھ اس سے حاصل کیا اور بموجب ارشاد بزرگان طریقت اکثر اسما کی زکوٰۃ دی۔ ایسے شغلوں میں صرف اوقات کی جس عمل ونسخہ کو آزمایا سریع النفع پایا ایک بیاض میں بطور یادگار رقم کیا جس حاجتمند کو تعلیم کیا خدا کے فضل سے اسکا مدعا حاصل ہوا ہیچمدان کو تجربہ دوبارہ ہوا۔ اسی طرح سے یہ ذخیرہ فراہم ہوا بزرگوں کا جلوہ کرم ہوا۔ البتہ بھاگتا تھا نام تالیف کے گھبراتا تھا ذکر سے تصنیف کے۔ چنانچہ وہ سب چیزیں جمع نہیں ہوئی تھیں کہ ان دنوں تین چار

صاحبوں نے کچھ نقوش، کچھ شعبدے، کچھ نسخے چھپوالئے اپنے استادوں کے نقشے جمائے جو کہ کل چیزوں میں
ترکیب کو دخل تمام ہے۔ بغیر ترکیب نہ دعا اور دوا بے اثر لاکلام ہے۔ مثلاً اگر کوئی شخص نماز خلاف وقت یا
خلاف ترکیب مقررہ پڑھے تو درست نہ ہوگی۔ چنانچہ اسی طرح عملیات اور نسخہ جات بغیر ترکیب کے
فائدہ نہیں دیتے ہیں۔ مؤلف پر عملیات اور نسخہ جات کے مفت الزام دیتے ہیں۔ جب اس فقیر نے دیکھا
مفت میں بندگان خدا بھٹکتے ہیں اور بعد امتحان کے کتاب کو زمین پر پٹکتے ہیں تو دل میں خیال آیا کہ ایک
رسالہ لکھئے جسمیں صحت کیساتھ عمل اور شرح و بسط کے ساتھ پڑھنے کی ترکیب ہو۔ تعویذ لکھنے کے
اوقات و ساعات لکھے جائیں تاکہ شائقین فائدہ اُٹھائیں اور خاص و عام فیض پاویں۔ مؤلف نے
نہایت جستجو اور غایت تگاپو سے چند مسائل ضروریہ اور اُمور لابدیہ کو لکھا۔ کتب معتبرہ اور اقوال صحیح
سے اعمال پر سند اور نقوش جمع کر کے نام اس مختصر کا **نقش سلیمانی** رکھا۔ صحت و نظر ثانی کا اہتمام
رکھا تب پسندیدۂ خاص و عام ہوا معروف نام ہوا۔ اکثر شائقین ہنر بین نے بشوق تمام اسکے چھپوانے
پر ایسا اصرار کیا کہ مؤلف نے چاروناچار اقرار کیا۔ پس عاملین باتمکین اور ناظرین ہنر بین سے اُمید ہے
کہ اگر کسی جگہ سہو یا خطا پائیں بمقتضائے الانسان مرکب من الخطاء والنسیان، اس ہیچمدان
کو حرف گیری سے معاف فرمادیں۔ اگر فائدہ اُٹھائیں تو دعائے خیر سے اس عاصی کو یاد فرماویں

کردم بہ ہمیں پسند این نامہ سیاہ ⁂ کیں نقش و نگار یادگار است

اور یہ رسالہ مختصر پانچ باب پر منقسم ہے۔

باب اوّل، شامل اوپر تین ۳ فصلوں کے

فصل اوّل۔ قواعد عامہ میں۔ اے عزیز! جان تو اسکو کہ دعا اور بلکہ ہر شئے میں ایک چیز
ہوتی ہے اور اس چیز کو معہ ترکیب ادا کرنے میں وہ چیز تمام و کمال اور مراد پر حسب دلخواہ پہنچتی ہے
ورنہ ناتمام رہ جاتی ہے۔ لوگ فائدہ سمجھ کر کرتے ہیں وہ آخر کو بے ترکیبی سے خود اور بے عنوانی سے
سراسر نقصان اُٹھاتے ہیں خصوصاً جو صاحب عملیات وغیرہ بے ترکیبی کے خود پڑھتے ہیں اور تعویذ لکھتے
ہیں۔ خانے ہندسوں کے بے ترکیبی کیساتھ بھرتے ہیں اور بباعث ثانی مشقت اٹھاتے ہیں جب
فائدہ نہیں ہوتا تو عمل کو بدنام کرتے ہیں پس لازم ہے کہ جب کسی شئے کے کرنیکا ارادہ ہو دل سے
آمادہ ہو تو پہلے اس علم کے قاعدے سیکھے پھر اسکو شروع کرے لہٰذا فقیر نے چند قاعدے جو کہ عاملین فن
ہٰذا نے مقرر کیے ہیں اور اپنے پیران طریقت سے سُنے ہیں۔ انکو مختصر لکھا ہے۔ جو عامل ان قاعدوں کا

لحاظ رکھے گا انشاءاللہ سوائے فائدہ کے کبھی نقصان نہ اُٹھاویگا۔ قاعدہ ۱ اسکو قبولیت دعا اور اعمال میں بڑی تاثیر ہے مگر اکل حلال اور صدق مقال اور پڑھنے کے وقت رجوع قلب کرے اور وسواس شیطانی اور خیال لایعنی کو دل سے سلب کرے اور ابتدا سے انتہا تک اپنے مطلب کا دھیان رکھے ورنہ کچھ فائدہ نہ ہوگا بقول حضرت مولوی معنوی سے بر زباں تسبیح و در دل گاؤ خر۔ ایں چنیں تسبیح کے دارد اثر۔ قاعدہ ۲ جو عمل اور وظیفہ کہ ایام معدودتک کسی مطلب کے واسطے کرے ترک حیوانات ضرور کرے یعنی کھانا ان چیزوں کا چھوڑ دے جیسے گوشت اور مچھلی اور انڈا کسی جانور کا اور بہتر یہ ہے کہ بھنگ اور لہسن اور پیاز خام وغیرہ کو بھی نہ کھاوے۔ ان چیزوں کے ترک سے امید قوی اجابت دعا کی ہے اور کھانے سے تاثیر میں نقصان اور قباحت ہے۔ قاعدہ ۳ جواہر خمسہ وغیرہ میں مذکور ہے کہ عملیات کے پڑھنے میں تعین وقت ضرور ہے مثلاً اگر کوئی شخص کسی عمل کو جلالی یا جمالی کے طور پر پڑھے روز اول سے تا اختتام عمل وقت مقررہ کا التزام ضروری ہے۔ اختلاف مکان کا بلاعذر ہرگز جائز نہیں ایک ہی مصلے پر پڑھا کرے جہاں پہلے روز اتفاق ہو۔ قاعدہ ۴ شروع کرنا عمل کا عروج ماہ میں بہتر ہے زوال ماہ سے۔ قاعدہ ۵ جب عمل پڑھنے کو بیٹھے الحمدللہ اور آیۃ الکرسی اور چاروں قل کو تین تین سو بار اپنے ہاتھوں کی انگلیوں پر دم کر کے اپنے گرد حصار باندھکر بیٹھے قاعدہ ۶ جو اسم یا دعا پڑھے اگر سر اسم دعا اور حروف سر اسم پڑھنے والے کا آتشی ہو تو مراد جلدی بر آوے۔ حروف آتشی اور آبی سے عداوت ہے۔ جو کوئی اسم یا عمل شروع کرے حرف سر اسم درست کر کے پڑھے تاکہ جلد اثر ہووے باد برابر آب میانہ آب خاک سبز اوار آب آتش مخالف اربع عناصر خاک رنگ زرد جبرئیلؑ باد رنگ سبز حضرت اسرافیل آب رنگ نیلا حضرت میکائیلؑ آتش رنگ سفید و زرد حضرت عزرائیلؑ۔ قاعدہ ۷ جب کسی عمل کی زکوٰۃ دے چکے تو چاہیئے کہ ہر روز سات مرتبہ یا بارہ مرتبہ یا اس سے زیادہ اس کو بلاناغہ پڑھ لیا کرے۔ قاعدہ ۸ اعمال میں اجازت صاحب عمل کی ضرور ہے ورنہ اسکے کرنے میں نقصان اور فتور ہے لہذا فقیر عفا اللہ عنہ نے اعمال مندرجہ رسالہ ہذا کا اذن عام دیا ہے۔ قاعدہ ۹ عامل کو دریافت کرنا کیفیت برجوں اور ستاروں اور انکی ساعتوں وغیرہ کا بھی درکار ہے اس واسطے ان کا مختصر حال لکھا جاتا ہے۔

فصل دوم برجوں کے بیان میں

تفسیر فتح العزیز اور مقصود العاشقین وغیرہ میں لکھا ہے کہ حقیقت برج کی یہ ہے کہ بسبب

گردش آفتاب کے آسمان میں دائرہ پیدا ہوتا ہے اور اسی کو دائرۃ البروج کہتے ہیں۔ آفتاب اس دائرہ کو ایک سال کی مدت میں طے کرتا ہے اور اسکو بارہ حصوں پر تقسیم کیا ہے اور ہر حصہ کا برُج نام رکھا ہے اور برج کو موافق اس صورت کے جو کہ بسبب اجتماع ستاروں کے جیسی شکل پیدا ہوتی ہے اس شکل پر اس برج کا نام رکھا ہے اور برُج کو اہل ہند "راس" کہتے ہیں اور وہ بارہ برُج یہ ہیں۔

حمل ہندی میکھ ماہ بیساکھ کو کہتے ہیں بصورت مینڈھے کی اور وہ دو شاخ رکھتا ہے سر اسکا بجانب مغرب اور دم اسکی مشرق کی طرف ہے اور پشت شمال کی جانب اور پا جنوب اور منھ پیچھے پھرا ہوا ہے گویا کسی کو دیکھتا ہے۔ خانہ مریخ مشرقی آتشی سرخ وبال زہرہ شرف آفتاب ١٩٠ درجہ پر ہبوط زحل مذکور منقلب موکل ہے اطاعیل حرف ا، ع، ل، ی، ثور ہندی برکھ ماہ جیٹھ کو کہتے ہیں صورت گاؤ سر اسکا جانب مشرق اور دم بطرف مغرب خانہ زہرہ جنوبی خاکی سفید ی بال مریخ شرف، قمر ہندی بیساکھ ١٩ درجہ پر مونث موکل عزرائیل حرف ب جوزا ہندی میں ماہ اساڑھ کو کہتے ہیں۔ دو لڑکے برہنہ باہم ملے ہوئے کی شکل ہے کہ سر بجانب شمال اور مغرب اور پیر طرف جنوب اور مغرب کی خانہ، عطارد غربی و بادی زرد بال مشتری شرف راس ہبوط ذنب ذوجسدین موکل اسرافیل۔ حرف ف، ق، ک۔ سرطان ہندی کرگ ماہ ساون کو کہتے ہیں بصورت جانور دریائی ہندی جیسا کیکڑا اور کنکھا ہے۔ خانہ قمر شمالی آبی سپید وبال وزحل شرف مشتری ہبوط مریخ مونث منقلب موکل قیقائیل حرف ہ، ح۔ اسد ہندی سنگھ ماہ بھادوں کو کہتے ہیں بشکل جانور صحرائی کہ فارسی میں اسکو شیر کہتے ہیں۔ خانہ شمس شرقی آتشی سرخ وبال زحل مذکور مونث موکل خرکائیل حرف م۔ ت۔ سنبلہ ہندی میں کنیا ماہ کنوار یعنی آسوج کو کہتے ہیں بصورت دختر کی ہے دامن کو لٹکائے ہوئے اور سر اسکا بطرف مغرب اور شمال اور پیر بجانب مشرق اور جنوب بایاں ہاتھ لٹکائے اور داہنا ہاتھ برابر کاندھے کو اٹھائے ہوئے اور اسی ہاتھ میں چھال کسی درخت کی لئے ہوئے خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز زرد بعضے سیاہ بال مشتری شرف عطارد ہبوط زہرہ مونث ذوجسدین موکل سماکائیل حرف ب۔ ف۔ عقرب ہندی برچھک ماہ اگہن کو کہتے ہیں بصورت بچھو کی ہے خانہ مریخ شمالی آبی سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر مونث ثابت موکل صدمنائیل حرف ل۔ ن۔ ط۔ ص۔ و میزان ہندی تلا ماہ کاتک کو کہتے ہیں صورت ترازو کی ہے۔ خانہ زہرہ غربی بادی سفید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر منقلب موکل فہم الخائیل حرف ی۔ ت ط۔ قوس ہندی دھن ماہ پوکو کہتے ہیں بصورت ایک مرد کی تیر و کمان ہاتھ میں لئے ہوئے

خانہ مشتری شرقی آتشی زرد وبال عطارد ذنب ہبوط راس مذکور ذوجسدین موکل ضلخائیل حروف ف۔ جدی کرمکر ہندی ماگھ کو کہتے ہیں بصورت بکرے کی ہے خانہ جنوبی خاکی سیاہ وبال قمر شرف مریخ ہبوط مشرق مونث منقلب موکل سماکائیل حرف ج۔ خ۔ دلو ہندی کنبھ ماہ پھاگن کو کہتے ہیں بصورت مرد ڈھاک ہاتھ میں لیکر ٹیڑھا کرکے پانی زمین پر گراتا ہے خانہ زحل غربی بادی زرد وبال آفتاب مذکر ثابت موکل سخازائیل حرف س۔ ب۔ ث۔ غ۔ حوت ہندی میں ماہ چیت کو کہتے ہیں یہ صورت مچھلیوں کی ہے خانہ مشتری شمالی آبی سرخ وبال وہبوط عطارد وشرف زہرہ مونث ذوجسدین موکل فقہائیل حرف د۔ ج۔ بروج ماہ ہندی کو راقم نے نظم کیا ہے تاکہ دریافت کرنا ان دونوں کا بہت آسان ہے۔

نظم

حمل ماگھ ہے اے نکتہ پرواز
اساڑھ ہندی میں جوزا کو کہیں گے
اسد بھادوں ہے آسن سنبلہ ہے
کہو عقرب کو اگہن قوس کو پوس
لکھا شرف دیو کو پھاگن مقرر

مقرر ثور کو رکھ جیٹھ ہم راز
مگر سرطاں کو ساون جان لیں گے
کہ میزان کا تک اب بھی یہی فیصلہ ہے
جدی کو ماگھ کہہ بے روئے افسوس
کہ کہتے چیت کو ہیں حوت اکثر

کسی شاعر نے برجوں کی طبع کو نظم کیا ہے ؎

حمل ست آتشی وتیر وکماں　　ثور خاکی جدی وخوشہ ہماں
طبع جوزا دلو را لہ شمار　　داں تو خرچنگ وحوت عقرب بار

ابونصر انی فرخی نے ستاروں کے خانوں کو اسطرح سے نظم کیا ہے۔

اشعار

حمل عقرب ست یا بہرام　　قوس حوت ست مشتری رانام
ثور میزاں چو خانہ زہرہ است　　مرزحل راست جدی رامقام

تیر جوزا و خوشہ مہ سرطان
خانہ آفتاب شیر مدام

جان تو کہ اللہ تعالیٰ نے ہر برج اور ستارے کو نیکی اور سعادت و نحوست میں اثر جداگانہ مرحمت فرمایا ہے اور حکم ان کا اس عالم میں جاری ہوتا ہے لہٰذا عالموں کے نزدیک برج دوازدہ گانہ تین قسم ہیں۔ ثابت۔ و منقلب و ذو جسدین جب آفتاب بروج ثابت میں آوے عمل محبت کشائش رزق وغیرہ کا۔ اور منقلب میں ہلاکی دشمن وغیرہ کا اور ذو جسدین میں دونوں کا پڑھنا مقرر ہے اور حب کا عمل منقلب میں ہرگز شروع نہ کرے کہ وہ برعکس ہوگا یعنے اُلٹی تاثیر ہوگی اور یہی حال بارھوں مہینوں کا ہے اور اس کا تعین از روئے شمسی مہینوں کے ہے۔ نقشہ ہٰذا سے بروج دوازدگان کی کیفیت ایک جگہ پر شائقین کو بخوبی حاصل ہو سکتی ہے۔

دائرۃ البروج یہ ہے

فصل تیسری طالع کے بیان میں

جان تو کہ اس فن میں استخراج کرنا طالع کا بھی واسطے حُبّ وغیرہ کے ضرور ہے اس کا مفصل حال بڑی بڑی کتابوں میں لکھا ہے۔ اس رسالہ مختصر میں طول کی گنجائش نہیں لہٰذا ایک مختصر قاعدہ عام فہم لکھتا ہوں۔ جس شخص کا حال دریافت کرنا منظور ہو عدد اس کے نام کے اور اس کی ماں کے نام کے لے کر ایک جگہ جمع کرے اور پھر اس مجموعہ سے بارہ بارہ کو طرح دے جو ایک باقی رہے طالع حمل ہے اگر دو باقی رہیں بُرج ثور ہے اور تین باقی رہیں بُرج جوزا ہے اور چار باقی رہیں طالع بُرج سرطان ہے اور پانچ باقی رہیں بُرج اسد ہے اور چھ باقی رہیں برج سنبلہ ہے اور سات باقی رہیں بُرج میزان ہے اور آٹھ باقی رہیں برج قوس ہے اور دس باقی رہیں جدی ہے اور گیارہ باقی رہیں برج دلو ہے اور بارہ باقی رہیں برج حوت ہے اسکی مثال یہ ہے کہ نام سائل کا مرادی عدد اسکے دو سو پینتالیس ہیں اور سائل کی ماں کے نام کے عدد چھیالیس ہیں جملہ عدد دو سو اکانوے ہوتے ہیں بعد طرح دینے کے تین عدد باقی رہے۔ اب معلوم ہوا کہ اس شخص کا طالع بُرج جوزا ہے۔

باب دوسرا۔ اسمیں چھ فصلیں ہیں

فصل اوّل ستاروں کے بیان میں۔ عجائب المخلوقات اور مقصود العاشقین وغیرہ میں لکھا ہے کہ اللہ تعالےٰ نے بیشمار ستارے پیدا کئے ہیں کہ شمار ان کا سوائے اللہ تعالےٰ کے اور کوئی نہیں جانتا ہے۔ وہ سب ثوابت ہیں یعنی ان کو بذات خود حرکت نہیں ہے۔ ایسے جڑے ہیں کہ جیسے انگوٹھی میں نگینہ دار پار نہیں ہوتا اور یہ ستارے وار پار نہیں۔ اسی سبب سے ان کو ثوابت کہتے ہیں مگر ان میں سے سات ستاروں کو متحرک کیا ہے۔ یعنی سوائے حرکت وہ خود بھی متحرک ہیں اور اسی واسطے ان کو اہل عرب سبعہ سیارہ کہتے ہیں۔ ان کی حرکات سے طرح طرح کی تاثیرات عالم میں ظاہر ہوتی ہیں۔ اور وہ اکثر چیزوں میں مؤثر ہوتی ہیں اور ہر ایک ستارہ ایک وقت پر حکومت کرتا ہے اور سعد و نحس میں حکم علیحدہ کرتا ہے اور ہر ایک

ستارے کا ایک آسمان میں مقام ہے اور اسی کے نام سے مشہور ہے اور وہ ستارے یہ ہیں ۔
قمر بفارسی ۔ ہندی چندرماں ۔ بصورت مرد دراز قد دونوں ہاتھ کاندھے پر رکھے ہوئے ایک ہاتھ میں گرز چہرہ سبز رنگ زرد بعضے آبی فلک اول عامل روز دوشنبہ مؤکل بعوائیل اقلیم ہفتم ۔
عطارد بفارسی ۔ دبیر ہندی بدھ بصورت پیر مرد دراز ریش ہاتھ میں قلم زانو پر رکھے ہوئے گویا کوئی چیز لکھتا ہے ۔ رنگ فیروزی فلک دوم عامل روز چہارشنبہ مؤکل اسماعیل اقلیم دوم
زہرہ بفارسی ۔ ناہید ہندی سنکر بصورت عورت ہاتھ میں کوئی باجہ لئے ہوئے رنگ سفید عامل فلک سوم روز جمعہ مؤکل ارسمعون اقلیم سوم ۔
شمس بفارسی خورشید ہندی سورج وایت بہ شکل مرد میانہ قد گرد چہرہ ہالہ داہنے اور بائیں صورت شیر کی ۔ دونوں ہاتھ اوپر رکھے ہوئے رنگ طلائی عامل فلک چہارم روز یکشنبہ مؤکل کلائیل اقلیم چہارم ۔
مریخ بفارسی بہرام ہندی منگل بصورت مرد لشکری ایک ہاتھ میں تلوار اور دوسرے میں سر کٹا ہوا ۔ رنگ سرخ عامل فلک پنجم روز سہ شنبہ مؤکل الجرائیل اقلیم پنجم
مشتری بفارسی برجیس ہندی برہسپت بہ شکل مرد پیر سن کتاب ہاتھ میں لئے ہوئے رنگ زرد بعضے صندلی عامل فلک ششم روز پنجشنبہ مؤکل فہمائیل اقلیم ششم ۔
زحل فارسی کیوان ہندی سنیچر بصورت مرد دراز بال چھ ہاتھ دو ہاتھوں سے عصا نیچے گڈی کے لٹکائے ہوئے اور دو ہاتھوں میں ڈالی کسی میوے کی لئے ہوئے اور دو ہاتھوں میں دُم چڑے کی لئے ہوئے رنگ سیاہ عامل فلک ہفتم روز شنبہ مؤکل ارقائیل اقلیم ہفتم ۔

سبعہ سیارہ کے نام شاعر نے نظم کئے ہیں ؎

کواکب مہ و تیر و ناہید داں ۔۔۔ چہ خورشید و بہرام و برجیس کیواں

اقلیم ستاروں کی ساتوں اس نظم سے دریافت کرو ؎

ہند را حاکم زحل شد ملک چیں را مشتری ۔۔۔ ملک ترکستان را مریخ کردہ سروری
شمس آمد از خراساں زہرہ در ما النہر ۔۔۔ روم عطارد و ز قمر بلغاریہ ما شد سری

قمر مت عطارد دو زہرہ۔ شمس و مریخ
مشتری و زحل ۔ ہر چند ستاروں
کی صورت اور رنگ اور موکلات
وغیرہ میں اختلاف ہے۔
لیکن اکثر منجموں کے
نزدیک اور نیز اکثر کتب
وغیرہ میں بھی جو رسالہ
ٹھیک پایا موافق اس مختصر کے
تھوڑا حال قرآن بالاجمال لکھ دیا
اور تسدیس اور تربیع و مثلث و نظرات وغیرہ کو
بلحاظ طول کے نہیں لکھا۔ مولف عفی عنہ نے یہ ایک دائرہ بنایا ہے نام جسکا دائرۃ النجوم
رکھا جس کی کیفیت معلوم ہو۔ اور دائرۃ النجوم یہ ہے۔

فصل دوسری۔ دن اور رات کی ساعتوں کا بیان:۔ جاننا چاہئے کہ خالق جل شانہٗ
نے اپنی مخلوق میں تاثیریں بخشی ہیں۔ اور ان کی تاثیرات ہمیشہ ظہور میں آتی ہیں چنانچہ
جب کوئی کسی قوت کا حاکم ہوتا ہے تو اپنی ایک تاثیر دکھاتا ہے۔ اس واسطے عاملوں
نے انکے خواص اور تاثیرات کے عمل پڑھنا اور تعویذات کا لکھنا اختیار کیا ہے۔ اور زمانۂ
سابق سے تا ایں دم عالموں کا اس پر اتفاق رہا ہے۔

لہٰذا ایک نقشہ ساعتوں کے دریافت کرنے کا بطور دھوپ گھڑی کے ہے
اور دوسرا بطور جدول کے ہے جو درج کتاب ہٰذا ہے۔ نقشہ دریافت کرنے ساعتوں
کا بطور دھوپ گھڑی کے جب آفتاب نکلے ایک لکڑی بارہ انگل کی ہموار
زمین پر روبرو آفتاب کے کھڑی کرے۔ پھر سائے کو دیکھ کر اس نقشے
سے ساعت معلوم کرے۔

(نقشہ صفحہ ۱۲ پر ملاحظہ ہو)

حصہ اول صبح				حصہ دوم بعد میانہ روز			
۱	۴۰	انگل	۱	ساعت	۶	انگل	۷	ساعت
۲	۲۰		۲		۱۰		۸	
۳	۱۵		۳		۱۸		۱۸	
۴	۱۲		۴		۲۰		۰	
۵	۸		۵		۳۶		۱۱	
۶	۴۶		۶		۴۰		۱۲	

اور یہ جدول ساعت نامہ جس کے دیکھنے سے رات دن اور ان کی ساعتوں کی کیفیت معلوم ہوتی ہے۔ اسکو حضرت ابوالعماشر بلخی نے تالیف کیا تھا اور بہ سبب کثرت نقلوں کے اسمیں تفاوت ہوگیا تھا پھر حکیم ابوالعشری نے درست کیا تھا کہ آج تک مروج ہے اب فقیر مولف عفی عنہ نے کتاب مقصود العاشقین اور دیگر بیاضہائے معتبرہ سے صحیح کیا ہے۔ مخفی نہ رہے کہ ساعت ہر ستارے کی ایک گھنٹہ ہوتی ہے۔ جدول ساعت نامہ یہ ہے۔

	پاس اول			پاس دوم			پاس سوم			پاس چہارم		
شب و روز	ساعت ۱	ساعت ۲	ساعت ۳	ساعت ۴	ساعت ۵	ساعت ۶	ساعت ۷	ساعت ۸	ساعت ۹	ساعت ۱۰	ساعت ۱۱	ساعت ۱۲
شب شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
روز شنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
شب یکشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
روز یکشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
شب دوشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
روز دوشنبہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
شب سہ شنبہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری
روز سہ شنبہ	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر

	پاس اول			پاس دوم			پاس سوم			پاس چہارم		
شب و روز	عت ۱	عت ۲	عت ۳	عت ۴	عت ۵	عت ۶	عت ۷	عت ۸	عت ۹	عت ۱۰	عت ۱۱	عت ۱۲
شب چہارشنبہ	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ
روز چہارشنبہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ
شب پنجشنبہ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل
روز پنجشنبہ	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد
شب جمعہ	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس
روز جمعہ	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر	زحل	مشتری

فصل تیسری۔ ستاروں کی نحس و سعد اور اسکی ساعتوں میں تعویذ لکھنے کے بیان میں:۔
جان لو کہ مشتری سعد اکبر ہے۔ اسکی ساعتوں میں تعویذات محبت اور حاضر ہونے غائب اور رفع بیماری کا لکھا جائے۔ اور ستارہ زہرہ سعد اصغر ہے۔ اسکی ساعت میں تعویذ الفت اور زبان بندی اور خواب بندی کا لکھنا چاہئے۔ اور عطارد مشترک ہے۔ اس ساعت میں تعویذات محبت اور خواب بندی اور تیغ بندی وغیرہ کا لکھا جائے۔ اور شمس سعد ہے اسکی ساعت میں بھی تعویذات محبت اور شفائے امراض لکھتے ہیں۔ اور زحل نحس اکبر ہے اسکی ساعت میں تعویذ ہلاکی دشمن کا لکھنا چاہئے۔ اور مریخ سعد اصغر ہے اس ساعت میں تعویذ عبادت و ہلاکی دشمن کیلئے لکھے لیکن طالب کو چاہئے کہ وقت سعد کے کام کرے اور وقت نحس کے کوئی کام نہ کرے کہ انجام کو نہ پہونچے گا۔ نیک ساعت میں جو کام ہوگا اس کا انجام اچھا ہوگا انشاء اللہ تعالےٰ۔

فصل چوتھی۔ بخورات کے بیان میں:۔ جواہر خمسہ اور مقصود العاشقین میں لکھا ہے کہ عامل عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں ان بخورات کا ضرور دھیان رکھے۔ موافق ہر ستارے کے بخور جلائے۔ بخورات مشتری عود اور مشک اور صندل سفید اور کافور اور اسپند۔ بخورات عطارد کافور اور شہد وغیرہ۔ بخورات زحل عود اور لوبان اور رال۔ بخورات مریخ عود اور لوبان۔ اور وقت لکھنے تعویذ اور جلانے فتیلے کے فلفل گرد جلادے۔ اور یہ بخورات بحکم ستارہ معشوق کے کرے

اگر ستارہ عاشق اور معشوق کا ایک ہی ہو تو ایک ہی بخور جلاوے اور بخورات تعویذ البغضیات
رائی اور رال ہے اور واسطے فتیلہ جن اور بھوت وغیرہ کے گوگل اور ہینگ اور سرسوں اور
فلفل گردہ ہے۔ اور بخورات دھونی کو کہتے ہیں۔

فصل پانچویں ستارونکے فالنامے میں

بسبب مناسب مقام کے یہ فالنامہ لکھ دیا ہے۔ جب کسی شخص کو کچھ کیفیت اپنی دریافت
کرنی ہو تو اول آنکھ بند کر کے کلمہ کی انگلی ایک خانہ پر رکھے پھر اپنا حال اشعار مرقومہ ذیل سے
دریافت کرے۔ یہ فالنامہ آزمایا ہوا اور بہت ہی مجرب ہے۔ فالنامہ یہ ہے۔

زحل
قمر
عطارد
زہرہ
شمس
مریخ
مشتری

زحل پر گر پڑی انگشت فی الحال
کوئی تیرا مخالف ہے سیہ رُو
مکدر طبع بھی رہتا ہے لب
مقرر جی بھی گھبراتا ہے اکثر
تو جسکا دوست ہو گا وہ بھی ہیہات
رہے گا چند روز احوال اس طور
تلاش نوکری میں گر ہے حیران

تو سُنلے طالع اختر کا احوال
خبر ہو اسکی تجھ کو یا نہیں ہو
کوئی چاہے جسے ہاتھ آئے وہ کب
کہیں جانے کا دھیان آتا ہے اکثر
کرے ہے دشمنی کی تجھ سے کچھ بات
پھر اسکے بعد ہو گا نقشہ کچھ اور
توقف سے ترا دل ہو گا شاداں

اگر ہے خواہش محبوب و فرزند
بروز پنجشنبہ تیل اور ماش
یقیں ہے یہ کہ گذری اب خوش اوقات
الم جو کچھ کہ ہے جاتا رہے گا
یقیں ہے ہاتھ آوے گا مقرر
اگرچہ ہوگی اب تیری شئے گم
پیادہ پا سے گر ہے بے قراری
اگر انگشت تیری تا بیک دو
نحوست رکھتے ہیں از بسکہ ایام
اک اندیشہ سا ہے کچھ دلکو دن رات
لباس سرخ سے دل ہوگا خوشحال
تو تیری جان سُکھ پاتی رہے گی
کسی نے کر کے کچھ اقرار تجھ سے
کہ یعنے ہاتھ کچھ آئے گی دولت
کسی سے گر ہوتی ہے کچھ لڑائی
کہ تو اس سے ہراساں ہو نہ اب کچھ
پڑے گر مشتری پر تیری انگشت
جو بچھڑا دوست ہو مدت سے تیرا
اگر اولاد کی ہوگی تمنا
غم دُوری سے یا ہے اور کچھ غم
اگر جھگڑا کچھ آپس میں ہوا ہے
بروز پنجشنبہ صدقہ کر کے
بدن میں رہتی ہے گرمی سی اکثر
درون سینہ دل رہتا ہے بیتاب
کسی سے دل یہی چاہے گا لڑے

بدر اس سے ترا دل ہوگا خرسند
تصدق اپنے اوپر کر کے خوش باش
کسی ہو اہل دل سے پھر ملاقات
نہ رنج تنگ دستی تو سہے گا
لباس زعفرانی یا کہ پُر زر
پکڑ آئیں گے وہ سب خود مردم
تو پھر ہاتھ آئے گی اچھی سواری
سوئے مریخ اُٹھے از چوں مہ نو
بگڑ جاتا ہے ہوتے ہوتے ہر کام
غرض ہے نادرستی اب تو اوقات
زقسم سے بافتہ یا اور کچھ مال
جو کچھ تشویش ہے جاتی رہے گی
کیا ایفا نہ وعدہ یار تجھ سے
مرض ہووے تو اس سے ہوگی صحت
بہ مہلت صاف ہو جائے صفائی
ذرا سا عرصہ سے ہاتھ آویگا سب کچھ
تو زر آئے گا تیرے ہاتھ بکیشت
مقرر وہ کرے پھر گھر میں پھیرا
پسر ہووے سعادت مند پیدا
تو پھر کچھ غم نہ کھا ہووے گا خرم
تو ہوگی صلح خطرہ تجھ کو کیا ہے
چنے کی دال اور تو چوب زرد ے
عدو خونخوار ہے کوئی مقرر
بوضع قائم اب کم ہے خور و خواب
نہیں کوئی تو آپ سے بگڑ لے

مگر چندے ابھی تشویش بھی ہے — پھر اس کے بعد تجھ کو خوشدلی ہے
عدس کی دال اورے گوشت سندوُر — دیا منگل کو کرتا ہو نہ رنجور
پڑی اب شمس پر ہی تیری انگشت — ہراساں ہو نہ دھر دانتوں میں انگشت
مگر شدت پہ جس دم آتے ہے یہ — نحوست کام میں کرجاتی ہے یہ
کہیں سے خوشدلی کا آوے پیغام — جو بگڑیں ہوں سنور جائیں وہ ایام
جواہر پا کے بھی دل ہووے شاداں — یہ قسم لعل ہے یا قوت مرجاں
پسر کی دل میں کچھ خواہش اگر ہو — تو فخر خانداں پیدا پسر ہو
یہ سُن تو روز یکشنبہ منگا کر — گیہوں اور دودھ کا صدقہ دیا کر
سواری کو جو چاہے ہے تراجی — ملے گی خنگ گھوڑی یا کہ سفری
کسی نقصان سے غمگین ہو دل — تو ہوگا نفع اس سے افزوں حاصل
کوئی خواجہ سرا ہے یا ہے عورت — کہ ہوویگا کوئی مردوں کی صورت
اگر کچھ کشتکاری تو کرے گا — تو پھر دولت سے تیرا گھر بھرے گا
بروز جمعہ کام یہ تو کیا کر — کہ صدقہ مونگ اور روغن دیا کر
مگر ہوگا توقف سے ہر اک کام — درستی پر بہ مہلت ہوویں ایام
اگر آزار ہے تو غم نہ کھا تو — صحت اس سے ہوویگی کر دوا تو
کہ تجھ پر مرد قابل مہرباں ہو — کہ جسکے گھر میں دولت بھی عیاں ہو
اگر ہے خواہش محبوب تجکو — ملے گا وہ بہ ہر اسلوب تجکو
دیا کر فاختائی پارچہ اور — بروز چارشنبہ مونگ فی الفور
سریع الاثر ہے از بس یہ تارا — ہو جلدی کام تیرا آشکارا
موافق جلد ہوگا اوج تیرا — رہیگا وہ نہ غم جس نے ہے گھیرا
کرے نزلہ اگر بے تاب تجھ کو — بجا ہے کرنی اب احتیاط تجھ کو
اگر ہے آجکل دل کو نہیں کل — ولے کل ہوگی تجھ کو آج ہی کل
ملے گا مہ لقا فرزند کوئی — کہے ہے تجھ کو یہ خورسند کوئی
کہ سلطان الکواکب ہے یہ خورشید — ذرا چاہے ہے تو بر آوے گی اُمید
تعلق گر طبیعت کو کہیں ہو — تو معشوق اپنا اسیر خشمگیں ہو

مخالف مفلسی یا ہووے آزار — خدا چاہے تو سب ہو دفع یکبار
کرے گو نہ بھی راہ تند خوئی — اور اس پر فتح ہو یا سرخروئی
جو آپس میں ہوئی ہو گی لڑائی — یہ مطلب صاف ہو جائے صفائی
جو زہرہ پر تری انگشت آوے — گیا پردیس میں جو ہو گھر آوے
اگر دل پر ہے غم، جاتا رہے گا — خوشی کی بات کوئی آکر کہے گا
جو ہے امراض سے کچھ دل کو آزار — تو صحت اس سے پاویگا اک بار
مقرر اس سے ہو گا نفع حاصل — کر اب شادی نہ غمگیں ہو ترا دل
مطالب جو کہ ہیں سب ہوینگے حاصل — سنور ہو گی تیری سب یہ منزل
عطارد پر پڑے گر تیری انگشت — زر خام ہاتھ آوے تیرے یکمشت
خلش ہو دل کو جس رشک پری بن — تو ہووے گو وصل اُسکا اک نہ اک دن
اگرچہ چند روز ایام ہیں سخت — ولے ہوئیگا رخشاں کوکب بخت
کہ آکر ہاتھ پکڑے گا وہ تیرا — غلط یہ جانیو کہنا نہ میرا
جو کچھ دل میں ہے تیرے اور مطلب — توقف سے وہ حاصل ہوینگے سب
قمر پر گر تیری انگشت آئے — تو تجھ کو عیش اور عشرت دکھائے
نصیبوں میں ہو یکبار ایسی حدت — تعجب کیا کہ ہو جاوے وزارت
کسی درویش کا شاید ہو آنا — بتاوے وہ تجھے چاندی بنانا
کرے سوداگری تو نفع ہووے — مگر کچھ درمیاں میں اپنا کھووے
اگر ہے آرزو فرزند ہو گا — تو اس فرزند سے خورسند ہو گا

یہ سُن لے تو دوشنبہ کو منگا کر
برنج اور کوڑیاں صدقہ دیا کر

فصل چھٹی ۶۔ مہینے قمری اور تاریخوں نحس اور قمر در عقرب کے بیان میں۔ اس فن کے کاملین نے عملیات پڑھنے میں مثل مہینوں شمسی کے قمری مہینوں کی بھی رعایت رکھی ہے۔ چنانچہ ہر مہینے کے تین تین عشرے مقرر کئے ہیں۔ اول عشرہ واسطے کشایش رزق و فتوح کے ہو گا۔ اور دوسرا عشرہ بنا بر محبت اور تسخیر کے۔ تیسرا عشرہ عداوت کے واسطے

ان دونوں کا بھی عامل لحاظ رکھے بنا بر وسعت رزق و تسخیر و شفاء امراض پیر کا دن اور واسطے محبت اور ترقی درجات کے روز جمعرات کا اور بجہت ہلاکی اعداء کے دن ہفتہ کا اور اتوار کا اور منگل کا واسطے زبان بندی کے دن اتوار اور بدھ کا اور ان تاریخوں کا بھی خیال رکھے۔ سفر السعادت اور کتاب حسن الهدیہ میں لکھا ہے کہ حضرت عباسؓ سے منقول ہے کہ ہر مہینے میں سات دن نحس ہیں۔ چنانچہ ان ایام کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے۔ ؎

ہفت روز ے نحس باشد ہر مہے	زو حذر کن تا نیابی ہیچ رنج
سہ و پنج و سیزدہ شانزدہ و بست و یک	یا بست و چہار و بست و پنج

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہے کہ عاقل ان دنوں میں کوئی جدید کام نہ کرے اگر کریگا کام انجام کو نہ پہونچے گا۔ واللہ اعلم۔ اور ہر کار جدید میں قمر اور عقرب کا دھیان ضرور رکھے۔ کسی شاعر نے اس حساب کو بھی نظم کیا ہے۔ اور مؤلف نے بلفظہ مرقوم کیا ہے ؎

ابیات

عقرب اندر ہر مہے دو نیم آرد گراں	ہر کہ کارے تو کند بیند در خطر و زیاں
یازدہ اندر اساڑھ و ہشت اندر ساون است	شش بہ بھادوں ۲۰ باسو یک بہ کاتک امتحاں
بست و ہشت آمد با گھن بست و شش آمد بہ پوس	بست و سہ در ماگھ آمد بست و یک پھاگن بداں
پانزدہ اندر چیت بشمر و شانزدہ بیساکھ گیر	سیزدہ در جیٹھ گیر و این نمیدانی بداں

باب تیسرا۔ اس میں دو فصلیں ہیں

فصل اوّل :۔ معانی اور اعداد ابجد کے بیان میں۔ اکثر رسائل معتبرہ میں لکھا ہے کہ عامل حساب عمل کو دریافت کرے کہ واسطے بنانے نقش کے بہت ضروری ہے اور بغیر دریافت اعداد حروف اکثر امور میں غلطی واقع ہوتی ہے لہٰذا اعداد رقم سے اول معانی ابجد دریافت کرنا چاہئے۔ کتاب منتخب اللغات اور غیاث اللغات میں لکھا ہے کہ مرامر نام ایک مرد تھا کہ لکھنا اُس نے ایجاد کیا ہے اور یہ آٹھ کلمے یعنی ابجد ہوز وغیرہ اس کے آٹھوں بیٹوں کے نام ہیں اور رسالہ ضوابط النجم میں ان آٹھوں کلموں کے معنے لکھے ہیں۔ ابجد آغاز کیا۔ ہوز ملا حطی واقف ہوا۔ کلمن سخن گو ہوا سعفص اس نے سیکھا۔ قرشت ترتیب کیا۔ ثخذ نگاہ رکھا۔ ضظغ تمام کیا

اور نزدیک اہل لغت کے یہی معنی الفاظ کے ہیں۔ اس رسالہ مختصر میں تھوڑی سے لکھ دیئے ہیں۔ جدول ابجد علم جفر سے ہے اس کے سات کلمے ہیں اور ہر کلمے کے چار حروف ہیں اور ہر ایک کا سبعہ سیارہ سے تعلق ہے اور اس میں چار حروف آتشی اور سات بادی ہیں اور سات خاکی۔ ان حروف میں سے جو حروف جس شخص کے سر اسم پڑے اس کا اور اُس کے نام کا تعلق اس ستارے سے ہوگا۔ اور موافق اسکے بخور جلاوے۔ بہت جلدی اثر ہوگا۔

ستارہ	ابجد	ہوزح	طیکل	من	سعفص قرشت ثخذ		ضظغ
سبع	زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
آتشی	ا	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ظ ۷۰۰
بادی	ب ۲	د ۴	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	و ۶	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	ق ۱۰۰	غ ۱۰۰۰ خ ۶۰۰

فصل دوسری

حروف تہجی کے بیان میں۔ عالمان کامگار اور مرشدان نامدار نے فرمایا ہے کہ عامل پر لازم ہے کہ پہلے حروف تہجی کی زکوٰۃ دے بعد جس عمل کو چاہے پڑھے اُس عمل کی تاثیر جلدی ہوگی اور رجعت سے محفوظ رہے گا۔ اور بہت لوگ نادانی سے عمل شروع کرتے ہیں اور زکوٰۃ حروف تہجی کی نہیں دیتے ہیں۔ آخر میں رجعت میں گرفتار ہوتے ہیں یا وہ لوگ اپنی جان سے گذر جاتے ہیں۔ اور رجعت اُس کو کہتے ہیں کہ عمل پڑھنے میں طبیعت بہ سبب کسی بے احتیاطی کے منقلب ہو جائے۔ بعضے کہتے ہیں کہ یہ اٹھائیسوں حروف تہجی نام باریتعالٰے کے ہیں کہ فرشتے ان ناموں سے اللہ تعالٰے کی تسبیح کرتے ہیں اور بزرگی ان کی ظاہر ہے کہ الفاظ قرآن مجید اور سب نام انہیں سے ترتیب پاتے ہیں۔ طریقے ان کی زکوٰۃ کے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ ہر روز چار ہزار چار سو چالیس مرتبہ اٹھائیس دن تک بلا ناغہ با موکل پڑھے۔ اور جب کوئی مہم یا مشکل پیش آوے تو اٹھارہ سو مرتبہ ایک مجلس میں پڑھے انشاء اللہ تعالٰی وہ مشکل دور ہوگی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اسرافیل بحق یاجبرائیل بحق یاب عزرائیل بحق یات میکائیل بحق یاث یاکاکائیل بحق یاج یاتکفیل بحق یاح یامیکائیل بحق یاخ یازرذائیل بحق یادھرائیل بحق یاذ یاامواکیل بحق یاس یااٰئیل بحق یاش یااستجائیل بحق یاض یاعطاکائیل بحق یاض یااسمٰعیل بحق یاط یارائیل بحق یاظ یالیائیل بحق یاع یالوخائیل بحق یاغ یامماکیل بحق یاف یاعطرائیل بحق یاق یاحروزائیل بحق یاک یاطاطائیل بحق یال یاردیائیل بحق یام یاحولائیل بحق یان یاقمائیل بحق یاو تائیل بحق یاہ یااسراکرتائیل بحق یای یاحمکہ کائیل

باب چوتھا ہے۔ اِس میں تین فصلیں ہیں

فصل اوّل :۔ اقسام تعویذات میں اور ان کے فوائد میں۔ تعویذ چار قسم کا ہوتا ہے۔ آتشی۔ بادی۔ آبی۔ خاکی۔ تعویذ آتشی اس کو کہتے ہیں کہ کاغذ یا سفال آب نارسیدہ یا پوست ہرن یا لوح چینی یا جس چیز پر لکھیں اور آگ میں ڈالیں یا نزدیک چولھے کے دفن کر دیں۔ یہ واسطے فتوحات اور خواب بندی کے ہے۔ اور بادی تعویذ یہ ہیں کہ تعویذ لکھ کر درخت یا کسی جگہ بلندی پر لٹکا دیں تاکہ ہوا سے ہلے۔ یہ محبت اور زبان بندی کے لئے ہے۔ اور تعویذ آبی لکھ کر پانی میں مثل دریا یا حوض یا کنوئیں وغیرہ میں ڈالیں یہ خلاصی و تسخیر وغیرہ کے لئے جائز ہے۔ اور تعویذ خاکی یہ ہے کہ نیچے چوکھٹ یا چوراہے یا راستے یا گورستان یا پہاڑ وغیرہ کے دفن کریں اس واسطے یہ تعویذ ہلاکی دشمن کے ہے اور اگر تعویذ آتشی لکھیں تو ان شرطوں کا خیال رکھیں کہ جس وقت یہ تعویذ لکھیں تو منہ طرف مشرق کے ہو اور ایک زانو پر بیٹھیں اور قریب دیگدان یا تنور کے لکھیں۔ اور اگر تعویذ بادی کا لکھیں تو ان باتوں کا خیال رکھیں کہ جس کے واسطے یہ تعویذ لکھے اُس کے نام میں یہ گیارہ حروف نہ ہوں۔ ا، ب، ج، و، د، ق، ھ، ک، ن، ض، ط۔ اور اونچے مکان پر بیٹھ کر لکھے اور کچھ بدن پانی میں ہو۔ اور گزر ہوا کا نہ ہو۔ اور منہ طرف مغرب کے ہو۔ اور اگر

تعویذ آبی لکھے تو کنارہ حوض یا دریا کے بیٹھ کر لکھے اور منھ جانب شمال ہو۔ اگر تعویذ خاکی لکھے تو
ان چاروں شرطوں کا لحاظ رکھے کہ مکان خالی ہو اور جانب جنوب ہو اور کچھ خوشبو مثل
عود کے جلتی ہو اور ایک زانو زمین پر بیٹھے۔

فصل دوسری:۔ تعویذ کے لکھنے کے بیان میں۔ جو کوئی شخص تعویذ لکھے۔ ان ساعات
میں قلم بناوے۔ واسطے زبان بندی اور خواب بندی کے ساعت عطارد میں۔ اور
بجہت تیغ بندی کے ساعت مریخ میں، اور واسطے دشمنی اور جدائی کے ساعت زحل
میں۔ اور واسطے محبت کے ساعت قمر میں۔ اور ترقی رزق کے لئے ساعت زہرہ میں۔
اوقات لکھنے تعویذ کے یہ ہیں:۔ وقت صبح تعویذات محبت اور ترقی رزق کیلئے، وقت
نیم چاشت تعویذ بیماری۔ وقت ظہر تعویذ عداوت۔ درمیان ظہر و عصر تعویذات زبان بندی
وقت نماز عشا تعویذات خواب بندی۔ یہ اوقات تعویذ لکھنے کے حضرت داؤد
سبزپوش ابو القلم غزالی رحمۃ اللہ علیہ سے منقول ہیں۔ اور شرائط لکھنے کے یہ ہیں کہ
جملہ تعویذات کو طہارت بدن اور وضو کر کے لکھے اور لکھنے کے وقت اپنے بدن میں خوشبو
لگاوے اور تعویذ کے شروع سے پہلے ۷۸۶، عدد بسم اللہ کے ہی لکھے۔ اور جب شمس
لکھے تو اول یا حافظ یا حفیظ یا رقیب یا وکیل پڑھ کر دم کرے اپنے اوپر رجعت نہ ہوگی
اور درمیان میں کسی سے کلام نہ کرے اور وقت لکھنے کے سایہ عورت ناپاک اور نامحرم
کا نہ پڑے۔ اگر تعویذ محبت کا لکھے تو عروج ماہ ہو۔ اول قلم ہاتھ میں پھر کاغذ داہنے ران
میں رکھے کوئی شیریں چیز منھ میں رکھے اور شکر چراغ میں ڈالے اور تعویذ مشک
اور زعفران سے پُر کرے تو بہتر ہے اور خیال مطلوب کا دل میں رکھے کہ گویا سامنے موجود
ہے اور منھ طرف خانہ حبیب کے کرے۔ تعویذ محبت کا واسطے حرام کے ہرگز نہ کرے مفاد
اس کا ہرگز ظہور میں نہ آوے گا۔ قاعدہ اگر چاہے کہ مرد عورت سے دوستی کرے نام
عورت کا پہلے اور مرد کا پیچھے لکھے۔ اور اگر چاہے کہ عورت مرد سے محبت کرے نام مرد کا
عورت کے نام سے پہلے لکھے۔ اور تعویذ واسطے بیماری اور سحر کے خوشش وخرم لکھے۔ اور
اگر عداوت کے نام سے پہلے لکھے۔ اول کاغذ بائیں ران پر رکھے۔ پھر قلم ہاتھ میں لے
اور کوئی چیز ترش یا تلخ منھ میں رکھے اور تیل میں تھوڑا سرکہ ملا کر لکھے اور ہینگ جلاوے
اور آخر مہینے میں لکھے بہت جلد فائدہ حاصل ہوگا مگر تعویذ جدائی کا یا عداوت کیواسطے عورت منکوحہ

کے نہ لکھے ورنہ گنہ گار ہو گا۔ اگر تعویذ زبان بندی اور تیغ بندی اور خواب بندی کا لکھے تو تھوڑا موم ضرور منہ میں رکھے اور زبان کو دانتوں میں دبا وے اور جب تعویذ تمام ہو زبان کھول کر المنۃ للہ کہے۔ اور تعویذ زبان بندی شنگرف سے پُر کرے۔ اگر تعویذ تیغ بندی اور خواب بندی وغیرہ کے لکھے تو قلفل گرد منہ میں رکھے اور تعویذ سیاہی سے بھرے۔

فصل تیسری :۔ تعویذ بھرنے کے بیان میں۔ مولانا استاذی عالم ربانی مرتاض حقانی حضرت مولوی نظیر علی صاحب لکھنوی مدظلہٗ اللہ تعالےٰ نے فرمایا ہے کہ قاعدہ پُر کرنے نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس کے نام کا یا آیت کا نقش بھرنا چاہے اس میں جتنے حروف لکھے جاتے ہیں انکے عدد نکال کر اور جو حروف پڑھا جاتا ہے مگر لکھا نہیں جاتا اس کے عدد نہ لے جب عدد اس طرح نکال چکے تب اس میں سے بارہ گرا دے باقی کو تین حصے کر کے ایک حصہ کو پہلے خانہ میں لکھے جیسے حوا۔ اسکے حرف مکتوبی تین ہیں۔ ح، و، ا، ملفوظی چار ہیں۔ ایک ح، دو واؤ اور ایک الف۔ پس مکتوبی کے عدد پندرہ ہیں۔ بارہ گرا دیئے تین باقی رہے اسکے تین حصے کئے۔ ایک ایک حصہ ہوا۔ اسی ایک حصہ کو پہلے خانہ میں لکھا پھر ایک ایک ابہر زیادہ کرکے لکھنا چاہئے۔ اسی طریقے پر کہ پہلا عدد جہاں لکھا اسے شطرنج گھوڑے کی چال پر ہو اور جوتھا عدد اسی خانے میں لکھے جو دوسرے گھوڑے کی چال پر ہو اور چوتھا عدد اسی خانے میں لکھے جو تیسرے رُخ کی چال پر ہو اور پانچواں اس خانے میں لکھے جو چوتھے سے فرزیں کی چال پر ہو اور چھٹا اس خانہ میں لکھے جو پانچویں پر فرزیں کی چال پر ہو اور ساتواں اس خانے میں لکھے جو چھٹے خانہ سے رُخ کی چال پر ہو اور آٹھواں اس خانے میں لکھے جو ساتویں سے گھوڑے کی چال پر ہو اور نواں اس خانہ میں لکھے جو آٹھویں سے پھر گھوڑے کی چال پر ہو۔ پس مثلث کے ساتھ سب پورے خانے ہو گئے مثلاً مثلث میں جب تک بارہ خانے کے اعداد تین پر تقسیم ہوں پھر انہیں مثلث

شعر

دو اسپ و رخ و فرزیں باز رخ گیر
دو اسپ آخر مثلث راست تصویر

فرزیں	ا	اسپ ا
رخ ۷	فرزیں	اسپ ا
اسپ ۹	اسپ ۹	رخ ۴

ایک کتاب معتبر میں نقش مثلث آبی آتشی بادی اور خاکی اور انکے خانہ بھرنے کا طریقہ یوں لکھا ہے کہ آتشی کو پہلے خانہ سے

شروع کرے اور کسرا عداد کو خانہ ۷ اور خانہ ۶ کو ۴ میں اور بادی کو خانہ ۴ سے بھرے اور کسرا ۳ میں اور کسر ۲۔ ۷ اور آبی کو خانہ ۶ سے لکھے کسرا۔ ۴ میں اور کسر ۲۔ ۷ میں بھرے مثلث پورا ہوگا

آتشی

۸	عزرائیل	۶
۳	۵	۷ کسرا
۴ کسرا	۹	۲
	آبی	
۴ کسرا	۳	۸
۹	۵	ہیکائیل
۲	۷ کسرا	۶

بادی

۶	۷	۲ کسرا
اسرافیل	۵	ے
۸	۳ کسرا ۲۱	۴
	خاکی	
۲	۹	۴ کسرا
۷ کسر ۲	۵	۳
۶	جبرائیل	۸

اور مولانا ممدوح نے فرمایا کہ مربع بھرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسی قاعدے سے اعداد نکال کر ان میں سے تین گرادے اور باقی کو چار پر تقسیم کرے اگر پوری تقسیم ہووے تو ایک حصے کو پہلے خانہ میں لکھے۔ مثلاً کل عدد ۴۳ ہیں۔ تقسیم کرنے کے بعد چار بچے چار پر تقسیم کیا پورے تقسیم ہو گئے ایک ایک حصہ ہوا اور ایک کو کون سے خانہ میں لکھا جو دوسرے سے فرزیں کی چال پر ہو اور چوتھا اس خانہ میں جو تیسرے سے اسپ کی چال پر ہو اور پانچواں اس خانہ میں جو چھٹے سے فرزیں کی چال پر، آٹھواں اس خانہ میں جو ساتویں کے اسپ کی چال پر ہو نواں عدد اس خانہ میں جو آٹھویں سے اسپ کی چال پر ہو اور دسواں عدد اس خانہ میں جو آٹھویں سے فیل کی چال پر ہو اور گیارھواں اس خانہ میں جو دوسرے سے فیل کی چال پر ہو اور سولھواں اس خانہ میں پہلے سے فیل کی چال پر ہو سب خانہ نقش کے بھر جاوینگے اور اگر بعد تقسیم کے ایک عدد بچے جیسے ۳۵ ہوں تو ۳۰ کو کم کریں گے بعدہٗ پانچ بچے، پانچ کو چار پر تقسیم کیا تو ایک حصہ ہوا اور ایک بچا جب بھی ایک حصہ کی خانے میں اور لکھتا چلا آوے جب تیرھویں خانے تک پہونچے تو اسمیں ایک عدد بڑھا دے اور اگر

دو عدد بعد تقسیم کے بچے ہوں تو نویں خانے میں ایک عدد زیادہ کر کے لکھے، اور اگر تین بچے ہوں تو پانچویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کر کے لکھے نقش پورا ہو جائیگا۔ مثال یہ ہے۔

پہلی مثال اسکی جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے

۱	۳ پیل کا	۱۱ پیل ۱ کا	۱۸ اسپ
۱۲ پیل ۲ کا	۷ فرزیں	اسپ	۱۳ پیل ۳ کا
۱۶ اسپ	پیل ۸ کا	۱۶ پیل کا	۳ فرزیں
۵ پیل ۲ کا	۲ اسپ	۱۰ پیل ۷ کا	۵ رخ

مثال دوسری جو بعد تقسیم کے ایک عدد بچے

۱	۱۵	۱۱	۸
۱۳	۷	۱۳	۱۲ خانے ۴ بچے
۶	۱۹	۱۷	۳
۱۶	۴	۵	۴

مثال تیسری جب بعد تقسیم کے دو بچیں

۱	۵	۱۲	۸
۲	۷	۲	۱۴
۰	۱۰ خانۂ آتشی	۷	۳
۱۰	۰	۵	۱۱

چوتھی مثال اسکی کہ بعد تقسیم کے تین بچیں

۱	۵	۱۲	۹
۱۳	۸	۳	۲۴
۱۷	۱۰	۱۷	۳
۷	۱۰	۶ خانہ سے خانہ ۵	۱۶

شعر مربع

اسپ و فرزیں اسپ رخ باز اسپ و فرزیں اسپ پیل ٭ داری در مربع ہر طرف دوری پذیر

اور مثلث بھرنے کے بھی یہی طریق ہیں لیکن فقیر نے اسی پر اکتفا کیا کہ طول نہ ہو جائے۔

باب پانچواں ۵ اسمیں عملیات اور تعویذات ہر قسم کے ہیں، اس میں اٹھارہ ۱۸ فصلیں ہیں

فصل اوّل :- عملیات اور تعویذات قضائے حاجات کے بیان میں ہے جب کسی کو حاجت پیش آوے تو یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ لَا اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ

مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۔ عشا کے وقت ستر بار پڑھے۔ اور بعد ظالمین کے اپنا مطلب کہے۔ انشاء اللہ
تعالیٰ درمیان چالیس روز کے مطلب حاصل ہوگا۔ مجرب ہے۔ حضرت شاہ ولی اللہ
رحمۃ اللہ علیہ نے چار باب میں لکھا ہے کہ جو عمل حصول مطلب میں جلالی ہو
یا جمالی ہو بیچ حکم کبریت احمر کے ہے اس کو اسم اعظم شمار کیا ہے۔ وہ لَآ اِلٰهَ سے
مِنَ الظّٰلِمِیْنَ تک ہے۔ حضرت رسول خدا صلعم افضل الانبیا نے فرمایا کہ
یہ دعا ذوالنون مصری کی ہے کہ مچھلی کے پیٹ میں فرمائی جو مسلمان جس مطلب کے
واسطے اس آیت سے دعا کرے گا قبول ہوگی اور یہ حق ہے کہ دعا نہایت ہی مجرب ہے
اور کمال سریع الاثر ہے جس امر میں چاہے اس آیت سے دعا کرے۔ حضرت امام جعفر
صادق نے فرمایا کہ جو کوئی اس آیت کے واسطے جو سوال کرے وہ اللہ جل شانہٗ سے پاوے
اور جو دعا کرے قبول ہو۔ مجھ کو تعجب آتا ہے اس شخص سے کہ بواسطہ اسکے دعا کرے اور قبول
نہ ہو۔ اور مشائخ کا اسکی سرعت تاثیر اور عدم تخلیف پر اجتماع ہے اور طریقے اسکے ختم
کے بہت ہیں مگر آسان طریقے دو ہی ہیں۔ ایک یہ ہے کہ بارہ دن تک بہ نیت حصول
مطلب بارہ ہزار پڑھے اول و آخر درود شریف چند مرتبہ پڑھے۔ دوسرا طریقہ یہ کہ ایک لاکھ
پچیس ہزار بار پڑھے اور اس طریقے کو چالیس دن تک کرے۔ خلاصہ یہ ہے کہ اسکی قوت
اور تاثیر میں فرق نہیں۔ اسواسطے کوئی عمل ایسا نہیں کہ جسکی صحت قرآن مجید اور حدیث
شریف اور اقوال مشائخ سے برابر ثابت نہ ہو۔ ایضاً حضرت مشائخ سے منقول ہے کہ یَا
بَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَا بَدِیْعُ بارہ سو مرتبہ بارہ دن تک بستر طاہر پر بیٹھ کر رجوع
قلب سے پڑھے اور پھر اسی جگہ سو رہے اور قبل پڑھنے کے ہر روز نہاوے اور
گوشت وغیرہ سے پرہیز کرے حصول مدعا اور برآمد حاجات کیلئے مجرب ہے۔ ایضاً جو
کوئی واسطے حصول مطلب کے بکثرت درود شریف پڑھے ہر بلا دور ہو۔ درود شریف کا
عمل نہایت مجرب ہے۔ ہزارہا بزرگوں کا آزمودہ ہے ایضاً ترکیب ختم الصلوٰۃ تنجینا
عروج ماہ میں شب جمعہ کو شروع کرے اور جب پڑھتا ہو اس روز روزہ رکھے اور شام کو
شیر برنج سے افطار کرے اور غسل کرکے کپڑے پاک مثل چادر وغیرہ کے اوڑھے۔ اور
زیر آسمان کھڑا ہو کر ایک مرتبہ پڑھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تین شبنوں میں مطلب حاصل ہوگا۔
یہ واسطے برآمد مطلب کے بہت ہی مجرب ہے درود شریف یہ ہے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی

سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَعَلٰی اٰلِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ صَلٰوۃً تُنْجِیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْاَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّاٰتِ وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ اَعْلَی الدَّرَجَاتِ وَتُبَلِّغُنَا بِھَا اَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیٰوۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ برآمد حاجات کیلئے سوالاکھ مرتبہ ایک مجلس میں ایک آدمی یا کئی آدمی بعدد طاق ہوں آیہ کریمہ ومن یجیب آخر تک پڑھیں جو مشکل پیش آئے گی بہت جلد آسان ہوگی مجرب ہے۔ ایضاً۔ ترکیب ختم خواجگان حضرت خواجہ بہاؤالدین نقشبندی اور بایزید بسطامی اور خواجہ ہمدانی اور خواجہ ابوالحسن خرقانی اور خواجہ عبدالخالق عجدوانی اور خواجہ احمد سوانی اور خواجہ ابوالمنصور اور خواجہ ہمدانی اور خواجہ باباسماہی اور خواجہ محمد نقشبندی اور خواجہ عبداللہ احرار نے فرمایا ہے کہ جو شخص اس ختم شریف کو تین روز تک پڑھے گا خدا ایک ہزار حاجت اسکی اپنے فضل وکرم سے روا فرمادیگا۔ ترکیب ختم یہ ہے کہ اول قدرے شیرینی لے کر الحمد ایک بار اور قل ھواللہ تین بار پڑھ کر ثواب اُس کا خواجگان ممدوح کو بخشے۔ پھر الحمد سات بار اور درود شریف سو بار الم نشرح معہ بسم اللہ سو بار یا اناسی بار پھر قل ھواللہ ایک ہزار اور ایک بار پھر الحمد سات بار اور درود شریف سو مرتبہ سورہ کو سوائے درود کے معہ تسمیہ پڑھے اور لوبان وغیرہ جلاوے بعدہٗ اسمائے یعنی ہر ایک اسم کو ایک سو بار پڑھے۔ یَا قَاضِیَ الْحَاجَاتِ یَا کَافِیَ الْمُھِمَّاتِ یَا رَافِعَ الدَّرَجَاتِ یَا دَافِعَ الْبَلِیَّاتِ یَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ یَا شَافِیَ الْاَمْرَاضِ یَا حَلَّ الْمُشْکِلَاتِ یَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ یَا مُجِیْبَ الدَّعْوَاتِ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ اٰمِیْن۔ اس ختم شریف کو جو وقت چاہے پڑھے مگر بہتر یہ ہے کہ دوشنبہ یا پنجشنبہ یا جمعہ کو شروع کرے۔ اکثر مشائخ نے بعد نماز عصر کے فقیر مؤلف کو پڑھنے کی اجازت دی۔ یہ ختم نہایت مجرب ہے اور برآمد مطلب کیلئے بارہا آزمودہ ہے۔ اور فقیر مؤلف نے بارہا اسکا ورد کیا۔ خدائے تبارک وتعالےٰ نے مشکل آسان کی۔ ایضاً۔ جو شخص جس مطلب کے واسطے سورت یٰسٓ کو ختم کرے گا خداوند کریم اس کی حاجت برلائیگا۔ اور طریقہ اس کا یہ ہے کہ جلسہ میں ایک یا تین یا پانچ یا سات آدمی باہم مل کر سورۃ یٰسٓ ۴۱ بار بخلوص نیت مسجد میں بیٹھ کر پڑھیں اور قبل شروع سورت موصوف کے سو مرتبہ درود شریف پڑھا جاوے۔ یہ عمل اکثر مشائخین رحمۃ اللہ

علیہم سے منقول ہے اور نہایت مجرب ہے اور اہل حاجت کا آزمودہ ہے۔ ایضاً جو کسی شخص کو مشکلات نہایت دشوار پیش آویں تو اس رباعی حضرت شیخ ابوالخیر ابوسعید رحمۃ اللہ علیہ کو اس طرح پڑھے کہ اول وضو کرے اور پھر روبہ قبلہ ہو کر بیٹھے اور شیرینی پر پڑھ کر فاتحہ حضرت ممدوح کی کرے پھر درود شریف کو بعدد طاق پڑھکر رباعی کو ستر بار پڑھے اور اپنے مطلب کا دھیان رکھے۔ ہر مرتبہ بعد رباعی کے ایک بار بحق شیخ ابوالخیر ابوسعید کہے۔ جب موافق تعداد مذکور کے رباعی پڑھ چکے پھر درود شریف پڑھے۔ یہ رباعی اثر یا قاضی الحاجات کا رکھتی ہے اور وہ یہ ہے۔ رباعی

یارب بہ محمد و علیؓ و زہراؓ　　یارب بہ حسنؓ حسینؓ و ہم آل عبا

کز لطف برآر حاجتم ہر دوسرا　　بے منت یا علے الاطلاق

ایضاً۔ یہ نقش تمام اعداد قرآن شریف کا ہے۔ ایک بزرگ نے مؤلف کو فرمایا ہے کہ یہ واسطے برآمد جمیع مطالب کے مفید ہے اس کی زکوٰۃ کے طریقے بہت ہیں۔ لیکن سہل طریقہ ہے کہ اس نقش متبرک کو ہر روز پانچ چلہ تک تین سو اکیاون بار حسب اعداد لفظ قرآن شریف کے لکھ کر تین گولیاں بنا کر دریا میں ڈالا کرے۔ انشاء اللہ تعالیٰ بعد ختم چلہ کے یہ نقش عمل میں آوے گا۔ زہے نصیب اسکے جس کے عمل میں یہ نقش آوے پھر کسی عمل کی اس کو ضرورت نہ رہے کہ ہر ایک نقش ایک اسم کا ہوتا ہے پس کیسا عمدہ ہوتا ہے اور کیا کیا مطلب برآری ہوتی ہے۔ برخلاف اسکے کہ یہ اکثر اسمائے نقش ہے پس کیونکر کوئی اس سے محروم رہیگا جب کوئی مہم یا کسی طرح کی حاجت پیش آوے اس نقش کو دو ہزار پچاس بار موافق اعداد اللہ کافی المہمات و قاضی الحاجات لکھ کر آٹے میں گولی بنا دے اور دریا میں ڈالے مجرب ہے نقش وہ یہ ہے

۹۱۴۲۲۶	۲۰۹۲۳۲۵	۹۲۲۲۳۳۴	۹۰۲۱۲۱۸
۹۰۲۲۳۱۴	۹۰۲۲۱۷	۹۰۲۲۳۱۲	۹۰۲۳۳۱۳
۹۰۲۲۳۱۶	۹۰۲۲۳۲۰	۹۰۲۲۳۱۳	۹۰۲۲۳۱۳
۹۰۲۲۳۱۶	۹۰۲۲۳۱۳	۹۰۲۲۳۵	۹۰۳۲۲۱

ایضاً۔ ترکیب نقش سورۂ اخلاص کی یہ ہے کہ جمعرات کے دن عروج ماہ میں اور تاریخ طاق میں روزہ رکھے اور پھر رات کو ہی غسل کرے اور شیرینی پر فاتحہ موکل کی دیوے۔ اور عود واسطے خوشبو کے جلاوے اور اول آخر درود شریف چودہ چودہ بار بحق جبرائیلؑ یا ص ۸۶، غ ض س ق بحق یا میکائیل اور سورۂ اخلاص چار سو

بار پڑھ کے اس نقش کو لکھے۔ انشاء اللہ تعالیٰ جس مطلب کے واسطے لکھے گا حاجت بر آوے گی۔

قل	هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد
هو	الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم
الله	احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد
احد	الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم
الله	الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن
الصمد	لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لهٗ
لم	یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لهٗ	کفواً
یلد	ولم	یولد	ولم	یکن	لهٗ	کفواً	احد

ایضاً۔ جب کوئی کسی کو حاجت پیش آوے۔ آیت قطب کو پڑھے، خواص اسکے بہت ہیں۔ لیکن چند خواص میں لکھتا ہوں۔ اول یہ کہ جو مہم پیش آوے چالیس بار ہر روز بلا ناغہ چالیس روز تک پڑھے۔ اور دوسرے یہ ہے کہ واسطے ہلاکی ظالم کے

بحق یا دردائیل ۷۸۶ بحق یا اسرائیل

اکیس روز تک پڑھے اور تیسرے یہ ہے کہ بجہت دفع غم انتیس روز تک انتیس بار پڑھے چوتھے واسطے غمناکی کے ہر روز دس بار پڑھا کرے اور پانچویں بجہت دفع تپ ولرزہ کے چینی کی رکابی پر لکھ کر بیمار کو پلا دے اور چھٹے بجہت سلامتی عیال واطفال اور مال وغیرہ کے ہر روز پانچ مرتبہ پڑھے اور واسطے دفع بیماری اور نظر بد کے اور سحر کے اس آیۂ کریمہ کو لکھ کر گلے میں ڈالے۔

سورۂ فاتحہ کو واسطے جمیع حاجتوں کے اکتالیس روز تک ۲۳۲ بار یہ نقش ہر روز لکھ کر آٹے میں گولی بنا کر دریا میں ڈالے مدعا حاصل ہوگا۔

۸	۳۶۷۰	۳۰۷۲	۴۸۵	۵۵۱۵	۵۵۳۸	۳۵۴۵	۵۵۲۱
۲۶۷	۷	۲۰	۳۶۷۷	۵۵۴۶	۵۵۵۱	۵۵۲۶	۵۵۳۷
۶	۷۷۱۴۳	۳۶۷۷	۳۶۲۰	۵۵۴۰	۵۵۵۱	۵۵۱۵	۵۸۷۲
۴۲۷۹	۴	۵	۴۴۷۱	۵۵۲۰	۵۵۲۰	۵۵۲۹	۵۵۶۱

اور واسطے شفا امراض کے کاغذ یا چینی کی رکابی پر لکھ کر مریض کو دھو کر پلا دے۔

فصل دوسری۔ عملیات وتعویذات وسعت رزق کے بیان میں۔ جو کوئی شخص وسعت رزق اور طلب جاہ اور عزت کیلئے اس آیت کو ایک ہزار بار توجہ دلی سے پڑھے رزق اس کا غیب سے وسیع ہو اور وہ آیۂ کریمہ یہ ہے۔ اَللّٰهُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِهٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَاءُ وَهُوَ الْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ۔

اگر کوئی شخص وقت چاشت کے چار رکعتیں بہ نیت چاشت پڑھے پہلی رکعت میں بعد
الحمد کے سورۃ والشمس پڑھے اور دوسری رکعت میں سورۃ واللیل تیسری رکعت میں
سورۃ والضحیٰ چوتھی رکعت میں سورۃ الم نشرح پھر سلام پھیر لے اور گیارہ بار درود شریف
پڑھے پھر پندرہ بار اذا جاء اور بعد اسکے پانچ سو بار یا باسط پڑھے اور پھر سجدہ کرے
اور ہاتھ مثل دعا مانگنے کے پھیلا دے اور وقت دعا پندرہ بار کہے یَا بَاسِطَ الَّذِیْ
یَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ یَّشَاءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ۔ اور سجدے سے سر اٹھا کر گیارہ بار درود شریف
پڑھے۔ اس عمل کو چالیس روز برابر پڑھے اور بروز پنجشنبہ عروج ماہ میں شروع کرے نہایت
مجرب ہے۔ ایضاً۔ خواجہ بہاؤ الدین قدس سرہٗ سے منقول ہے کہ جو کوئی سورۃ الم ترکیف
بعد نماز ظہر کے اکیس مرتبہ پڑھے گا رزق غیب سے پاویگا۔ ایضاً۔ واسطے فتوحات کے
چاہیے کہ ماہ صفر کے آخر چہار شنبہ کے دن شروع کرے اور بعد ہر مہینے کے چہار شنبہ کے
دن دریا یا حوض میں غسل کر کے پھر کھڑے ہوکر اسی بار یا باسط پڑھے یہ سہل طریقہ ہے۔ اور
بزرگان طریقت سے اور بھی طریقے منقول ہیں۔ اس رسالہ میں بسبب طوالت کے
نہیں لکھے ہیں۔ ایضاً۔ واسطے ترقی رزق اور جمعیت ظاہری اور باطنی کے عروج ماہ
میں جمعرات کے دن روزہ رکھے اور بعد نماز فجر کے غسل کرے اور دو رکعت بہ نیت صلوٰۃ
الحاجات پڑھے اور ہر رکعت میں بعد الحمد کے آیۃ الکرسی ایک بار اور سورۃ اذا جاء پچیس بار
پڑھ کر سلام پھیرے اور درود شریف تین سو بار اور پھر تمجید پڑھے اور ایک سو چالیس
بار اسم یا وہاب پڑھے اور روزہ دودھ چاولوں سے افطار کرے علیٰ ہذا القیاس چالیس
جمعرات تک یہ عمل اور بعد ختم عمل کے ہر روز بعد نماز عشاء کے ایکہزار چار سو بار پڑھا کرے
اور ہر روز بہ وقت پڑھنے کے ایک تہبند باندھا کرے اور اس تہبند کو دوسرے کام میں نہ
لاوے۔ ایضاً۔ اسم یا غنی ایکہزار ایکسو بار ہر نماز کے بعد اور اکتالیس بار سورۃ مزمل پڑھے
اور اگر ممکن نہ ہو تو سورۃ مذکور کو جو کوئی گیارہ بار پڑھے غنی ہو جاوے اور پھر کبھی محتاج نہ ہو مجرب
ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی سورۃ واقعہ کو ہر شب صرف ایک بار پڑھے ہرگز رنج فاقہ نہ اٹھائے
اور چند ہی روز میں بہ فضل خدا غنی ہو جائے۔ ایضاً۔ واسطے کشائش رزق اور دفع
محتاجی کے اس نقش کو نگینہ پر کھدوا کر اپنے پاس رکھے مجرب ہے۔ اهل ان کانت
تسقھتها اات هرف الیها۔ ترکیب ختم بسم اللہ کی یہ ہے اول شرف

آفتاب میں ہر دو نقش بسم اللہ باطہارت لکھے اور ہر روز سات سو چھیاسی بار کہ عدد بسم اللہ کے ہیں سات دن تک پڑھے جو مشکل ہو گی آسان ہو گی اور ہر روز بعد درود کے ایک سو تین بار اگر پڑھے مستجاب الدعوات اور متوسع رزق ہو گا اور کوئی شخص اس پر غالب نہیں ہو گا اور کشائش رزق ہر روز زیادہ ہو گی اور اس مربع کو ہر روز باطہارت اپنے پاس رکھے اور خوشبو سے معطر رکھے۔ اس نقش کے بہت سے فائدے ہیں مگر اس مختصر رسالے میں بسبب طول کے نہیں لکھے۔ کسی شاعر نے خوب کہا ہے ؎

فرد خوش بگو اے یار بسم اللہ　　　　ہر چہ می خواہی ز بسم اللہ بخواہ

جو چاہے کہ دو مربع لکھے ایک مقمر اور ایک مظہر، پشت مضمر پر لکھے صورت مربع یہ ہے۔

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

۱۸۹	۳۰۲	۱۹۹	۱۹۶
۲۰۰	۱۹۵	۱۹۰	۳۰۱
۱۹۳	۱۹۷	۳۰۳	۱۹۱
۳۰۳	۱۹۲	۱۹۳	۱۹۸

ایضاً۔ جان تو کہ تمام قرآن مجید میں ایک سو تیرہ بسم اللہ ہیں اور جملہ حروف انکے دو ہزار ایک سو بینتالیس ہیں اور کل اعداد انکے اٹھاسی ہزار آٹھ سو ہیں۔ نقش انکا لکھ کر اپنے پاس رکھے ترقی رزق ہووے اور بیمار باندھے تو شفا پاوے۔ اگر صدق دل سے ہر روز صبح کو دیکھے گا عزیز خلائق ہو گا۔ اور اسناد اسکے بہت ہیں۔ اس مختصر میں گنجائش نہیں۔ نقش یہ ہے۔

۲۲۱۹۸	۲۳۳۰۷	۲۳۰۷
۲۲۳۰۸	۲۳۳۰۲	۲۲۱۹۴
۲۲۳۳	۲۲۳۰۵	۲۲۲۱۴
۲۲۳۶	۲۲۲۷	۲۲۳۱۱

۲۲۰۴	۷	۱۱	۱۲	۲۱
۲۲۲۰۹	۱۴	۱	۸	۱۱
۲۲۱۵۱	۲	۱۵	۱۱	۵
۲۲۳۱۰	۱	۶	۴	۱۶

ایضاً۔ وسعت رزق میں اس نقش کو لکھ کر دیوار پر لگاوے دیکھو صفحہ ۲۸ پر۔

ایضاً۔ جس دوکان پر سودا کم بکتا ہو۔ اس نقش کو لکھ کر دوکان پر لگاوے۔ وہ نقش

ہے۔

ایضاً۔ جوکوئی اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے رزاق مطلق اسکو غیب سے روزی عنایت کرے اور ہر روز ترقی ہو۔ وہ نقش یہ ہے

۷۸۶

۶۹	۸۲	۸۰	۷۶
۸۱	۷۵	۷۶	۸۱
۷۴	۷۸	۷۵	۷۱
۸۴	۷۲	۷۲	۷۹

۱	۶	۶	۲	۶	۳	۷
۳	۶	۲	ء	۲	۳	۲
۶	۶	۱	۶	۲	۶	۱
۷	۳	۲	۶	۷	۲	۳
۲	۴	۶	۶	۳	۷	۷
۶	۲	۶	۶	۶	۳	۲
۲	۴	۶	ء	۲	۶	رو

ایضاً۔ طریقے زکوٰۃ اسمائے حسنےٰ کے بہت ہیں لیکن سہل طریقہ یہ ہے کہ تمام اسمائے شریف کو ہر روز ترانوے ۹۳ روز تک بخلوص نیت پڑھے اور ہر اسم شریف میں لفظ یا کو ملاوے اور گوشت وغیرہ سے پرہیز کریں۔ زکوٰۃ تمام ہوئی۔ اور یہ واسطے کشایش رزق کے مفید ہے۔ جوکوئی اس نقش کو معہ نودونہ نام باریتعالیٰ کے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا رزق اس کو غیب سے ملیگا۔ اور عزیز خلائق ہوگا۔ وہ جدول ہے۔

۶۹	۸۲	۸۰	۷۶
۸۱	۷۱	۷۶	۸۱
۷۴	۷۸	۷۵	۷۱
۴۸	۷۲	۷۲	۷۹

اسمائے حسنیٰ ومروجہ معتبرہ بحساب اب د درج رسالہ ہٰذا سے آمیں لکھا ہے۔

حرف ابجد	اسمائے حسنےٰ	اوراد	معنے	خاصیت	تعداد درود	نتائج	طبائع	بخور	بروج	منازل	کواکب	جن	موکل
ا	الله	۳۶	خدا	جلالی	۱۰۰۰	مودت	گرم	عود سیاہ	حمل	شرطین	زحل	نیموش	اسرافیل
ب	باقی	۱۱۳۸	ہمیشہ رہنے والا	جمالی	۱۰۰	محبت	رطب	شکر	جوزہ	بطین	مشتری	وینوش	جبرائیل
ج	جامع	۱۱۴	جمع کرنیوالا	مشترک	۷۰	〃	یابس	دارچینی	سرطان	ثریا	مریخ	تونوش	میکائیل
د	دیان	۶۵	معاف کرنیوالا	جلالی	۴۲	عداوت	گرم	صندل سفید	حمل	نقعہ	زہرہ	ہوش	دردائیل
ہ	ہادی	۶۰	راہ دکھانیوالا	جمالی	۱۰۰	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃
و	ولی	۴۶	دوست اور مدد	〃	۲۰۰	محبت	رطب	کافور	جوزا	〃	عطارد	یولوش	اتمائیل
ز	زاکی	۳۷	پاک کرنیوالا	مشترک	۷۱	〃	خشک	شہد	سرطان	وذراع		کاوش	زکائیل

[illegible]	اسمائے الٰہی	اعداد	معانی	[illegible]	تعداد ورد	تاثیرات	طبائع	بخور	بروج	منازل	سیارے	جن	موکل
ح	حق	۱۰۸	خداوند	مشترک	۳۰۰	بغض	تر	زعفران	جدی	نثرہ	زحل	عبوش	عکفیل
ط	طاہر	۲۱۹	پاک کرنے والا	جلالی	۷۲	عقد شہوت	گرم	مشک	حمل	طرفہ	مشتری	مربوش	اسماعیل
ي	یٰسین	۱۳۰	بزرگ	جمالی	۱۰۰	فتح زحل	خشک	گل سرخ	میزان	عبیہ	مریخ	مہربوش	مہراکائیل
ک	کافی	۱۱۱	کفایت کرنے والا	"	۲۰۰	محبت	تر	"	عقرب	زہرہ	شمس	قدیوس	اوائیل
ل	لطیف	۱۲۹	باریک بین	"	۷۲	جدائی	بارد	شب بوئے	ثور	عرفہ	زہرہ	عدیوش	طاطائیل
م	ملک	۹۰	حقیقی بادشاہ	"	۹۰	محبت	گرم	آبی	اسد	عوار	عطارد	یکیوش	دریائیل
ن	نور	۲۵۶	روشن کرنے والا	"	۷۲	بغض	تر	سنبل	میزان	مساک	قمر	ولیبوش	جولائیل
س	سمیع	۱۸	سننے والا	مشترک	۵۰۰	عقد شہوت	خشک	مرکب خوشبو	قوس	نظرا	زحل	بغیوش	ہموائیل
ع	اعلیٰ	۱۹۰	بلند مرتبہ	جلالی	۲۰۰	تونگری	سرد	فلفل سفید	سنبل	زبانا	مشتری	قلیبوش	لوعائیل
ف	فتاح	۴۷۹	کھولنے والا	جمالی	۷۲	عداوت	گرم	جوز	اسد	اکلیل	مریخ	یعطیوش	حمائیل
ص	صمد	۱۳۴	بے پروا	جلالی	۲۰۰	الفت	تر	بسار	میزان	قلب	شمس	کلایوش	بجمائیل
ق	قادر	۳۰۵	قدرت والا	مشترک	۳۰۰	عقد شہوت	خشک	ترنج	حوت	شولہ	زہرہ	شمیوش	عطرائیل
ر	رب	۲۰۲	پروردگار	جلالی	۷۲	مودت	سرد	گلاب	سنبلہ	لائذ	عطارد	ہوش	ہوائیل
ش	شفیع	۴۶۰	شفاعت کرنے والا	"	۳۰۰	عداوت	گرم	عود سفید	عقرب	بدعہ	قمر	ایشوش	ہمرائیل
ت	تواب	۴۰۹	توبہ قبول کرنے والا	جمالی	۳۰۰	عقد نوم	تر	عنبر	دلو	سعد ذابح	مشتری	ایبوش	عزرائیل
ث	ثابت	۹۰۲	قائم رہنے والا	جلالی	۴۰۰	بغض	خشک	عود سفید	حوت	سعد بلع	مریخ	طمیوش	میکائیل
خ	خالق	۷۳۱	پیدا کرنے والا	مشترک	۷۰۰	محبت	سرد	بنفشہ	جدی	سعد السعود	زحل	دلایوش	"
ذ	ذاکر	۹۳۱	یاد کرنے والا	"	۷۹	بغض	گرم	ریحان	قوس	ماقبہ	شمس	ایکایوش	برطائیل
ض	ضار	۱۰۱	ضرر پہنچانے والا	جلالی	۷۲	"	"	[illegible]	دلو	مقدم	زہرہ	عایوش	عطوکائیل
ظ	ظاہر	۱۱۰۶	آشکارا	"	۲۵	عداوت	خشک	[illegible]	حوت	موخر	عطارد	عفرویوش	نونائیل
غ	غفور	۱۲۸۶	بہت بخشنے والا	جمالی	۳۰۰	امراض صحت	"	قرنفل	"	رسا	قمر	غرنویوش	یوخائیل

13A

فصل تیسری۔ حُب عملیات اور تعویذات میں۔ حضرت مولانا مولوی محمد اصغر قدس سرہٗ نے پنج مجربات میں لکھا ہے کہ جو کوئی شخص کسی کو عاشق اور دیوانہ بنانا چاہے بروز جمعہ عروج ماہ میں اس عمل کو شروع کرے۔ ہر روز چالیس بار چالیس روز تک پڑھے۔ ازابتدا تاانتہا مطلوب کا دھیان رکھے گویا سامنے موجود ہے یہ عمل واسطے حب کے سریع التاثیر ہے بشرطیکہ نیت حرام کی نہ ہو انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلدی مطلب حاصل ہوگا۔ اور گوشت وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔ وہ عمل یہ ہے۔
بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ اِلٰھِیْ بِحُرْمَتِ مِیْکَائِیْلَ وَجِبْرَائِیْلَ وَاِسْرَافِیْلَ وَ تَوْرِیْتِ مُوْسٰی وَاِنْجِیْلِ عِیْسٰی وَفُرْقَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔

14 (A)

ایضًا۔ جو کوئی چالیس روز تک بعد نماز پنجگانہ کے سورہ وَاللَّیْلِ کو ایک سو بار ایک دانہ فلفل سفید پڑھ کر جلائیگا اگر اس کا مطلب سو کوس پر ہوگا بہت جلد حاضر ہوگا۔ ایضًا۔ جو کوئی چاہے کہ فلاں شخص فلاں شخص کا مطیع ہو۔ سات کیلیں آہنی کہ ہر ایک بمقدار انگشت ہووے کر ہر ایک پر ایک بار سورہ یٰسٓ بہ نیت محبت پڑھے اور دم کرے اور کہے کہ سوختم دل وجان فلاں بن فلاں اور بجائے فلاں نام مطلوب کا اور بجائے بن فلاں کے نام اس کی ماں کا لے اور ان کیلوں کو چولھے میں گاڑے اور آگ جلاوے جب وہ کیلیں گرم ہونگی مطلوب دیوانہ ہو کر حاضر ہوگا۔

15

ایضًا۔ جو کوئی چاہے کہ کسی کو اپنے عشق میں مبتلا کرے اس آیت کو آیتِ محبت کہتے ہیں۔ چودہ مرتبہ شب جمعہ کو پڑھے اور شیرینی یا میوہ جو چیز کہ مطلوب کو پسند ہو اس پر دم کرے اور جس کو وہ کھلاوے وہ بیشک عاشق ہوگا۔ دوسری ترکیب یہ ہے کہ ہر روز چالیس مرتبہ شیرینی یا اور کسی پر دم کر کے کھلاوے تو انواع انواع یعنی طرح طرح کے فائدے اٹھائے گا۔ وہ آیت یہ ہے۔ یُحِبُّوْنَھُمْ کَحُبِّ اللّٰہِ وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ۔ دیگر اس طلسم کو نیچ وقت سعد کے لکھے اور اس کو جانب شرق مطلوب کے گھر میں لٹکاوے تاکہ ہوا اسکو ہلاوے وہ یہ ہے۔

ع ۹۹۹ م ۲۱۱۷۷ ۹۳ ۱۲۳۰ ۵۸

16

ایضًا۔ واسطے محبت کے اس عزیمت کو مرغ کے انڈے پر لکھ کر آگ میں دفن کرے مثل کتے کے طالب کے پیچھے پھرے گا۔
write on egg + place in fire

اسم وہ عزیمت یہ ہے۔ ۱۳۲۱۱۱۳۲۲ فلاں بن فلاں علیٰ حب فلاں الساعتہ الساعتہ الوجا الوجا العجل العجل العجل۔

ایضاً۔ واسطے محبت کے اس آیت کو پان پر لکھے یا دم کرکے جس کو کھلاویگا وہ اس پر دیوانہ ہوگا۔ فَسَیَکْفِیْکَھُمُ اللہُ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔ ایضاً۔ خاک زیر پائے مطلوب اپنے بائیں پیر کی خاک لے کر اس آیت کو سات بار پڑھے اور خاک کو کپڑے میں دبا کر طالب اپنے پیر سے دباوے انشاء اللہ تعالیٰ مطلوب بہت جلد دیوانہ ہوگا اور پابرہنہ دن کو حاضر ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے۔ ھو الذي خلق السموات والارض في ستہ ایام

ایضاً۔ اس نقش کو مٹی کے پیالے پر لکھے اور اسکو پانی میں ڈالے اور یہ عمل سات دن تک کرتا رہے انشاء اللہ تعالیٰ دشمن دوست ہو جائیگا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

جبرائیل | میکائیل

اذا زلزلت الارض
زلزالہا واخرجت الارض اثقالہا وقال الانسان
مالہا یومئذ تحدث اخبارہا البوطا البعل البعل
الساعۃ الساعۃ الساعۃ

عزرائیل | اسرافیل

ایضاً۔ جو کوئی اس تعویذ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا جس شخص کے پاس جاوے گا وہ اس کی عزت کرے گا۔ اور ہر ایک کے دل میں اسکی محبت ہوگی۔

۷۸۶

۱۹	۲۹	۷۶	۷۳
۲۷	۲۲	۱۷	۲۸
۲۱	۱۴	۳۱	۳۸
۳۰	۱۹	۲۰	۲۵

ایضاً۔ واسطے حب کے یہ نقش سورۃ اخلاص کا چار طرح پُر کیا جاتا ہے۔ اول یہ کہ لکھ کر انار کے درخت پر لٹکا دے جب ہوا سے ہلیگا مطلوب فرطِ محبت سے بیقرار ہوگا۔ دوسرے یہ کہ صحرا میں دفن کرے۔ تیسرے یہ کہ اس نقش کو گیہوں کے آٹے میں گولی بنا کر علی الصباح اکیس عدد دریا میں ڈالے۔ چوتھے یہ کہ اس نقش کو لکھ کر فتیلہ کرے اور منھ فتیلہ کا خانہ مطلوب کی جانب کرکے اکیس روز بلاناغہ روشن کیا کرے۔ مطلوب بے قرار ہوگا۔ مجرب ہے۔

قل	ھو	اللہ	احد
اللہ	الصمد	لم	یلد
ولم	یو	لد	ولم
یکن	لہ	کفوا	احد

ایضاً۔ واسطے حب کے اس نقش کو لکھ کر مطلوب کے گھر میں دفن کرے۔ محبت پیدا ہوگی۔ وہ نقش یہ ہے۔ ایضاً۔ واسطے حب کے اس نقش کو فتیلہ بنا کر روغن کنجد میں جلاوے۔ انشاء اللہ تعالیٰ تھوڑے دنوں میں حاضر ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۵	۶	۱۵	۱۰
۱۹	۶	۱۹	۱۱
۸	۱۲	۱۸	۷

ایضاً۔ اس نقش کو کورے سکورے پر یا نعل اسپ پر لکھ کر آگ میں ڈالیں فلاں علی حب فلاں بن فلاں عاشق شود لکھ دے اور بجائے فلاں بن فلاں کے نام طالب اور مطلوب اور اس کا اور اسکی ماں کا لکھے۔ وہ یہ ہے۔

۱۱۹۰۳۶۵۲۲۳۸۱۱۹۱۱۱۱۱۰   سے ۲۶   ۱۹۳۶۵۲۲۳۱۱۱۹۱۱۱۱۱ سے   ۱۹۲۹۰۱۱۹۰۳۰۳۸۱۱۷۱۱۵۵۵

ایضاً۔ جب کسی شخص میں باہم کھٹ پٹ ہو جائے۔ جلد اس نقش کو ساعت نیک میں مشکی گھوڑے کی نعل پر کندہ کر کے آگ میں ڈالے مطلوب بے قرار ہو کر حاضر ہوگا۔

نقش یہ ہے

۱۹	۸	۱	۱۴
۲	۱۳	۱۲	۷
۶	۱	۶	۹
۵	۱۰	۱۸	۴

فصل چوتھی۔ عملیات اور تعویذات لبغض میں

اخی مکرم حضرت مولانا مولوی اصغر رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا ہے کہ سات کنکری نمک سانبھر کی لے کر ایک ایک کنکری پر اس آیت شریف کو مع بسم اللہ پڑھے اور دم کرے اولم یرالانسان اناخلقنٰہ من نطفۃ فاذا ھو خصیم مبین ۔ پھر آگ میں ڈالے عداوت عظیم پیدا ہوگی۔

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ دو شخصوں میں عداوت ہو والقینا بینھما العداوۃ والبغضاء الیٰ یوم القیٰمۃ بعد ہر نماز کے ستر بار پڑھے اور بعد ہر دہائی کے نام اس شخص کا لے۔

ایضاً۔ اگر کوئی شخص چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے عداوت ہو جائے تو کپڑا پہنا ہوا اس شخص کا لیکر یہ نقش لکھے اور آگ میں ڈالے اور نام اس شخص کا اور اسکی ماں کا لکھے۔ وہ نقش یہ ہے

۸۸۸۸۸۸۸ عسہ

لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم

ایضاً۔ اگر کوئی چاہے کہ درمیان دو شخصوں کے جدائی پیدا ہو چالیس روز تک ایک ایک سنگریزہ سفید پر اِنَّا اَعْطَیْنٰا پڑھکر دم کرے اور سنگریزہ مذکور اسکے گھر میں ڈالدے۔ جدائی ہو۔ ایضاً واسطے عداوت کے یہ ختم مجرب ہے بعض بزرگوں نے فقیر مولف کو اجازت دیدی ہے کہ سورہ یٰسٓ کو اسطور پر کہ اول اکتالیس بار سورہ فاتحہ پڑھے پھر سورہ یٰسٓ شروع کرے جب لفظ مبین اول پر پہونچے کہے کہ سورہ یٰسٓ اور اس آیت کو پڑھے دابر القوم الذین والحمد للّٰہ رب العالمین اور ہتھیلی زمین پر مارے اور نام اسکا لیوے اور تین بار آمین کہے اور ابتدائے سورۃ سے شروع کرے اور جب دوسری مبین پر پہنچے موافق پہلی دفعہ کے کرے۔ یہانتک کہ سورہ مذکور تمام کرے اور اول و آخر اس عمل کے یہ درود شریف پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ سَیِّدِ الْقَاھِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَاءِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ۔ ایضاً واسطے خرابی دشمن کے اس طلسم کو لکھ کر دشمن کے گھر میں دفن کرے وہ یہ ہے۔

۱۲۱ ۱۳۱ ۱۱۵۱ ۷ ۹۹
۱۱۰ ۱۱ ۱۲ ع ۲ ۲ درم

ایضاً واسطے ہلاکی دشمن کے نقش سورہ تبت یدا کو کوری اینٹ پر ہر روز چالیس روز تک لکھے اور نیچے نقش کے لکھدے کہ بنام فلاں بن فلاں بجائے فلاں کے نام دشمن کا اور بجائے فلاں بن فلاں نام اسکے باپ کا یا ماں کا لکھے

حبل من مسد	فی جیدہا	حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارا	سیصلے	وماکسب
فی جیدہا	حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلے	وماکسب	عنہ مالہ
حمالۃ الحطب	وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلے	وماکسب	عنہ مالہ	ما اغنی
وامراتہ	ذات لہب	نارًا	سیصلے	وماکسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب
ذات لہب	نارًا	سیصلے	وماکسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	تب
نارًا	سیصلے	وماکسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب	ابی
سیصلے	وماکسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب	ابی	یدا
وماکسب	عنہ مالہ	ما اغنی	وتب	لہب	ابی	یدا	تبت

اور اینٹ مذکور کو کنوئیں میں ڈالدے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلد دشمن خراب ہوگا یا مرجائیگا مجرب ہے وہ نقش مکرم یہی اوپر والا ہے۔

ایضاً۔ واسطے خرابی دشمن کے اس نقش مکرم کو زمین میں دفن کرے وہ یہ ہے .... ←

۵۶	۵۹	۳۰	۲۳
۳۹	۲۳	۸۵	۳۰
۳۰	۲۲	۸۷	۵۳
۵۸	۵۴	۲۶	۲۱

ایضاً۔ اس نقش کو تین روز تک لکھ کر پانی میں گھولکر جس شخص کو پلا دیگا اسکا پھر جاویگا اور قبل پلانے کے ستر بار کہے والقینا بینھم العداوۃ والبغضاء الی یوم القیٰمۃ

فصل ۵۔ زبان بندی میں۔ ایک دھاگہ لڑکی نابالغہ سے کتوا کر اس پر سورہ یٰسین تین بار پڑھے اور ہر مبین پر گرہ دے اور وقت گرہ دینے کے زبان دانتوں میں دباوے اور اس دھاگے کو دشمن کی چوکھٹ کے نیچے دفن کرے

یا ہاروت فلاں بن فلاں

دشمن کا منھ بند ہو جائیگا۔ **ایضاً۔** اس آیت کریمہ کو ایک ہزار بار پڑھے۔ اللّٰہ لطیف بعبادہ یرزق من یشاء وھو القوی العزیز ۔ **ایضاً۔** زبان بندی کا یہ عمل مجرب ہے۔ **ایضاً۔** اس آیت کو لکھ کر بھاری پتھر کے نیچے دبا دے۔ فسیکفیکھم اللّٰہ وھو السمیع العلیم صم بکم فھم لا ینطقون ۔ اس طلسم کو نیچے زبان کے رکھے ۳۰۲ ۷۹۹ ۱۱ ۱ ۸ ۱۵۹ ۵ و ط ۹ ۱۱۱ ۴ دشمن کی زبان بند ہو جائیگی۔ **ایضاً۔** واسطے زبان بندی کے اس نقش حم عسق کو چاندی پر کندہ کرا کے انگشتری بنا دے۔ جب کسی امیر یا دشمن کے پاس جاوے انگوٹھی پہن لے زبان دشمن کی بند ہوگی اور امیر اسپر مہربان ہوگا۔ مجرب ہے

ح	م	ع	ص	ق
س	ف	ح	م	ح
م	ع	س	ق	ح
ق	ح	م	ع	س
ع	س	ق	ح	م

ایضاً۔ واسطے زبان بندی کے اس نقش کو لکھ کر موم جامہ کر کے دریا میں رکھ کے کوئی چیز بھاری اسپر رکھ دے کہ بہہ نہ جائے۔ مجرب ہے۔ وہ نقش یہ ہے۔

و ۴	۱۱ ور	۱۴۷	س ھ
ھ عدا	س ۱	و ۲	۱۳
۷ عد ط	فلاں	عہ	ح ۴
لن ۹	۱۱	عہ	۹۹۵

فصل ۶۔ خواب بندی میں۔ سورہ والناس کو وقت شب پڑھے اور ایک چھری زمین میں گاڑ دے۔ اور ہر لفظ ناس پر چھری کو گاڑتا جاوے جب چھری زمین میں گھس جاوے تب اس آیت کو پڑھے اور اس پر دم کرے۔ وہ یہ ہے۔ اِنَّکَ مَیِّتٌ وَّاِنَّھُمْ مَّیِّتُوْنَ۔ اور چھری کو تین روز سے زیادہ زمین میں نہ رکھے اور جو چاہے کہ خواب کھلے چھری کو زمین سے نکالے اور سورہ نصر کو پڑھے۔ **ایضاً۔** واسطے خواب بندی کے یہ سورہ ایک کاغذ پر لکھے اور میخ فولاد کو درمیان کاغذ کے رکھ کر اوپر سے ٹھونکے کہ کاغذ میں گھس جاوے پھر

سوراخ والے کاغذ کو چراہے کی خاک سے بند کردے مجرب ہے۔ سورۃ یہ ہے بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ عقدت نوم فلان بن فلان بحق اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عقدت نومۃ بن فلان بحق رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ عقدت راسہٗ بحق الرَّحْمٰنِ عقدت شعرہٗ بحق الرَّحِیْمِ عقدت یمینہٗ بحق مٰلِکِ یَوْمِ الدِّیْنِ عقدت یسارہٗ بحق اِیَّاکَ نَعْبُدُ عقدت لسانہٗ بحق اِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ عقدت وجہہٗ بحق اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ عقدت ھدیۃٗ بحق صِرَاطَ الَّذِیْنَ عقدت قلبہٗ بحق اَنْعَمْتَ عَلَیْھِمْ عقدت ساقیہٗ بحق وَلَا الضَّآلِّیْنَ رجلیہٗ بحق اٰمِیْنَ عقدت قرارہ وسکونہ باللّٰہ بحکم اللّٰہ عز وجل عقدت نوم فلان بن فلان علیٰ حب فلان بن فلان ایضاً۔ واسطے خواب بندی کے اس تعویذ کو لکھ کر جہاں پر وہ شخص سوتا ہو وہاں دفن کرے۔ وہ نقش یہ ہے۔

ایضاً۔ خواب بندی کیواسطے اس نقش کو لکھے مجرب ہے۔

٢	٣	٨
٨	٦	٢
٦	٨	۴

اور وہ نقش مبارک یہ ہے کہ تلوار چھری وغیرہ دشمن کی مجھ پر کند ہو جاوے۔

فصل ۷۔ اتوار کے دن بالا یعنی ساعت وغیرہ دیکھ کر بکری وغیرہ کی گردن میں

١	٢	٣	٨
٣	یو	م	٣
١	٢	۴	۵
٢	عصم	١	۵

موافق شرائط مذکور یہ تعویذ لکھے مگر اول باندھکر امتحان کرلے تاکہ شک رفع ہو ١١ھ ١٩١١ھ تیغ بندی کے جو کوئی اس شکل کو قبضہ شمشیر پر باندھیگا جس شخص سے مقابلہ کریگا ہرگز زخم دشمن سے مجروح نہ ہوگا سحسو ١١١١٣۵١ یہ شکل نہایت مجرب ہے لیکن جملہ شرائط سے دشوار ہے لحــــطع مارا ایضاً واسطے تیغ بندی کے اتوار کے روز لکھ کر اپنے پاس رکھے جب کوئی دشمن تلوار ماریگا اثر نہ کریگی اول جب لکھے تو امتحان کرلے وہ یہ ہے ١١٣٩٢٧٣١١ ایضاً واسطے تیغ بندی کے تلوار یا نیزہ یا بندوق پر باندھکر دشمن کے مقابل ہو عدو کی تلوار وغیرہ کند ہو جائیگی اور دشمن پر غالب ہوگا

اور جو کوئی افسر فوج اپنے جھنڈے پر اس نقش مکرم کو لکھے گا جدھر وہ جھنڈا ہوگا اُدھر فتح ہوگی۔ اور دشمن مقابلہ پر ہرگز نہیں ٹھہرے گا۔ مگر بطہارت تمام اس کو عمل میں لاوے۔ وہ یہ ہے۔

انا	فتحنا	مبینا	مبینا
فتحنا	لك	لك	فتحنا
لك	فتحنا	فتحنا	لك
مبینا	مبینا	فتحنا	انا

ایضاً۔ جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا۔ زخم تلوار اور نیزہ اور بندوق وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔ اوّل امتحان کرلے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۲۷۱۱۱۳
۱ ک ۱
۱۷ ۱۰۱۱ا

س ص ع و
ل ۱۱۱۱۱

فصل ۸۔ عملیات اور تعویذات اور حاضر ہونے غائب میں۔ جو کوئی شخص غائب ہو جائے اور اس کا بلانا منظور ہو تو درمیان سُنّت اور فرض نماز فجر کے اکتالیس روز گیارہ بار سورہ فاتحہ پڑھے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلد غائب حاضر ہوگا مجرب ہے اور بہت بزرگوں کا آزمودہ ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ غائب کو خواب میں دیکھے اور اس کا حال معلوم کرے اور کوئی عمل دریافت کرنا منظور ہو تو یہ عمل بطور استخارہ کے صدق دل سے طاہر کپڑا پہن کر وضو کرے اور قبلہ رو داہنی کروٹ پر لیٹے اور سورۂ والضحےٰ اور سورۂ واللیل اور سورۂ الم نشرح اور سورۂ والتین اور سورۂ اخلاص ہر سورۃ کو سات مرتبہ پڑھ کر بعد اسکے دعا پڑھے۔ اللّٰھم ارنی منامی فی کذالك واجعلني مرہی فرجا ومخرجات وارنی فی منامی ما استبدل به اجابة دعوتی۔ اور بجائے کذالک کے اپنا مطلب کہے اگر پہلی رات میں مدعا معلوم ہو جائے فہوالمراد والا سات رات تک اسی طرح عمل کرے انشاء اللہ تعالےٰ ۳ سات راتوں سے زیادہ نہ گزرے کہ حال کھل جائے گا یہ عمل نہایت مجرب ہے۔ ایضاً اس عزیمت کو لکھے اور ڈول میں رکھ کر کنوئیں میں ڈالے اگر آواز ہنسنے کی آوے تو غائب زندہ ہے اور اگر آواز رونے کی آئے تو غائب مر گیا اور وہ یہ ہے سلایا مرازا۔ ۱۱۹۱۔۱۳۹۱ ۱۹۶ عسم۔ ایضاً اس نقش کو لکھ کر چرخے کے اوپر باندھے اور کنواری لڑکی سات مرتبہ چرخہ پھیرے اسکے بعد چرخہ سیدھا کر کے آسمان کی طرف کھڑا کرے وہ رفتہ رفتہ بہت جلدی واپس آپہونچے۔ خدا کے حکم سے۔ وہ نقش متبرک یہ ہے۔

فصل ۹۔ بھاگے ہوئے کے بیان میں۔ اگر کوئی شخص مثل لونڈی یا غلام یا جانور وغیرہ کے بھاگے اور دریافت کرنا منظور ہو کہ کون سی طرف بھاگا ہے۔ پس اگر ہفتے کے دن بھاگا ہے تو جانب جنوب یا دکن کی طرف تلاش کرنا چاہئے اور اگر اتوار کے دن بھاگا ہے تو جانب مشرق یعنی پورب کی طرف تلاش کرنا

۷۸۶

عدی	وہ	۱۰۲
ر۱۵	۵ر	دوا
ر۵۴	ماجرہ	برسعدوے

چاہیے اور اگر پیر کے دن بھاگا ہو تو شمال یعنی اُتر کی طرف بھاگا ہے اور اگر منگل کے دن بھاگا ہو تو مشرق کیطرف گیا ہو اور بدھ کے دن گیا ہو جانب مغرب یعنی پچھم کی طرف ہے اور اگر جمعرات کے دن بھاگا ہے تو جانب پچھم تلاش کرنا چاہیے۔ ایضاً جس شخص کا غلام یا جانور بھاگ گیا ہو تو اس گرونامہ کو لکھ کر اپنے ہاتھ سے درخت میں لٹکا دے کہ ہوا سے ہلے اور بھاگا ہوا جلدی آجاوے۔

الٰہی بحرمت عبدالکریم
مشرق
مغرب
شمال
جنوب

ایضاً۔ اس طلسم کو لکھ کر چرخے میں باندھکر گھماوے انشاء اللہ تعالٰے ضرور حاضر ہوگا۔

دم طام ۱۲۱۸ ۳۵ ۴۴ ۵ ۱۱۱۱ ۲ طا

ایضاً۔ اگر غلام یا لونڈی بھاگ جاوے اس مربع کو لکھے اور بیچ میں نام بھاگے ہوے کا لکھے اور قرآن مجید میں سپارہ ولو اننا جہاں پر یہ آیت واقع ہے لکھے بہت جلد حاضر ہوگا۔ مربع یہ ہے

یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح
یا بدوح	یا بدوح

سیصیب الذین اجرموا صغار عند اللہ و عذاب

ایضاً۔ اتوار کے دن چرخے پر باندھے اور سات مرتبہ گھماوے بھاگا ہوا جلد واپس آوے۔

فصل ۱۱۔ پہچاننے چور میں۔ جس شخص کا مال چوری ہو گیا ہو اور منظور ہو کہ چور کو دریافت کرے دو شخص آمنے سامنے بیٹھیں۔ ایک بدھنی کوری کو اپنے داہنے ہاتھ کے کلمہ کی انگلی پر اٹھاویں اور جس جس پر چوری کا گمان ہو انکا نام لکھ کر بدھنی میں ڈالے اور سورہ یٰسین کو مبین تک پڑھے اگر وہ شخص چور ہے تو ضرور بدھنی گھوم جاویگی اور اگر نہ گھومی تو نام اسکا مٹا کر دوسرے آدمی کا نام لکھے اور وہیں تک پڑھے اور اسی طرح تمام شخص متہم کا نام لکھتا جاوے یہانتک کہ بدھنی گھومے۔ اور بزرگ فرماتے ہیں کہ نام متہم کا کاغذ پر لکھ کر بدھنی میں ڈالے اور جب تک وہ نہ گھومے نام لکھ کر ڈالتا جاوے اور چاروں طرف بدھنی کے ان ناموں کو بھی لکھے یا جبرائیلؑ یا میکائیلؑ یا اسرافیلؑ یا عزرائیلؑ مجرب ہے۔ مؤلف عفی عنہ کہتا ہے کہ یہ عمل یا اور کوئی عمل کرکے اگر چور سے مطلع ہو جائے تو چاہیے کہ اسکے چرانے پر کامل یقین نہ کرے اور اسکو ہرگز بدنام نہ کرے بلکہ قرآن سے

دریافت کرے کیونکہ کسی کو بدنام کرنا اچھا نہیں ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی چاہے کہ چور کو دریافت کرے صبح کو ایک طشت کے نیچے خروس سفید کو رکھے اور سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے اور اس طشت پر دم کرے اور جن جن لوگوں پر گمان چوری کا ہو وہ سب ایک ایک دفعہ طشت پر ہاتھ رکھیں جو کوئی چور ہوگا خروس آواز کریگا مجرب ہے۔ ایضاً۔ واسطے دریافت کرنے چور کے چند برگ ترنج لاکر ہر ایک برگ پر اس آیت کریمہ کو لکھے اور آگ میں جلاوے جو چور ہوگا اسکے شکم میں ضرور درد ہوگا وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَلسَّارِقُ وَالسَّارِقَۃُ فَاقْطَعُوْٓا اَیْدِیَھُمَا جَزَآءً بِمَا کَسَبَا نَکَالًا مِّنَ اللہِ اِلٰہِیْ بِحَقِّ کِبْرِیَائِیْ۔ بشرطِ احتیاط یہ عمل مجرب ہے۔

فصل ۱۱۔ عملیات اور تعویذات رہائی محبوس میں۔ جو کوئی شخص قید ہو جائے اول آخر درود پڑھ کر سات باران آیات کفٰی کو پڑھے اور اپنی انگلیوں پر دم کرے قید سے رہائی پاوے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وَکَفٰی بِاللہِ وَلِیًّا وَّکَفٰی بِاللہِ شَہِیْدًا وَکَفٰی بِاللہِ عَلِیْمًا وَکَفٰی بِاللہِ حَسِیْبًا وَکَفٰی بِاللہِ ھَادِیًا وَّکَفٰی بِاللہِ نَصِیْرًا۔ ایضاً جب کوئی شخص بے وجہ قید ہو جائے اس تعویذ کو لکھ کر اپنی ٹوپی یا پگڑی میں رکھے اسکی برکت سے جلدی خلاصی پاویگا۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم نصر من اللہ وفتح قریب وبشر المؤمنین فاللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین ۱۱۳۶۲۵۱۸۹۷۵۱۱۱ع ایضاً جو کوئی قید ہو جائے اس مثلث کو اپنے پاس رکھے اسطرح پر ایک داہنے ایک بائیں ایک نیچے اور ایک سامنے انشاء اللہ تعالیٰ محبوس بہت جلد خلاصی پاویگا مگر احتیاط ضروری ہے مثلث یہ ہے۔۔۔۔

۴	۹	
۳	۵	۷
	۱	

ایضاً۔ بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب کے اس نقش کو محبوس کی کمر میں باندھ دے انشاء اللہ تعالےٰ بہت جلدی خلاصی پاویگا۔ وہ یہ ہے۔۔۔۔۔

۷۸۶

۸	۱۱	۱۳	۲
۱۳	۱۲	۷	۱۵
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۵

ایضاً۔ جو کوئی قید میں گرفتار ہو جائے اس نقش کو اپنے پاس رکھے بفرمان خداوند کریم بہت جلدی رہائی ہوگی اور جب رہائی پاوے اس نقش کو دریا میں ڈالے۔ وہ نقش یہ ہے۔۔۔۔۔

۷۸۶

۸	۳	۷
۶	۶	۲
۶	۵	۶

فصل ۱۲۔ عملیات اور تعویذات دفع آسیب وجن وغیرہ کے بیان میں۔ اکثر علمائے معتبر سے

منقول ہے کہ جس پر آسیب کا خلل ہو اسکے داہنے کان میں سات بار اذان کہے اور اسکے بعد سورۂ فاتحہ اور سورہ معوذتین اور آیۃ الکرسی اور سورۂ یٰسین آخر سورۂ حشر یعنی ہو اللہ الذی سے آخر تک اور سورۂ والصّافات ایک مرتبہ اور سورۂ جن سات بار پڑھے آسیب بھاگ جاویگا جیسا کہ انسان بھاگ جاتا ہے یا جل جاتا ہے۔ ایضاً واسطے دفع آسیب کے اصحاب کہف کے نام گھر کی دیوار پر لکھے جس گھر میں یہ اسما لکھے ہونگے انشاء اللہ جن کا گذر نہ ہوگا

الٰهي بحرمت يمليخا مكسلمينا كشفوطط اذر فطيونس تليونس وكلبهم قطميرۂ ایضاً۔ چہل کاف کو جس مطلب کیواسطے گیارہ بار پڑھے خدا کے حکم سے مطلب برآر ہوگا۔ دیگر۔ جس شخص کو خلل آسیب کا ہوگا گیارہ بار پانی پر یا کسی اور چیز پر پڑھکر دم کرے اور آسیب والے کو دے آسیب بھاگ جاویگا۔ وہ یہ ہے۔ قادرٌ وربٌ قدرہ قضاء فقهفوا قولُ بقرۃٍ يارمع قرقشٍ فيقوشٍ بحق ملالشِ القلبِ القهامِ القناتنِ تعززيزي تقيلِ يقولُ قربُ ولاسِ عن القوامِ قياقومُ ترقهما في قيقاتٍ يقفقفه فقهوقطاطي وثم تقتدہ ياقوي ايضاً۔ چہل کاف تصنیف حضرت محبوب سبحانی قطب ربانی غوث الصمدانی حضرت شاہ محی الدین عبد القادر جیلانی قدس سرہٗ سے ہے خواص اسکے بہت ہیں۔ یہ رسالہ مختصر انکے بیان کی گنجائش نہیں رکھتا۔ مختصر یہ ہے کہ جس امر کیلئے پڑھا جاوے نہایت مؤثر ہوگا خصوصاً واسطے دفع کرنے جن وغیرہ کے سریع النفع ہے جس شخص کو دیو یا پری یا خبیث ایذا دیتا ہو چاہیے کہ اسکو سات مرتبہ روغن تلخ پر پڑھے اور روغن کو آسیب زدہ کے دونوں کانوں میں ڈال کر انگلیوں سے دباوے کہ روغن باہر نہ نکلے اور کچھ بدن میں ملے انشاء اللہ تعالیٰ آسیب کے جلنے کی بو آوے گی اور آسیب بالکل جل جاویگا بلکہ جلنے کے وقت فریاد کریگا۔ ترجمہ اسکا حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی نے فارسی زبان میں کیا تھا جو کہ عام فہم نہ تھا اور یہ رسالہ بزبان اردو ہے لہٰذا فقیر مؤلف نے ترجمہ عبارت فارسی شیخ موصوف کو لفظ بلفظ اردو میں ترجمہ کیا ہے۔ وہ یہ ہے کفاک ربک کم یکفیک وکفتة کفکافها الكمين كان منكلك کافی ہے تجھ کو پروردگار تیرا اکثر کہ کفایت کرے تجھکو از روئے حاوثہ کے چھپا اسکو مانند چھپے ہوئے شکار کے شکو کر۔ کگرا الكر۔ فی کبدی تجھی شکشکۃ کلک بجرکا کہ لپٹا ہے مانند لپٹنے رسّی کے جگر میں کھینچتا ہے چھری تیز سے مانند اس شجر کے پیچھے پڑے کفا في مافي كفاف الكاف كوتيا كوكبا كان۔ کافی ہے خاص کر تجھ کو اسی چیز کو اور کفایت

کرتا ہے تجھ کو باز رکھنے سے اندر جگر کے آلے ستارو دل تجلے گلو کب الفلک میرے کاکہ مشابہت
رکھتا ہے تو ستارے آسمان کی روشنی میں (۱) یا اخشائیلؑ (۲) یا دولائیلؑ (۳) یا کیکائیلؑ
(۴) یا جبرائیلؑ (۵) میکائیلؑ (۶) یا انمائیل (۷) یا سرکائیلؑ (۸) یا ہمرائیلؑ (۹) یا عزرائیلؑ
(۱۰) یارائیل (۱۱) یا جبرائیل (۱۲) یا میکائیل۔ جس شخص کو چہل کاف معہ موکلاں پڑھنا
منظور ہو موافق ہندسوں کے بعد ہر کلمہ کے اسم موکل دم کرے۔

ایضاً۔ یہ نقش چہل کاف کا ہے جو کوئی لکھ کر
اپنے پاس رکھے گا۔ دیو اور جن کے شر سے
محفوظ رہے گا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۳۹۰۱۱	۳۹۰۴	۳۹۰۹
۳۹۰۱	۳۹۰۸	۳۹۰۱۶
۳۹۰۷	۳۹۰۱۳	۳۹۰۵

ایضاً۔ اس نقش کو آسیب والے کے بازو پر باندھے آسیب دور ہوگا۔ وہ نقش یہ ہے۔

ایضاً۔ اس نقش کو حضرت غوث الاعظمؒ کا
فتیلہ بنا کر کوری روئی لپیٹے پھر کوری سکوری میں
رکھ کر روغن تلخ ڈال کر جلاوے اور شیرینی پر
حضرت موصوف کی فاتحہ دیوے آسیب دور ہوگا۔

۷۸۶

۶	۷	۲
۱	۵	۹
۸	۳	۴

ایضاً۔ یہ نقش سورۂ جن کا ہے اس کو
لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے۔ لڑکا جمیع
آفات سے خصوصاً شر بھوت سے اور
آسیب وغیرہ سے محفوظ رہیگا اور جس شخص کو
جن وغیرہ نے ستایا ہو لکھ کر اپنے پاس
رکھے جن وغیرہ بھاگ جاوے گا۔

۱۱	۲	۸	۷
۳۱	۳	۲	۶
۱۸	۱۵	۸	۵
۱۴	۲	۲۳	۲۲

نقش یہ ہے۔ . . . .

۱۱	۸	۱	۲
۲	۱۳	۳	۷
۱۶	۳	۱۶	۷
۶	۱۰	۱۵	عسو

ایضاً۔ جس شخص کے گھر میں جنات
ڈھیلے یا پتھر پھینکتے ہوں اس نقش کو
دیوار پر قبلہ رو چسپاں کرے جن
سے محفوظ رہے گا آسیب کا گذر
نہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۷۱۲	۷۸۱۷	۳۸۳۴
۷۸۳	۷۸۲۳	۷۸۹۶
۷۸۱۸	۷۸۲۵۱	۵۸۲۵

ایضاً۔ یہ نقش متبرک سورۂ مزمل کا ہے خواص اسکے بہت ہیں از انجملہ ایک یہ کہ جو کوئی باطہارت لکھکر اپنے پاس رکھے جنوں کے شر سے محفوظ رہیگا اور جمیع بلیات سے دور رہیگا مجرب ہے۔ تنبیہ جان تو کہ اس فصل میں جن وغیرہ کے شیشہ میں اتارنے کی ترکیب نہیں لکھی یہ امر نہایت مشکل ہے۔ شاید کوئی ناواقفی سے زک اٹھاوے لہٰذا ترک کیا ہے۔

۶	۸	۶	۲
۶	۳	۴	۶
۶	۳	۶	۶
۶	۵	۶	۵

۳۲۵۶۶	۳۲۵۵۹	۳۲۵۲۲
۳۲۵۶۱	۳۲۵۶	۳۲۵۲۵
۳۲۵۶۳	۳۵۲۷	۳۲۵۵۶

فصل ۱۳۔ علامات سحر زدہ اور عملیات اور تعویذات دفع سحر کے بیان میں۔ علامات سحر زدہ یہ ہیں کہ روز بروز لاغر اور بیقرار ہوتا جائیگا اور زن و فرزند و سب گھر کے لوگوں سے اور کھانے پینے اور بولنے سے نفرت کریگا اور ٹھوڑی میں درد ہوگا اور ڈرتا جاگے گا اور بعضوں کو درد سر اور اسہال شکم ہوگا اور مسحور جسپر سحر کیا ہو ہے دیوانوں کیطرح ہوجاتا ہے اور چپ رہتا ہے جس شخص پر سحر کا شبہ ہو اس آیت کریمہ کو خون ہُدہُد یا کبیر سیاہ یا مشک و زعفران گلاب سے لکھے اور گلے میں باندھے اور سات پارچہ کاغذ لے معہ بسم اللہ لکھے اور سات دن تک ایک ایک گولی میں گھول کر پلاوے مجرب ہے۔ سیصلہ ان اللہ لایصلح عمل المفسدین انما صنعوا کید ساحر ولا یفلح الساحر حیث اتی یحق اھیا اشر اھیا۔ ایضاً۔ واسطے دفع سحر کے سورۂ معوذتین کو لکھ کر اپنے پاس رکھے اور ہر روز پڑھا کرے یا چینی کی رکابی پر لکھے اور دھو کر پلاوے سحر کا اثر نہ ہوگا۔ ایضاً۔ واسطے دور ہونے سحر کے یہ دو نقش ہیں ایک قصیدۂ بردہ اور دوسرے نقش قصیدہ حضرت امیر علیہ السلام کا ہے ان دونوں کی پشت پر قسمت علیکم یا ذوقائیل لکھے اور سبو چہ گلی میں دریا کا پانی یا سات کنوؤں کا بھرے پھر ۳۲۰۰ نقش ڈالے اور پانی کو گرم کرے جب گرم ہوجائے مسحور کو ایک طشت میں بٹھا کر دو آدمی دو طرف سے پانی ڈالیں اور آیت کریمہ فلما جاء السحرۃ سے لی عمل المفسدین تک پڑھیں اور جب پانی ختم ہوجائے ساری پانی کو ایک جگہ کر کے دریا میں ڈالیں۔ سات روز تک یہ عمل کریں انشاء اللہ مسحور جلدی صحت پاویگا۔ نقش قصیدہ بردہ یہ ہے۔

۱۳۳۴۳۲	۱۳۳۴۲۶	۱۳۳۴۴۶
۱۳۳۰۴۰	۱۳۳۴۲۰	۱۳۳۴۳۳
۱۴۱۳۳۸	۱۳۳۴۲۱	۱۳۳۴۲۵
۱۳۳۴۳۴	۴۳۳۴۳	۱۳۳۴۳۶

نقش قصیدہ جناب امیر علیہ السلام کا یہ ہے۔

۳۰۹۱۹	۳۰۹۲۲	۳۰۹۰۷
۳۰۹۳	۳۰۹۲۰	۳۰۹۲۲
۳۰۹۲۳	۳۰۹۱۶	۱۰۹۳۱

فصل ۱۴۔ کیفیت چشم زخم اور اسکے عملیات اور تعویذات کے بیان میں۔ صحیح مسلم اور تفسیر فتح العزیز وغیرہما میں لکھا ہو کہ جناب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ نظر کا لگنا ٹھیک ہے کوئی چیز تقدیر پر غالب ہوتی ہے تو وہ نظر ہوتی ہے یعنی تاثیر اسکی بغایت قوی ہے کہ نظر ایک قسم کا زہر ہے کہ حق تعالے نے بعض آدمی اور جنوں کی آنکھ میں اسکو رکھا ہے جیسا کہ بچھو کے ڈنک اور سانپ کی زبان پر رکھا گیا ہے اور یہ نہ جانے کہ غیر کی نظر لگتی ہے اور اپنے کی نظر نہیں لگتی ہے۔ کبھی اپنے کی بھی نظر لگتی ہے اور فقط آدمی پر نہیں لگتی۔ بلکہ باغ اور اسباب اور مکان اور جانور اور کھیت وغیرہ سب چیزوں پر نظر لگتی ہے۔ اور حدیث شریف میں آیا ہو کہ جو چیز آنکھ میں اچھی معلوم ہووے ماشاء اللہ ولاقوۃ الا باللہ کہے اس کی برکت سے نظر کا اثر نہ ہوگا کیفیت اس کی بڑی کتابوں میں لکھی ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی شخص نظر لگا وے پس فوراً نظر لگانے والے کا منھ اور دونوں پاؤں اور ستر گاہ ایک برتن میں دھونے کو کہے اور اس پانی کو اسپر چھڑک دے جس کو نظر لگی ہو خدا کے حکم سے جلدی اچھا ہوجاوے اور یہ عمل کتب معتبرہ میں لکھا ہے اور حدیث شریف میں آیا ہے کہ جب تم سے کوئی منھ وغیرہ دھلاوے تو دھو دو۔ اگر دفع نظر کے واسطے تم سے کوئی درخواست کرے کہ منھ وغیرہ دھووے تو دھو دینا چاہیے۔ اور اس کا برا ماننا عبث ہے۔ روایت ہے کہ حضرت عثمان نے ایک خوبصورت لڑکا دیکھا۔ آپ نے فرمایا کہ اسکی ٹھوڑی پر کالا ٹیکہ لگا دو تاکہ اس پر نظر اثر نہ کرے۔ کالا ٹیکا لڑکوں کو دفعیہ نظر کیلئے ترمذی شریف سے ثابت ہے پس معلوم ہوا کہ کالا ٹیکا لگانا بے اصل نہیں ہے۔ **ایضاً۔** حسن بصریؒ نے فرمایا ہے کہ جس شخص کو اپنے اوپر یا اپنے مال وغیرہ پر نظر لگنے کا خوف ہو تو چاہیے کہ اس آیت کریمہ کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ وَاِنْ يَّكَادُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَيُزْلِقُوْنَكَ بِاَبْصَارِهِمْ لَمَّا سَمِعُوا الذِّكْرَ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّهٗ لَمَجْنُوْنٌ ۝ **ایضاً۔** حدیث شریف میں آیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت حسینؓ کو اسطور پر تعویذ فرماتے تھے کہ حضرت ابراہیمؑ حضرت اسمٰعیلؑ اور حضرت اسحٰقؑ کو ان ہی کلمات سے تعویذ فرماتے تھے اُعِيْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَرِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَّامَّةٍ ۝ ہر ایک شخص کو چاہیے کہ اپنے لڑکوں کے گلے میں اس تعویذ کو لکھ کر ڈالے انشاء اللہ تعالیٰ جسکے گلے میں یہ تعویذ ہوگا وہ عصمت سے رہیگا۔ **ایضاً۔** جو کوئی اس تعویذ کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالیگا۔ حق نظر بد اور بلاؤں سے محفوظ رکھیگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اعوذ بکلمات اللہ التامات من شر شیطان وھامۃ وعین لامۃ تحصنت تحصن الف الف لاحول ولاقوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

72. ایضاً۔ واسطے دُور ہونے اُمّ الصّبیان کے اس تعویذ کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے وہ یہ ہے اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ یاغفور انہ من سلیمان بن داؤد علیہ السلام یاغوث یااھیا اشراھیا فی السفر خالد یجعلہ اواسمہ ورکاف بعون اللہ فی کل شفاء علیھم یاحافظ یااللہ برحمتک یاارحم الراحمین۔ اور اس فتیلے کو لکھ کر جلاوے اور دھواں اسکا بدن میں لگاوے عصھر علم۔

73. ایضاً۔ جب لڑکے کو اُمّ الصبیان ہوجائے اس شکل کو کاغذ پر لکھے اور فتیلہ بنا کر جلاوے کہ دھواں اسکے بدن میں مریض کے لگے شکل یہ ہے تحلیج

74. ایضاً۔ جو کوئی شخص اس تعویذ کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے تو نظر بد سے محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے۔

الحمد للہ	رب العالمین	الرحمن الرحیم	مالک	یوم الدین
ایاک نعبد	وایاک نستعین	اھدنا الصراط	المستقیم	صراط الذین
انعمت	علیھم	غیر المغضوب	علیھم	ولا
الضالین	اٰمین	بسم اللہ	الرحمٰن	الرحیم

75. ایضاً۔ جو کوئی اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھے اور اپنے پاس رکھے نظر بد سے محفوظ رہیگا۔ نقش یہ ہے ....

	۱		
۸		۸	
۴	۵	۷	
۳	۹	۲	

76. ایضاً۔ جو شخص اس نقش کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے گا چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھوکر پیے گا یا پلاوے گا جمیع بلیات و آفات سے مثل نظر بد وغیرہ سے امان میں رہے گا۔ نقش یہ ہے۔

76A. فصل ۱۵۔ گریۂ اطفال میں

جب لڑکا سوتے میں اور جاگتے میں ہمیشہ یعنی ہر وقت روتا رہے تو اس آیت بزرگ کو لکھ کر لڑکے کے گلے میں ڈالے۔

۲۳۹	۴۵۳	۴۵۰	۴۴۶
۴۵۱	۴۴۵	۴۴۰	۴۵۳
۴۴۴	۴۴۸	۴۵۵	۴۴۱
۴۵۲	۴۴۲	۴۴۳	۴۴۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اشھد ان لا الٰہ الا اللہ ان الدین عند اللہ الاسلام۔ تک جس لڑکے کے گلے میں ہوگا وہ لڑکا کم روئے گا۔ لایضر مع اسمہ شیء فی الارض ولا فی السماء وھو السمیع العلیم بحق نزل

اطفال - children

من القرآن ما ھو شفاء و رحمۃ للمؤمنین ولا یزید الظالمین الا خسارا۔ ان آیات متبرکہ کو چینی کی رکابی پر لکھ کر دھو کر پلاوے اور منھ پر بھی وہی چھینٹے دیوے۔ لڑکا رونے سے باز رہے گا اور ان دونوں نقشوں کو لکھ کر گلے میں ڈالے

crying child

مجرب ہے۔

۷۸۶

۸	۱	۶
۴	۵	۷
۳	۹	۲

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۴	۳
۶	۹	۱۶	۳
۱۵	۴	۵	۱۰

77

ایضاً۔ جو کوئی شخص اس نقش کو با طہارت کاغذ پاک پر رو بقبلہ بیٹھ کر لکھے اور جو لڑکا بہت روتا ہو اسکے گلے میں ڈالے وہ لڑکا انشاء اللہ تعالیٰ بہت ہی کم روئیگا اور وہ نقش مکرم یہ ہے۔

78

۱۱۱ صہ لسے ۱۱۱ صہ ، ۸۸

ایضاً۔ اگر کوئی شخص اسکو ماہ محرم میں چاندی کی تختی پر کھدوا کر لڑکے کے گلے میں ڈالے لڑکا بہت کم روئے گا اور سب جنیات سے محفوظ رہے گا۔ وہ نقش مکرم یہ ہے

79

ایضاً۔ اس نقش کو واسطے دفع بدخوابی اور گریۂ اطفال کے بچّے کے گلے میں باندھے وہ یہ ہے۔

ح	ف	ی	ط
ط	ل	ف	ح
ف	ج	ظ	ی
ی	ط	ح	ف

79A

۷۸۶

۴۷۲۵	۴۷۱۸	۴۷۲۴
۴۷۲۰	۴۷۲۲	۴۷۲۳
۴۷۲۱	۴۷۱۶	۴۷۱۹۰

فصل ۱۶۔ مریض کا حال دریافت کرنے کے بیان میں۔

اگر کوئی شخص چاہے کہ دریافت ہو کہ مریض کو کیا مرض ہے یا کوئی آسیب ہے۔ یا کوئی بدنی مرض ہے تو سات تار سوت کے لیکر پیر کے انگوٹھے سے پیشانی تک ناپ کر ایک بار درود شریف اور سات بار الحمد اور ایکبار آیۃ الکرسی پڑھے۔ اسکے بعد سات بار اس دعا کو پڑھے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم شوش منقش حماش شاقیش ماش ایوش برحمتک یا ارحم الراحمین۔ پھر سوت مذکور کو موافق اوّل کے ناپ کر دیکھے کہ کم ہوا یا زیادہ۔ اگر ایک انگل کم ہووے تو دیو ہے اور اگر دو انگل کم ہووے تو آسیب ہے اگر تین انگل کم ہووے بلا ہے اگر چار انگل کم ہو تو اُم الصبیان ہے اگر ایک انگل زیادہ ہو نظر آدمی کی ہے اور دو انگل زیادہ ہے نظر گفتار کی

ہے اور اگر تین اُنگل زیادہ ہے باؤ ہے۔ اور اگر چار اُنگل زیادہ ہو تپ ہے اور اگر کم اور زیادہ نہ ہو مرض بدنی ہے۔ ایضًا واسطے دریافت کرنے مرض اور آسیب کے لازم ہے کہ باوضو ہو کر اس نقش کو لکھے اور اس نقش پر یہ اسماء سات مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور مریض کے ہاتھ پر بھی پڑھ کر پھونک دیوے اگر سحر ہوگا سر اور دوش گراں ہوگا اور اگر آسیب ہے تو مریض کانپے اور اگر مرض ہے تو کچھ بھی اثر نہ ہوگا۔ وہ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔

۷۸۶

۳۱۷	۳۱۶	۳۲۷	۳۳۴
۳۳۵	۳۲۷	۳۱۸	۳۲۹
۳۲۳	۳۱۵	۳۳۳	۳۱۹
۳۳۱	۳۰۲	۳۲۱	۳۲۶

ملحشفا ایاء یلحشفا یار ملجشفا الناما لم علق بحق سلیمان بن داؤد علیہ السّلام حاضر آید ایضًا۔ طریقہ دیگر دریافت کرنے مرض اور آسیب کا یہ ہے کہ ایک بکورا لیکر اس پر نقش لکھے اور سات مرتبہ مریض پر سے اُتار کر پھر آگ میں ڈالے اور آگ پنکھے سے خوب روشن کرے اگر حروف سفید ہوں سحر ہے اگر حروف سُرخ ہوں آسیب چڑیل ہے اور اگر غائب ہوں آسیب پری کا ہے اور اگر حروف سیاہ ہوں مرض بدنی ہے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے ۲۲۱۱۶۳ف۹۱۵۱۸۳۱۱ ایضًا اگر کوئی شخص بیمار ہو اس روز نامہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو دیکھے۔ اور ہر روز ہر شب کیلئے جو کچھ فرمایا ہے اس پر عمل کرے تو شافی مطلق کی عنایت سے جلد ہی شفا حاصل ہو اور روز شنبہ کو جو کوئی بیمار ہو اس روز کا عامل زحل ہے۔ بیمار پر آٹھ دن بہت گراں ہیں۔ بیماری اس کی غم یا تلخ چشم زخم کے علالت پر ٹھہریگا اور رنج سہے گا۔ اور سارا جسم بھاری ہوگا اور تشنگی ہوگی نیند کم ہووے گی اور اگر بیمار ہو لڑکا تمام دن اور رات رویگا۔ دودھ دیکھ کر منہ موڑیگا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کی دودھ پلائی نے اسکو کسی غیر عورت کیسامنے دودھ پلایا ہے بچہ کو نظر ہو گئی سات روز گراں ہیں۔ صدقہ ماش سیاہ سوا پاؤ اور جامہ سیاہ سوا گز اور تھوڑا سا لوہا محتاجوں کو دیوے اور نیز ایک تعویذ نظر بد کا لکھ کر گلے میں ڈالے شب شنبہ کو اگر بیمار ہو بیماری اسکی نیلی پری کی ہے صدقہ کسی جانور سیاہ رنگ اور چار گز کپڑا اور کپڑے کے ایک گوشہ میں تھوڑی کوئلے اور ایک میں تھوڑا لوہا اور ایک طرف ہلدی اور ایک میں روٹی باندھ کر کسی کو دے اور ایک تعویذ نظر بد کا لکھے اور گلے میں ڈالے اگر روز یکشنبہ کو بیمار ہو اس روز کا عامل آفتاب ہے بیمار چودہ روز تک بہت علیل ہوگا آخر صحت ہوگی بیماری اس کی بہ سبب برہنہ ہونیکے یا بجہت

کھانے طعام سفید کے ہے علامت اسکی یہ ہے کہ درد سر اور تمام بدن اس کا گرم ہوگا۔ اور تمام رات دن بے قرار ہوگا اور آنکھیں سرخ اور منہ زرد ہوگا اور کسی سے بات نہ کریگا اور خواب میں ڈریگا اور صدقہ دہی چاول اور کپڑا پہنا ہوا بیمار کا یا سات روٹی تیل سے چپڑ کر کسی محتاج کو دے۔ شب یکشنبہ کو بیمار ہو بیماری اسکی بہ سبب سایہ کالی پری کے یا کسی دیو کے ہے۔ علامت یہ ہے کہ بدن سُست ہوگا اور خواب میں ڈریگا اور دیکھیگا کہ کوئی شخص سامنے کھڑا ہے اور کسی سے بات نہ کریگا۔ صدقہ سوا گز کپڑا زرد رنگ اور ہلدی اور زرد چاول دے۔ روز دوشنبہ کو اگر کوئی شخص بیمار ہو اس دن نوبت مہتاب کی ہے۔ بیمار پر پندرہ روز گراں ہیں۔ بیماری اسکی بسبب نظر چھیل یا کوا پری یا کھانے سفید کے ہے۔ علامت اسکی یہ ہے کہ درد سر اور سُستی جگر اور تمام بدن میں درد ہوگا اگر بچہ بیمار ہو اُمّ الصبیان سے۔ اُم الصبیان نام ایک ڈیونی کا ہے کہ لڑکے کو دودھ پلادیتی ہے اسی سبب سے لڑکا کسی عورت کا دودھ نہیں پیتا ہے یہاں تک کہ ہلاک ہوجاتا ہے صدقہ ہلدی اور سندھور لڑکے کے سر پر باندھے اور ایک مرغی سفید اور تل سوا پاؤ یا ایک مُرغ سپید اور تھوڑا تیل اور سوا ماشہ چاندی محتاجوں کو دے۔ روز سہ شنبہ کو اگر بیمار ہوا ہے اس روز مریخ ہے۔ بیمار پر دس روز گراں ہیں۔ بیماری اسکی بہ سبب دیو کے ہے اور اسکے گھر میں آسیب ہے یا اسکے گھر میں کوئی درخت ہے کہ اس پر کوئی آسیب ہے اسکی نظر لگی ہے۔ علامت جاگنے میں ناف اور شکم میں درد ہوتا ہے اور تمام بدن کانپتا معلوم ہوتا ہے اور نیند نہیں آتی ہے۔ صدقہ سوا گز کپڑا سُرخ رنگ اور مسور سرخ اور برنج اور کنجد اور چند گل انار اور ایک کپڑا مریض کے بدن کا اور سات سیر آرد گندم اور روغن زرد سوا سیر اور ایک مُرغ سرخ مریض کو دکھا کر مستحق کو دے اگر لڑکا بیمار ہو نظر ڈائن اور بدکی لگی ہے۔ صدقہ شیر اور برنج پکا کر تھوڑا سا کپڑا سرخ ہمراہ شیر برنج کے رکھے اور کسی محتاج کو دے اور اگر عورت حاملہ بیمار ہووے بیماری اسکی سبب سے ہے کہ رات کو واسطے کسی صورت کے اُٹھی تھی اسوقت دیو کھڑا تھا اُس کی نظر پڑی اور ڈر گئی۔ علامت درد شکم اور پیشاب میں بدبو اور سوتے میں ڈرے اور تمام جسم میں کانٹے سے چُبھیں۔ صدقہ ایک بچہ کبوتر سیاہ ذبح کرکے خون اس کا ناخنوں میں لگاوے اور گرم پانی سے دھووے اور اس پانی کو چولہے میں ڈالے شب سہ شنبہ کو

اگر بیمار ہو بیماری اسکی بسبب سردی یا خوف یا نظر دیو یا پری کے ہے۔ تھوڑی اجوائن کھاوے۔ صدقہ جامہ سفید یا سیاہ اور ایک مرغ اور سوا ماشہ چاندی کسی کو دے۔ روز چہار شنبہ اگر بیمار ہو اس روز عطارد ہے۔ بیمار پر پندرہ روز گراں ہیں بیماری اسکی اس سبب سے ہے کہ کسی بزرگ کی نذر مانی تھی وہ ادا نہیں ہوئی اور یا کوئی رنج دل میں ہے۔ علامت درد سر سینہ و پشت۔ صدقہ روغن کی روٹی پکا کر اور گز کپڑا اور تھوڑی چاندی اور ایک انڈا مرغ کا اور ایک مرغ سفید اور اگر ممکن ہو تو سوا پاؤ گوشت اور سوا پاؤ چاول اور سوا پاؤ تیل سیاہ محتاجوں کو دے۔ اور اگر لڑکا بیمار ہو اسکی دودھ پلانیوالی نے ایک غیر عورت کے سامنے دودھ پلایا ہے۔ علامت یہ ہے کہ لڑکا دودھ نہ پیئے سُست رہے صدقہ ایک چراغ آٹے کا بناوے چار یہ گھی ڈال کر چاروں طرف سے اس کی بتی جلاوے اور دریا میں ڈالے۔ اور نمک اور موٹھ اور برنج محتاجوں کو دیوے۔ شب چہار شنبہ کو اگر بیمار ہو۔ بیماری اس کی بسبب کسی غم کے ہے۔ صدقہ سوا پانچ پاؤ برنج اور ایک مرغ اور کپڑا مریض کے بدن کا اور سوا پاؤ کی دو روٹیاں کسی مستحق کو دے۔ روز پنجشنبہ کو اگر بیمار ہو روز مشتری ہے۔ بیمار پر دس روز گراں ہیں بیماری اسکی اس سبب سے ہے کہ کسی روز برہنہ غسل کیا ننگا بدن کسی پری کو اچھا معلوم ہوا یا آدھی رات کو پانی پینے یا پیشاب وغیرہ کیلئے اُٹھا ہے اور نظر پری کی پڑی ہے۔ علامت اسکی یہ ہے کہ درد سر اور درد کمر اور درد ناف رہے اور سوتے میں ڈرے اور آنکھ اس کی بند ہوتی جاوے صدقہ اس کا یہ ہے مرغ سرخ اور جامہ زرد اور سرخ اشیاء اور تھوڑی مہندی کے پتے اور سوا پاؤ گندم اور تھوڑی چاندی۔ اور اگر لڑکا بیمار ہے۔ ام الصبیان نے دودھ پلایا ہے۔ علامت یہ کہ بچہ اپنی ماں کا دودھ نہیں پیتا۔ اگر بچہ کچھ پیتا ہے فوراً قے کر دیتا ہے اور لحظہ بلحظہ زرد اور سبز ہوا جاتا ہے۔ اور گھڑی گھڑی میں لاغر ہوتا ہے۔ صدقہ ایک چراغ جو کے آٹے کا بناوے اور چاروں طرف اس کی بتی جلاوے۔ کھیر پکا کے مریض کو دکھا کر دریا میں چھوڑے۔ شب شنبہ کو اگر بیمار ہو جاوے۔ سبب اس کا شر دیو یا پری کے ہے کہ رات کو چلتے وقت کسی پری کو رفتار اچھی معلوم ہوئی۔ علامت درد اعضا اور سُستی بدن اور پیروں میں درد ہو۔ صدقہ ایک بکری کا بچہ سیاہ رنگ کا آرد جو سوا سیر و روغن کنجد سوا چھٹانک کسی محتاج کو دے اور اگر روز جمعہ کو بیمار ہو اس روز زہرہ ہے

بیمار پر گیارہ روز تک شدت رہے۔ بیماری اسکی بہ سبب غلبہ خون کے ہے یا کسی جگہ خود بخود گر پڑا ہے اور وہاں کوئی جن تھا اس کا دھکا لگا ہے۔ علامت کاہلی بدن اور سر میں درد ہووے اور خواب میں ڈرے اور آنکھیں سرخ ہوں۔ صدقہ خاک چار چوراہے کی خاک مرگھٹ کی لے کر سفید بکری کے خون میں تر کرے اور ایک چراغ ماش کے آٹے کا بناوے اور تھوڑا سا سیندور اور تھوڑی ہلدی رکھ کر ان سب چیزوں کو ایک سیاہ کپڑے میں باندھے اور کوری ہانڈی میں رکھ کر دریا میں ڈالے اور ایک روٹی سوا پاؤ آٹے کی پکا کر روغن زرد سوا پاؤ رکھکر تھوڑی چاندی اور سوا گز کپڑا سفید کسی کو دے۔ اور اگر لڑکا بیمار ہووے اس کو صدمہ دیو یا پری یا کھانے دودھ یا نہانے کے سبب سے ہے۔ علامت درد سر اور زانو اور آنکھوں سے پانی جاری ہوگا اور چہرہ زرد ہوگا اور دودھ نہ پئے گا۔ کوے یا مرغ کی دُم کے بال لیکر جلاوے اور دھواں اس کا بدن پر پہنچاوے اور کھیر پکا کر محتاج کو دیوے شب جمعہ کو اگر بیمار ہو بیماری اس کی صدمہ دیو یا پری ہے صدقہ روغن کنجد دال ماش اور دال مسور یا کوئی جانور سفید اور قدرے چاندی اور اگر ممکن ہو تو ایک روٹی ڈھائی پاؤ کی روغن گاؤ میں تر کر کے اور شکر سفید ڈال کر اور کپڑا سفید اور ایک انڈا مرغ اور تازہ پانی محتاج کو دے اور اگر کوئی شخص بیمار ہو اور دن بیماری کا معلوم نہ ہو بیمار اور اس کی ماں کے نام کے اعداد نکال کر جمع کر کے سات پر طرح دے اگر ایک باقی رہے روز شنبہ ہے۔ اگر دو بچیں روز چہار شنبہ ہے۔ اور اگر چھ بچیں روز پنجشنبہ ہے۔ اور اگر سات بچیں روز جمعہ ہے۔

فصل ۱۷۔ عملیات اور تعویذات شفاء امراض میں۔ جب کوئی شخص کسی مرض میں مُبتلا ہووے تو اس شخص کو لازم ہے کہ سورۂ الحمد کو سنت اور فرض فجر کے درمیان میں بسم اللہ الرحمن الرحیم کی میم کو الحمد کی لام سے ملا کر اکتالیس بار چالیس دن تک لگاتار پڑھے اور پانی پر دم کر کے مریض یا مسحور کو پلاوے بفضلہ شفا پاوے۔ **ایضاً۔** سورۂ فاتحہ کو چینی کی رکابی میں گلاب اور مشک اور زعفران سے لکھے اور دھو کر پلاوے بہت جلد شفا پاوے۔ **ایضاً** جب کوئی بیمار ہو ختم یا سلام پڑھے ترکیب یہ ہے کہ اسم شریف یا سلام کو ایک لاکھ پچیس ہزار بار ایک جلسہ میں طاق آدمی مل کر پڑھیں اور فاتحہ دیکر شیرینی تقسیم کریں۔ اسم شریف کی برکت سے مریض بہت جلدی شفا پاوے مجرب ہے۔ فقیر مؤلف نے تجربہ

کیا ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی بیمار ہو یہ چھ آیتیں قرآن شریف کی جنھیں آیات شفا کہتے ہیں۔ بیمار کے واسطے ایک چینی کی رکابی پر مع بسم اللہ اور سورۂ فاتحہ کے لکھے اور پانی میں دھو کر بیمار کو پلاوے آیات شفا کی یہ ہیں۔ وَیَشْفِ صُدُوْرَ قَوْمٍ مُّؤْمِنِیْنَ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ یَخْرُجُ مِنْ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِیْهِ شِفَاءٌ لِّلنَّاسِ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ یَشْفِیْنِ قُلْ لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا هُدًی وَّشِفَاءٌ۔ ایضاً۔ جو کوئی بیمار ہو وہ اس رباعی شریف کو اول اور آخر درود شریف کے ساتھ پڑھے خدا کے فضل سے شفا پاوے۔ رباعی۔

اے در صفت ذات تو حیراں تو بہ — و زمہر دو جہاں خدمت درکاں تو بہ
علت تو ستانی و شفا ہم تو دہی — یارب تو بہ فضل خویش بستاں تو بہ

ایضاً۔ یہ نقش دعائے حزب البحر کا ہے اسکو لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈال کر یا چینی کی رکابی پر لکھ کر اسکو پلاوے۔ ہر ایک امر کیلئے مفید ہے۔ نقش یہ ہے۔

۳۳۴۰	۲۳۲۳	۳۳۴۶	۲۳۲۳
۲۳۳۵	۲۳۴۸	۲۳۳۹	۲۳۳۴
۲۳۱۴	۳۳۳۸	۲۳۴۱	۳۳۳۸
۲۳۴۲	۳۳۳۷	۲۳۳۵	۳۳۳۷

ایضاً۔ یہ نقش تینوں قل کا ہے جو شخص اس نقش کو جمعہ کے دن لکھ کر بازو پر باندھے وہ جمیع امراض و بلیات ارضی و سماوی سے محفوظ رہے۔ نقش یہ ہے۔

ایضاً۔ یہ نقش اسم یا حفیظ و یا حیّ کا ہے۔ کوئی بیمار کے داہنے بازو پر باندھے خداوند کریم کے فضل و کرم سے بہت جلدی شفا پاوے اور جسکے پاس یہ نقش ہوویگا وہ جمیع صدمات و آفات سے بچا رہیگا۔ اول اعداد یا حفیظ کو مربع میں پُر کرے۔ بعدہٗ اعداد یا حیّ کے مثلث کو۔

۷۸۶

۳۱۶۸۳	۳۱۶۸۸	۳۱۶۶۰	۳۱۶۷۸
۳۱۶۴۷	۳۱۶۸۶	۳۱۶۸۱	۳۱۶۸۰
۳۱۶۷۷	۳۱۶۹۰	۳۱۶۸۲	۳۱۶۸۶
۳۱۶۸۴	۳۱۶۷۹	۳۱۶۷۹	۳۱۶۸۵

۷۸۶

۳۵۴	۳۵۳۲	۳۵۴۶	۳۵۲۱۲
۳۵۲۸	۳۵۳۴	۳۵۲۵	۳۵۲۴
۳۵۳۵	۳۵۳۲	۳۵۲۱	۳۵۳۸
۳۵۴۴	۳۵۲۷	۳۵۲۶	۳۵۳۷

ایضاً۔ یہ نقش متبرک سورۂ لقمان

۳۹۷۳۵	۳۹۷۵۳	۳۹۷۵۶	۳۹۷۴۲
۳۹۷۲۵۵	۳۹۷۵۸	۳۹۷۳۸	۳۹۷۵۲
۳۹۷۳۴	۳۹۷۵۸	۳۹۷۵۱	۳۹۷۴۷
۳۹۷۵۲	۳۹۷۲۶	۳۹۷۴۵	۳۹۷۵۷

۲۸۸　۳۲۳　۲۴۹　۵۲　۸　۱۰　۳　۳۵۱　۲۵　۹　۲۵

کا ہے کاغذ پر لکھ کر حاملہ عورت کے گلے میں
ڈالے یا جو شخص اپنے پاس رکھیگا۔ اہل یقین
سے ہوویگا نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۰۵۳۵	۱۰۵۲۸	۱۰۵۳۳
۱۰۵۳۰	۱۰۵۳۲	۱۰۵۳۴
۱۰۵۵۱	۱۰۵۳۶	۱۰۵۲۹

ایضًا۔ یہ نقش آیۃ الکرسی کا ہے جب کوئی شخص بیمار ہو لکھ کر اسکے گلے میں ڈالے
خدا کے حکم سے مریض بہت جلدی شفا پاوے مجرب ہے۔ اور جو کوئی اپنے پاس
رکھے انشاء اللہ سب آفتوں سے بچا رہے۔ نقش یہ ہے...

ایضًا۔ یہ نقش لکھ کر بیمار کے گلے میں ڈالے انشاء اللہ تعالٰے
بہت جلدی بیمار شفا پاوے مجرب ہے اور وہ یہ ہے......

ایضًا۔ حضرت اخی مولوی محمد اصغر علی غفر اللہ الغفار نے
فرمایا ہے کہ جو شخص برگ پان پر اس آیت کریمہ کو لکھے اور
قبل آمد بخار کے مریض اس کو دیکھے تو انشاء اللہ تعالٰے بخار دُور ہو جائے اور اگر بخار
آجائے تو بعد آنے بخار کے اس پان کو کنوئیں میں ڈالے۔ عمل تین روز تک کرے۔ وہ
آیت کریمہ یہ ہے۔ یرید شمسًا وّ لَا زمھریرًا۔ ایضًا۔ حضرت اخی رحمۃ اللہ نے
فرمایا ہے کہ جب کسی شخص کو تپ لرزہ آتا ہو پان یا برگ پیپل پر اس آیت
کو لکھے اور برگ کو مریض دیکھے۔ اگر خدا نخواستہ بخار آوے تو برگ مذکور کنوئیں
میں ڈالے۔ اس کو تین روز تک مریض دیکھے گا شفا پائے گا۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے
قُلنَا یَا نارُ کُونِی بَرۡدًا وَّسَلَامًا اِلیٰ اٰخرہٖ۔ ایضًا۔ واسطے تپ لرزہ کے
لہسن کے جوے پر لکھ کر ہاتھ میں باندھے تین باری میں بخار دفع ہو جاویگا۔ باری
اسم باری دوم سر اسم باری سوم سر اسم مجرب ہے۔

ایضًا۔ جس شخص کو تپ لرزہ آتا ہو اس نقش کو لکھ کر اسکے گلے میں ڈالے یا ہاتھ

یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ
یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ	یا حافظ

میں باندھے یا پانی میں گھول کر پلاوے
مریض صحت پاوے مجرب ہے۔
وہ نقش مکرم یہ ہے۔ ......
ایضاً۔ اس نقش کو واسطے تپ ولرزہ
کے لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے
خدا کے فضل وکرم سے بہت ہی
جلد شفا پاوے۔ وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۶	۱	۸
۷	۵	۳
۲	۹	۴

ایضاً۔ واسطے دفع کرنے عارضہ صرع کے سورۂ سجدہ کو
جو کوئی شخص لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے بفضل خدا
صرع کے عارضہ سے محفوظ رہے وہ یہ ہے۔

یا کبیکج	یا کبیکج	یا کبیکج
یا کبیکج	یا کبیکج	یا کبیکج

ایضاً۔ جس شخص کو صرع کا عارضہ ہو اس تعویذ
کو روز شنبہ کی اول ساعت میں تختی مسی پر کندہ
کرا کے گلے میں ڈالے عارضہ صرع کا دفع ہوگا ایک طرف تختی کے یَا قَہَّارُ اَنْتَ
الَّذِیْ لَا یُطَاقُ اِنْتِقَامُہٗ یَا قَہَّارُ اور دوسری طرف یَا مُذِلَّ کُلِّ جَبَّارٍ
عَنِیْدٍ اَنْتَ قَہَرَ فَہُوَ عَزِیْزٌ سُلْطَانُہٗ مَا مُذِلُّ نہایت مجرب ہے۔ ایضاً۔ واسطے دور
ہونے صرع کے ان حرفوں کو لکھ کر پیشانی پر مصروع کے باندھے۔ (۷۸۶) کھیعص
بحق حم حم عسق اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ۔ صرع فلاں بن فلاں دور
شود۔ ایضاً۔ جس کو عارضہ صرع کا ہوجاوے منگل کے دن ایک سفید مرغ لے کر ذبح
کر کے اس کے خون سے اس نقش کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈالے۔
ایضاً۔ واسطے دور ہونے عارضہ چیچک کے سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ اکتالیس آدمیوں
سے بے نقطہ اور حروف عین اور میم اور واو کشادہ لکھوا کر گلے میں ڈالے خدا کے
فضل سے چیچک نہ نکلے گی۔ نہایت مجرب ہے۔ ایضاً۔ جب عارضہ چیچک کا شروع ہو
اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے مجرب ہے۔ اور وہ نقش

(اگلے صفحہ پر)

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے چیچک کے شرف آفتاب میں لکھ کر بازو کے اوپر باندھے وہ یہ ہے۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم	الرحیم ١٩١	الحمد للہ ١٩	رب العالمین
الرحمن الرحیم ٣	مالک یوم الدین	ایاک نعبد	وایاک نستعین
اھدنا الصراط	المستقیم	صراط	الذین
انعمت علیہم	غیر المغضوب	علیہم	ولا الضالین آمین

ایضاً۔ جس کسی کو چیچک نکلے اس نقش کو کو لکھ کر مریض کو پلاوے۔ خدا کے فضل سے صحت پاوے۔

سلامٌ ١٣١	قولاً ١٣٧	من رب ١٩٢	الرحیم ١٣٨
٣٢٢٠	١٨٨	١٣٣	١٣٣
١٨٧	١٩٧	١٣٩	١٣٣
١٣٨	١٢٤	٣١٩	٣٩١

ایضاً۔ جب وبا کے ہیضہ کی شدت ہووے اس نقش کو لکھ کر گلے میں ڈالے اور بجائے فلاں کے نام اس شخص کا لکھے کہ جسکے پاس تعویذ ہوگا۔ سوائے موت کے اور سب آفات سے محفوظ رہیگا۔ وہ یہ ہے۔

٧٨٦

١٥	٢٨	٣٥	٢٢
٢٦	٢١	١٦	٢٧
٢٠	٢٣	١٦	١٧
٢٩	٨	١٩	٢٢

ایضاً۔ جس شخص کے سر میں درد ہو اس تعویذ کو لکھ کر اپنی کمر میں باندھے وہ تعویذ یہ ہے۔ صععععر کععععف

کھیعص	یابدوح	یاحق
یاحفیظ	یاحفیظ	یاحفیظ
یالطیف	یاحفیظ	یالطیف
یاحفیظ	یالطیف	یاحفیظ
الٰہی بحرمت نبی	یابدوح	فلاں را نگہدار

ایضاً۔ واسطے درد نیم سر کے اس تعویذ شریف کو ماہ رمضان کے آخر جمعہ میں بعد نماز جمعہ کے قبلہ رو بیٹھ کر لکھے اور جب کسی کے آدھے سر میں درد ہو یہ تعویذ سر میں باندھے مرض سے بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ الم تر الیٰ ربک کیف مد الظل ولو شاء لجعلہ ساکنا ثم جعلنا الشمس علیہ دلیلا ثم قبضناہ الینا قبضا یسیرا۔ ایضاً۔ واسطے درد سر کے اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر باندھے ااا سو ہے لائیے۔ ایضاً۔ جس شخص کے سر میں درد ہو داہنے ہاتھ کی بیچ کی انگلی اور انگوٹھے سے دونوں طرف کی کنپٹی کو پکڑے اور الحمد پڑھے اور انگلیوں کو ذرا ذرا سا کھسکاتا جاوے یہاں تک کہ دونوں انگلیاں پیشانی پر لاکر بعد ختم الحمد کے پل

یاجبرائیلؑ		یامیکائیلؑ
یاعزرائیلؑ		یااسرافیلؑ

جاویں۔ اسی طرح سے تین مرتبہ کرے انشاءاللہ تعالیٰ درد جلد دور ہوگا۔ مجرب ہے۔ ایضاً۔ اس نقش کو لکھ کر سر پر باندھے۔ نقش مکرم یہ ہے۔

ایضاً۔ اس نقش کو لکھ کر واسطے درد سر کے سر پر باندھے۔

۷۸۶

۳۶	۲۹	۳۰	۲۷
۳۷	۳۳	۳۱	۳۲
۲۱	۲۴	۲۵	۲۲
۴۰	۲۹	۲۴	۲۹

ایضاً۔ جس شخص کی ناک سے خون جاری ہو۔ اس خون سے اسکی پیشانی پر لکھے انشاءاللہ تعالیٰ خون بند ہوجائے گا۔ وہ یہ ہے۔ دہ دمہ طلو طلو کلمہ کلمہ طلم مجرب ہے۔ ایضاً۔ جس شخص کی ناک سے خون جاری ہو اس شکل کو اسکی پیشانی پر اسی خون سے لکھدیوے مجرب ہے اور وہ یہ ہے۔

اے خون اے کندہ مادر ے
دختر مارا حریف بریاست

ایضاً۔ جس شخص کو ضعف بصر ہو یا آنکھیں دکھتی ہوں اس آیت کریمہ کو تین بار نماز پنجگانہ کے پڑھ کر آنکھوں پر دم کرے انشاءاللہ تعالیٰ آنکھ دکھنے سے محفوظ رہے گی اور بینائی تیز ہوگی۔ اللھم متعنی مبصری واجعلنہ الوارث وارنی فی الدودناری والنصری علی من ظلمنی۔ جو شخص سات مرتبہ ہر روز پڑھے گا آنکھیں درد نہ کریں گی اور قوت زیادہ ہوگی۔ یرق یرق یرق۔ ایضاً۔ واسطے شب کوری کے اس نقش کو چہار شنبہ کے دن لکھے اور سر میں باندھے خدا کے فضل سے صحت ہوگی۔

محمد	احمد
مصطفٰے	مرتضٰے

ایضاً۔ جس شخص کی داڑھ میں یا جہاں کہیں درد ہووے اس نقش مکرم کو باطہارت لکھے اور دھو کر پیئے۔ درد خدا کے فضل سے فوراً موقوف ہوجائے گا۔ اکثر لوگوں نے تجربہ کیا ہے۔ درد گلے میں بھی مفید ہے اور مجرب ہے وہ نقش یہ ہے

ایضاً۔ جب کسی کی گردن میں درد ہو اس آیہ کریمہ کو لکھ کر گلے میں باندھے درد رفع ہو۔

یاجنید۳	یاحی۹	یااحد۲	دو	حاضرزدرد	مناادرہ	۱۲ اوما	راما	رادم	ط
یاکبیر۵	یابصیر۶	یالطیف	دود	دلو	اسفو	مرغران	عران	عرن	سفت
یاباری۱	یاخلیل۱	یانذیر۹	بحق	لا	الٰہ	الا	اللہ	محمد	رسول اللہ
			بحق توریت	بحق انجیل	بحق زبور	بحق	بحق فرا	بحق قرآن	ورفض اللہ

بے چینی رفع ہو۔ آزمودہ ہے۔ آیت شریف یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اِنَّا جَعَلْنَا فِیْٓ اَعْنَاقِہِمْ اَغْلٰلًا فَہِیَ اِلَی الْاَذْقَانِ فَہُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝ ایضاً۔ واسطے درد گلو کے اس تعویذ کو لکھ کر گردن میں باندھے۔ وہ یہ ہے.........

۳۸۱۵	۳۸۴	۳۸۹
۳۸۷	۳۸۸	۳۸۵
۳۸۷	۳۸۱۳	۳۸۵

ایضاً۔ جب کسی کے کان میں درد ہو اس آیت کریمہ کو لکھ کر کان میں باندھے درد کم ہوگا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ لَّمْ یَسْمَعْہَا کَاَنَّ فِیْٓ اُذُنَیْہِ وَقْرًا فَبَشِّرْہُ بِعَذَابٍ اَلِیْمٍ بِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰہُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ۝ اور دوسرے کو پیے انشاء اللہ تعالیٰ صحت پاوے۔ ایضاً واسطے دفع ہونے ہول دل اور درد دل کے اس نقش کو بروز جمعہ قبل طلوع آفتاب سات دن بلاناغہ لکھے اول روز دو نقش لکھے ایک کو گلے میں ڈالے اور دوسرے کو گھول کر پیئے۔ اور ہر روز ایک تعویذ گھول کر پیا کرے بفضلہ تعالےٰ شفا ہوگی مجرب ہے۔

لاحول	لاحول	اللہ اللہ	العلی العظیم
العلی العظیم	اللہ اللہ	ولاقوۃ	ولاقوۃ
ولاقوۃ	لاحول	العلی العظیم	اللہ باللہ
الاباللہ	العلی العظیم	لاحول	ولاقوۃ

ایضاً۔ جس شخص کو درد دل یا خفقان دونوں ہوں اس نقش مکرم کو باطہارت بیٹھ کر بہ خلوص نیت لکھے انشاء اللہ تعالیٰ ہول دل موقوف ہوگا۔

۱۰۳۶	۱۰۱۰	۵۷	۱۵۳
۱۵۸	۱۵۱	۱۴۷	۱۵۹
۱۵۱	۱۵۵	۱۶۱	۱۴۹
۱۶۱	۱۶۱	۱۵۰	۱۵۶

۷۸۶

۲۲۲۴	۲۲۳۸	۲۲۳۵	۲۲۳۱
۲۲۳۶	۲۲۳۰	۲۲۲۰	۲۲۳۷
۲۲۱۷	۲۲۳۳	۴۳۳۰	۲۲۳۶

۷۸۶

۸۹۲۷	۲۹۲۲	۸۹۲۰
۸۹۲۲	۸۹۲۴	۲۹۲۶
۸۹۲۳	۸۹۲۴	۸۹۲۱

ایضاً۔ جب کسی عورت کی چھاتی میں درد ہو اس دعا کو مٹی پر دم کر کے اس کو پیئے درد رفع ہوگا۔ دعا یہ ہے۔ انی منی متہا سرخی روش والی یبدی والزقائی اسب دن دست دن اسامہ اس بلاس۔ ایضاً۔ واسطے درد پشت کے اس آیہ کریمہ کو پشت پر باندھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم یَخْرُجُ مِنْ بَیْنِ الصُّلْبِ وَالتَّرَآئِبِ آخر آیت تک برحمتک یا ارحم الراحمین۔ جس عورت کا دودھ کم ہوگیا ہو وہ سورہ حجرات کو زعفران سے لکھے اور دھو کر عورت کو پلاوے انشاء اللہ تعالےٰ دودھ بہت ہوگا۔ ایضاً جس عورت یا گائے یا بکری کا دودھ کم ہوگیا ہو بغیر قلعی کا طشت لے کر طشت کو خوب دھووے پھر اس طشت پر اس آیت کو لکھے اور دھو کر پلاوے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ بہت ہوگا

اور وہ آیہ کریمہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ ثم قست قلوبکم من بعد ذالک ؕ آخر آیت تک پڑھے اور اسی کو لکھے۔ ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے دودھ کے سورۂ یٰسین کو کاغذ پر لکھے اور اسکا پانی دھوکر پلاوے اور نمک پر پڑھے۔ ایضاً واسطے زیادہ ہوجانے دودھ کے اس نقش کو لکھ کر چھاتی پر باندھے انشاء اللہ تعالیٰ دودھ زیادہ ہوگا۔ نقش یہ ہے۔

۴۸۶

۱	۱۳	۱۹	۸
۱۳	۱۷۵	۳	۲
۱۳	۱۲	۱۳	۱۳
۶	۹	۳	۱۰۰

ایضاً۔ اس نقش کو واسطے درد شکم کے باندھے انشاء اللہ تعالیٰ بہت جلدی درد شکم دُور ہوگا۔ ....

۱۲۵ب	۱۲۰۰	۲ لا
۲۱ط	۲۱۶	۳
۱۹۷.۵	۲۰۵	۱۶۰

ایضاً۔ واسطے درد شکم کے اور بند ہونے خون شکم کے اس تعویذ کو لکھ کر شکم پر باندھے نفع ہوگا وہ یہ ہے۔

۴۸۶

۶۳	۲۲	۱۳
۱۳	۱۵	۱۹
۱۷	۱۱	۲۶

ایضاً۔ جس شخص کو بدہضمی کا عارضہ ہو یہ دعا تین بار ہاتھ پر دم کرے اور ہاتھ سینے اور شکم پر پھیرے وہ یہ ہے۔ الیہ الیہ عبدی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سید عبداللہ القرشی۔ مجرب ہے۔ واسطے دفع ہونے طحال کے چہارشنبہ کو لکھے اور کچے سوت میں باندھ کر طحال پر باندھے۔ دفع ہو۔ وہ یہ ہے۔

۱۵۱	لالارلارر	۱۱ ۱۱

ایضاً۔ واسطے ہونے طحال کے اس نقش کو ج ج و طاحد ؟ درجۂ عروج ماہ میں روز چہارشنبہ کو لکھے اور طحال پر باندھے۔ ایضاً۔ واسطے درد گردہ کے اس نقش کو لکھے اور مریض دساماد ومان م دوحم صفد ساماد وما اطلاع کی کمر میں باندھے۔ وہ یہ ہے۔

ایضاً۔ جس شخص کی ناف ٹل جاوے دختر نابالغہ سے سات تار کچے سوت کے کتوا کر اس نقش کو لکھے اور سوت باندھ کر اس سوت کو ناف پر باندھے اور بعد صحت کے اس ڈوری کو کھول کر دریا میں ڈالے وہ یہ ہے۔

۴	۲	۶	۰
۰	۶	۳	۲
۲	۰	۲	۶
۶	۰	۲	۲

ایضاً۔ جس شخص کی ناف ٹل جاوے اس نقش کو لکھ کر ناف پر باندھے

هو هو هو هو

ایضاً۔ واسطے درد کمر کے اس تعویذ کو کاغذ پر لکھے اور سیاہ دھاگے

یں باندھکر کمر میں باندھے درد موقوف ہوگا۔ مجرب ہے۔ یاغفور عفیم یاغفور عفیم یاغفور عفیم

۸	۶۴۰	۲۱۲	۶
۶۸	۳	۹	۶۲۵
۱۰	۱۵۷	۷۷	۶۵
۶۷	۲	۴	۱۹الا۔

ایضًا۔ جس شخص کی آنت اُتر آئی ہو اس نقش کو باندھے وہ یہ ہے۔

۷۸۶

۲۰۶	۴۲۶	۱۶۳۰
۲۶۷	۲۶۳	۳۵۴
۲۶۰	۲۶۹	۲۶۸

ایضًا۔ جس شخص کے سنگ مثانہ ہوجائے وہ اُس کو لکھ کر اور گھول کر پلاوے خدا کے فضل سے مریض بہت جلد شفا پاوے مجرب ہے۔ وہ نقش مکرم یہ ہے۔

۲	۷	۶
۹	۵	۱
۴	۲	۸

ایضًا۔ جب کسی آدمی یا جانور کا پیشاب بند ہوجاوے تو چاروں ہاتھوں اور پیروں پر ایک ایک اسم لکھے انشاءاللہ تعالیٰ جلدی پیشاب کھل جائیگا۔ مجرب ہے اور وہ اسماء متبرکہ یہ ہیں اعطش عطیوش لشت ایضًا۔ جس شخص کے بیضہ میں درد ہو اس آیت شریف کو ستر بار پڑھ کر روغن پر دم کرکے ہر مقام درد پر طلا کرے تین روز تک انشاءاللہ تعالیٰ صحت ہوگی۔ آیت کریمہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۝ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ۔ ایضًا۔ واسطے دفع ہونے بواسیر کے اس دعا کو ہر روز کاغذ پر لکھ کر گھول کر پیے انشاءاللہ تعالیٰ صحت کامل ہوگی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم قوس مرقوس لایرون شمسا ولا زمھریرًا۔ ایضًا۔ واسطے دفع ہونے عارضہ بواسیر کے جس شخص کو عارضہ بواسیر کا ہو تو اس کو چاہئے کہ ہفتہ کے دن عروج ماہ میں ایک دانہ لاکھ کا سور اخدار لے کر اول و آخر درود شریف پڑھے اور معہ بسم اللہ اکیس مرتبہ اس آیت کریمہ صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ پڑھ کر دانے پر دم کرے اور کمر میں باندھے انشاءاللہ تعالےٰ بواسیر دُور ہوگی۔ ایضًا۔ جس شخص کو بواسیر خونی یا بادی ہو اس شکل کو بروز شنبہ لکھ کر بائیں ہاتھ میں باندھے وہ شکل متبرک یہ ہے

	۵	
۵	۵ ۹	۵
	۵	

ایضًا۔ جس شخص کو عارضہ بواسیر کا ہو آخری چہار شنبہ کو وقت آفتاب کے اس تعویذ کو چاندی کی انگوٹھی پر کندہ کرا کے پہنے۔ انشاءاللہ تعالےٰ بواسیر دفع ہوجائیگی۔ وہ تعویذ متبرک یہ ہے۔

المص ابوالمہا کہیعص حم طسم طس یس ص ق ن۔ ایضًا۔ جو کوئی بانجھ عورت ہو ہرن

کی جھلی پر زعفران اور گلاب سے یہ آیت لکھے وہ یہ ہے۔ وَلَوْاَنَّ قُرْاٰنًا سُیِّرَتْ بِہِ الْجِبَالُ اَوْ قُطِّعَتْ بِہِ الْاَرْضُ اَوْ کُلِّمَ بِہِ الْمَوْتٰی بَلْ لِّلّٰہِ الْاَمْرُ جَمِیْعًا ؕ پھر اس تعویذ کو عورت گردن میں باندھے انشاء اللہ اسکے بچہ پیدا ہوگا۔ ایضاً۔ جو کوئی عورت بانجھ ہو فیروزہ کے نگینہ پر آیت کریمہ رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ؕ کو کھدوا کر انگوٹھی ہاتھ میں پہنے اور جب آدھی رات گذرے اول آخر گیارہ بار درود شریف پڑھکر اس آیت کریمہ کو گیارہ سو مرتبہ باطہارت پڑھ کر خلوص نیت سے ہر روز بلاناغہ چالیس روز تک پڑھا کرے خدا چاہے گا تو میان چالیس روز کے حمل قرار پاویگا۔ نہایت مجرب ہے۔ ایضاً۔ جس عورت کو حمل نہ رہتا ہو اس تعویذ کو کاغذ پر لکھ کر اور دھو کر پلاوے وہ یہ ہے ۔ ۷۸۶ ۱۱۱ ۸۶ ۱۱۱ ۶۵ ۱۱ ایضاً۔ جو عورت بانجھ ہو۔ اس تعویذ کو گلے میں باندھے فائدہ ہوگا۔

۱	۱۳	۵
۱۰	۶	۲
۷	حاجی	۱۱

(۷۸۶)

اگر کوئی شخص کو دریافت کرنا منظور ہو کہ فرزند ہونے میں قصور عورت کا ہے یا مرد کا تو چاہئے کہ مرد اور عورت کے نام کے اعداد بحساب ابجد لکھے اور پھر نو سے طرح دے اگر عدد جفت باقی رہیں قصور مرد کا ہے۔ اگر طاق باقی رہیں تو قصور عورت کا ہے۔ ایضاً۔ جس عورت کا حمل خام گر پڑتا ہو تو سورۂ اخلاص گیارہ بار پڑھکر پانی پر دم کرے اور عورت کو پلاوے یا سات تار کچے سوت کے لیکر اسپر گیارہ مرتبہ سورۂ مزمل پڑھے۔ اور ایک ایک مرتبہ گرہ دیوے اور پھر عورت کی کمر میں باندھے خدا کے فضل وکرم سے حمل برقرار رہے گا مجرب ہے۔ ایضاً۔ واسطے دفع ہونے دردزہ کے یہ شعر نہایت مجرب ہے لکھ کر داہنی ران پر باندھے خدا کے فضل سے دردزہ دُور ہوگا اور فرزند ضرور پیدا ہوگا۔ مرا جائے شد چو مرا جائے شد ۔ تو خواہی بزہ و تو خواہی مزہ۔ ایضاً۔ مولانا مولوی محمد اصغر علی قدس اللہ سرہ العزیز نے ارشاد فرمایا ہے کہ جب کسی عورت کو دردزہ شدید ہو اس آیت کریمہ کو کاغذ پر لکھ کر عورت کی بائیں ران پر باندھو وہ آیت شریف یہ ہے۔ القت ما فیہا وتخلت واذنت لربہا وحقت اہیا اشر اہیاۃ جب بچہ پیدا ہو جائے تو فوراً کھول ڈالے۔ ایضاً۔ جس عورت کو دردزہ کی بہت شدت

ہو اور لڑکا نہ پیدا ہوتا ہو اس نقش کو عورت کی بائیں
ران پر باندھے بہت جلد لڑکا پیدا ہوگا نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱	۱۳	۱۲	۲
۳	۷	۴	۱۴
۶	۶	۱۶	۳
۱۰	ع۵	۵	۱۰

ایضاً۔ جس عورت کو حیض بشدت آتا ہووے
اس نقش کو ہرن کی کھال پر لکھ کر عورت کی بائیں
ران پر باندھے خدا کے حکم سے خون بند ہو جائیگا
وہ نقش بزرگ یہ ہے۔

۱۳۰	۳۰۳	۷۵
۱۵	۲۶	۲۵۴
۵۲۷	یا ق بقں	۲۷۶

ایضاً۔ جس شخص کو احتلام خواب میں زیادہ شدت یا ہر
شب ہوتا ہو تو بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اور یا علیؓ تین مرتبہ اپنے سینہ پر اور یا عمرؓ ایکبار اپنی
کلمہ کی انگلی سے اپنے ناف پر لکھ کر سورہے انشاء اللہ تعالیٰ احتلام ہرگز نہ ہوگا نہایت
مجرب المجرب ہے صرف یا عمرؓ بطریق مذکور لکھ دینے سے احتلام نہیں ہوتا اور بارہا کا آزمودہ
ہے۔ ایضاً۔ جو کوئی سورۂ یٰسین کو پڑھ کر سورہے گا۔ خواب میں احتلام ہرگز نہ ہوگا۔
مجرب ہے۔

فصل ۱۸۔ متفرقات میں۔ کتاب مغائر الاسلام میں لکھا ہے کہ جس شخص کو آنحضرت
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت کا شرف حاصل کرنا منظور ہووے ایک ہزار بار درود شریف
جمعہ کے روز پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِنِ النَّبِیِّ الْاُمِّی انشاء اللہ تعالیٰ خواب میں
شرف رویت سے مشرف ہوگا۔ اور اگر اس جمعہ کو محروم رہے تو دوسرے جمعہ کو پڑھے
اسی طرح پانچوں جمعوں تک پڑھتا رہے بفضلہ تعالےٰ شرف ملازمت سے ضرور مشرف ہوگا
ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے حافظہ کے ان آیات کو روٹی کے ٹکڑے پر پڑھ کر نہار منھ
کھاوے تو انشاء اللہ تعالےٰ حافظہ زیادہ ہو جاویگا۔ اس ترتیب سے لکھے روز شنبہ
فتعالی اللہ الملك الحق روز یکشنبہ (ب) در علماء روز دوشنبہ سنقرئك فلا تنسٰی
روز سہ شنبہ انه یعلم الجهر وما یخفٰی روز چہارشنبہ لا تحرك به لسانك
لتعجل به روز پنجشنبہ ان علینا روز جمعہ فاذا قرأناه فاتبع قرانه۔ مؤلف کو
ایک درویش نے اجازت دی ہے اور فقیر مؤلف اپنے سب بھائی مسلمانوں کو اجازت
دیتا ہے بخوشی تمام اللہ تعالےٰ سب کے مقصد پورے کرے۔ ایضاً۔ واسطے زیادہ ہونے
فہم اور حافظہ کے ان آیات کریمہ کو اوّل و آخر درود شریف گیارہ بار پڑھ کر ہر نماز

کے بعد پڑھے آیت کریمہ یہ ہے۔ قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي عَلَّمَ الْإِنسَانَ يَعْلَمْ رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا۔ اگر کوئی شخص سفر کو جاوے اور اس مربع کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ہرگز چلنے سے نہ تھکے گا اور قوت زیادہ پیدا ہوگی۔ وہ نقش معظم یہ ہے۔

مقتدر	قوی	قائم	قادر
قائم	قادر	مقتدر	قوی
قادر	قائم	قوی	مقتدر
قوی	مقتدر	قادر	قائم

ایضاً۔ تفسیر معانی میں لکھا ہے کہ جب مکھی یا مچھر ایذا دیویں تھوڑا سا دریا کا بالو ریت لیکر ان آیات کریمہ کو پڑھے اور اسے گھر میں چھڑک دے۔ مکھی اور مچھر وغیرہ دور ہونگے وہ آیت کریمہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قال اللہ خیر حافظا وھو ارحم الراحمین فتبارک اللہ احسن الخالقین اشودع اللہ زنبک ومالک وزوجک۔ ایضاً۔ کتاب مفتاح الجنان میں لکھا ہے کہ جب بھڑیں بہت ہوجائیں اور لوگوں کو ستاویں تو چاہیے کہ تھوڑا نمک لیکر اور پانی میں گھول کر گھر میں چھڑکیں اور یہ دعائیں بار بار پڑھیں ایک ہفتہ میں سب بھڑیں انشاء اللہ دور ہوجاینگی۔ دعائے بزرگ یہ ہے۔ بحق اھیا اشراھیا ادونی غیاث وبحق عنت الوجوہ للحی القیوم۔ واسطے دفع چینٹیوں کے اس آیت کو پانی پر پڑھ کر چینٹیوں کے سوراخ میں ڈالے۔ وہ آیت کریمہ یہ ہے حَتّٰی اِذَا اَتَوْا عَلٰی وَادِ النَّمْلِ آخر تک پڑھے یہ عمل بھی مفتاح الجنان میں لکھا ہے ایضاً جس کسی کو بچھو یا سانپ یا کنکھجورا یا اور کوئی جانور زہردار کاٹے تو چاہیے کہ اس دعا کو سات مرتبہ پڑھکر قند سیاہ پر دم کرے اور گزیدہ کو کھلاوے یا شربت بنا کر پلاوے بفضل خدا بہت جلد صحت پاوے اور وہ یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم قل اعوذ برب الصحۃ من شر کل عقرب وحیۃ انہ یکیدون کیدا واکید کیدا فمھل الکافرین امھلھم رویدا۔ ایضاً۔ جس شخص کو بچھو کاٹے تین مرتبہ اس منتر کو پڑھ کر دم کرے زہر دفع ہوگا منتر یہ ہے۔ کالا بچھو بھو کنا گروا زہری تو بچہ سونے کا ناگوار دیا الیسر بناوے بچھو خواجہ معین الدین چشتی کی آن۔ ایضاً۔ جس کو کتا کاٹے ایک چلو بھر پانی لیوے۔ اور اس افسوں کو تین بار پانی پر دم کرے اور پلادے وہ یہ ہے۔ کالی ناگن چھپ کر کے الانس کو کھاوے کارے کتے اور سیارے کا ٹا مرے پانی جائے۔ ایضاً واسطے دفعیہ کل زہروں

کے اس آیت کو ڈھول پر لکھے اور بجاوے اس کو۔ آیت یہ ہے۔ لمن النور وکفرہ ؕ آخر آیت تک تمام کرے۔ ایضاً اگر کسی جگہ آگ لگی ہو تو اسمائے اصحاب کہف پیالے پر لکھ کر آگ میں ڈالے آگ فوراً ہی بجھ جاویگی اور وہ اسما یہ ہیں۔ الٰهی بحرمتِ یملیخا مکسلمینا کشفوطط ادرفطیونس کشافطیونس فکیونس کلبهم قطمیر ایضاً۔ اگر پانی نہ برستا ہو اور کھیت وغیرہ میں حرج ہو تو ایک کاغذ پر باطہارت اسمائے اصحاب کہف لکھ کر دریا میں ڈالے انشاء اللہ پانی ضرور برسے گا۔ مجرب ہے۔ ایضاً۔ واسطے پانی برسنے کے چالیس روز سفید کاغذ یا کسی تختی پر لکھ کر درخت پر لٹکا دے تاکہ ہوا جنبش دے انشاء اللہ تعالےٰ ابر غلیظ غیب سے نمودار ہوگا اور برسے گا۔ جب پانی بہت برسے اور زراعت ومکانات کو نقصان ہو تو اکتالیس بار حرف ق کو کاغذ سفید پر لکھے اور درخت سبز میں لٹکا دے پانی برسنے سے موقوف رہے گا۔ مجرب ہے۔ کتب احادیث میں لکھا ہے کہ پہلی رات کا جب چاند دیکھے تو کہے اللہ اکبر اور یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيْمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ وَالتَّوْفِيْقِ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى۔ رَبِّيْ وَرَبُّكَ اللّٰهُ ؕ ایضاً۔ مقصود العاشقین وغیرہ میں لکھا ہے کہ جب پہلی رات کا چاند دیکھے تو بعد دعائے ہلال کے سورۂ الحمد شریف تیس بار پڑھے مہینہ بھر ہر ایک آفت وبلیات سے محفوظ رہیگا۔ اور روایتوں میں پڑھنا سورۂ یٰسین کا ایک بار آیا ہے۔ ایضاً۔ جب کوئی نیا کپڑا قطع کرے تو ان دنوں کا لحاظ رکھے چنانچہ ایک کتاب راز النور میں حضرت علی کرم اللہ سے روایت ہے اور اسکو کسی شاعر نے نظم کیا ہے۔ نظم

بریدن جامہ نو را تو میداں ؛ بہ یکشنبہ شوی غمگین پریشاں ؛ کشاید رزق روزی در دوشنبہ بدریا بدوزر ور سہ شنبہ ؛ بروز چہار شنبہ شاد باشی ؛ بہ پنجشنبہ زخم آزاد باشی

بروز جمعہ گنج و مال یابی ؛ بہ پنجشنبہ غم و رنج فی الحال یابی

ایضاً۔ جب کوئی کپڑا نیا استعمال کرے۔ ان اشعار کے موافق دیکھ کر استعمال کرے وہ اشعار یہ ہیں۔ بہ شنبہ میشود نقصان حاجت ؛ بہ یکشنبہ بود دولت وراحت ؛ دوشنبہ را چو پوشی مرگ بینی۔ سہ شنبہ پوشی و غمگیں نشینی ؛ بروز چہار شنبہ دولت آید ؛ بہ پنجشنبہ لبسے دولت نماید ؛

بروز جمعہ دنیا و دیں بیاید ؛ چنیں تعبیر حکمایاں نماید

ایضاً۔ جس شخص کے کان میں درد ہو اور نہایت تکلیف وبے چینی ہو یہ آیت کان لہ

یسمعہا کان فیہ اُذنیہ وقراً آخر تک پڑھ کر دم کرے انشاء اللہ تعالےٰ درد فوراً دفع ہوگا۔ ایضاً۔ جس شخص کے کان میں درد سے تکلیف اور ایذا بہت ہو کوئی شخص یا سمیع پڑھ کر اسکے کان میں دم کرے انشاء اللہ تعالیٰ فائدہ ہوگا۔ ایضاً۔ جس شخص کے گلے میں درد ہو دوشنبہ یا جمعہ کو یہ تعویذ لکھے اور گلے میں باندھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیمؕ الیٰ اللہ الیٰ اللہ ھو بو اکع فی اللوح انشاء اللہ تعالےٰ درد اور ورم گلے کا دُور ہوگا۔ ایضاً جس کسی کو کھانسی خشک ہو روغن چنبیلی پر سات بار سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ کے دم کر کے اول و آخر درود شریف پڑھ کر دم کرکے اور مریض اس روغن کو اپنے گلے میں بعد نماز عشا کے ملا کرے انشاء اللہ تعالےٰ شفا پاویگا۔ ایضاً۔ کتاب مقصود العاشقین میں لکھا ہے کہ حوالی مصر میں ایک بزرگ رہتے تھے جب اُنکی وفات کا وقت قریب پہنچا اور پیمانہ لبریز ہو کر چھلکنے پر آیا تو فرمایا کہ دوات قلم لاؤ۔ ایک دعا مجکو یاد ہے اس کو لکھ لو۔ چنانچہ دعا لکھ کر تعلیم فرمائی کہ میں ہمیشہ اس دعا کو واسطے درد ران کے پڑھا کرتا تھا اور بعنایت پروردگار عالم شفا ہوتی تھی وہ دعا یہ ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کھیٰعص حٰم عسق اللہ لا الٰہ الا ھو رب العرش العظیم اسکن یکھیٰعص ذکر رحمت ربك عبدہٗ ذکریا اسکن الذی سکن لہ ما فی السمٰوات وما فی الارض وھو السمیع العلیمؕ

خاتمۃ الطبع

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ نَحْمَدُہٗ وَنَسْتَعِیْنُہٗ وَنَسْتَغْفِرُہٗ وَنُؤْمِنُ بِہٖ وَنَتَوَکَّلُ عَلَیْہِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَیِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ یَّھْدِہِ اللّٰہُ فَلَا مُضِلَّ لَہٗ وَمَنْ یُّضْلِلِ اللّٰہُ فَلَا ھَادِیَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَنَشْھَدُ اَنَّ سَیِّدَنَا وَنَبِیَّنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ اما بعد یہ نقش سلیمانی حصہ اوّل مؤلفہ خواجہ اشرف علی لکھنوی قرآنی آیات اور احادیث کی روایات سے بھری ہوئی طالبان تعویذات کیلئے کیمیا کا اثر رکھتی ہے۔ عاملین اگر شرائط مذکورہ کتاب ہٰذا کے ساتھ عمل کریں تو اس کو مستجے کے ساتھ کامل الاثر پائیں۔

طابع و ناشر محمد طاہر علی اولاد نے علی بھائی شرف علی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹیڈ کے زیر اہتمام مطبع محمدی ... میں طبع کرا کے شائع کیا

وسخر لکم اللیل والنہار والشمس والقمر والنجوم مسخرات بامرہ

نقشِ سلیمانی

معروف بہ

مجرباتِ سلیمانی

حصّہ دوم

مصنفہ عامل باکمال حضرت خواجہ اشرف علی صاحب لکھنوی

باہتمام علی بھائی شرف علی اینڈ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ

تاجرانِ کتب و مالکانِ مطبع محمدی گنپاوڈر روڈ مجگاؤن بمبئی ۱۰

نمبر ۳۷۳ ابراہیم رحمت اللہ روڈ بمبئی ۳

فہرست ابواب نقش سلیمانی حصہ دوم

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمدللہ الذی نزل القران معجزا وشفاء للمومنین وقذفا دالخسران بر الکفرۃ والظالمین والصلوٰۃ علی رسولہ الذی خلقہ رحمۃ للعالمین واعطی فی لسانہ وریقہ وممسوحات جسدہ الشریف المنیف اعجاز الشفاء المرضاء وانجاح مآرب الطالبین وعلیٰ آلہ واصحابہ الذین اسماوہم احراز عظیمۃ ورتایاء کریمۃ لاندفاع مفاسدۃ المردۃ والشیاطین ۔

بعد حمد وصلوٰۃ کے بندۂ گنہ گار بیچد ابوسلیمان ظہیر الدین احمد المدعو بخواجہ شایقان تعویذات کی خدمت میں عرض کرتا ہے کہ مجھ کو سن شعور سے عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے کا شوق رہا۔ بعض ارباب کشف وکرامات واکثر صاحبان حق پرست وخوش اوقات کی خدمت میں حاضرہ کر استفادہ کرتا رہا۔ چنانچہ مشائخان طریقت اور کاملان فن شریف ہٰذا سے اعمال صحیح الاسناد اور احراز قابل الاعتماد جن کے اسناد بہمہ وجوہ درست ہیں اسقدر ملے کہ فقیر کے پاس خزینۂ عمل اور گنجینۂ تعویذ جمع ہو گیا تو فقیر کو یہ خیال آیا کہ اس خزانہ کو پوشیدہ رکھنا حاجتمندوں پر ایثار نہ کرنا بخل ہے البخیل عدو اللہ ولو کان زاہدًا کا مصداق بننا خوب نہیں اب اس ذخیرہ سے کچھ لے کر بندگان خدا کی نذر کیجئے۔ بنظر ان وجوہ کے پہلے اس سے ۱۲۸۶ سنہ ہجری میں ایک رسالہ موسوم بہ نقش سلیمانی لکھا اور عنایت خدائے کریم سے وہ ایسا مطبوع طبائع اصحاب بصیرت اور ارباب خبرت ہوا کہ متعدد مرتبہ چھپا بعد مرور ایک زمانۂ ممتد کے بعض نقوش واعمال کا جو مجھے اپنے تجربے سے حاصل ہوئے انکا بھی اظہار کر بندگان خدا کو انسے منافع عظمیٰ کا پہونچانا ضروری ہے جان کر اب رسالہ ہٰذا کی تدوین پر کمر ہمت باندھی۔ تھوڑے دنوں میں خدا کی عنایت سے حسب ارادہ دلی وموافق خواہش قلبی اعمال ونقوش علوی ترتیب وار جمع

ہو گئے تب بعض دوستوں نے اصرار کیا کہ کچھ اعمال سفلی یعنی منتر اور جنتر وغیرہ بھی اس رسالے میں لکھے جاویں تو اہل ہنود بھی اس سے فائدہ اٹھاویں۔ فقیر نے انکو بھی اخیر میں لکھدیا کہ کوئی شخص اسکے فیض سے محروم نہ رہے اور اس رسالہ مختصر کا نام مجربات سلیمانی رکھا۔ ناظرین جہاں کہیں غلطی پائیں عفو فرماویں اگر نفع اٹھاویں دعائے خیر سے بھول نہ جائیں۔ وھو علیٰ کل شیٔ قدیر و بالاجابۃ جدیر۔ اور اس رسالہ میں چھ باب ہیں۔

باب اول۔ اس میں تین فصلیں ہیں

فصل اوّل تاثیرات اسمار کے اثبات میں:۔ جان تو کہ تاثیرات اسمائے الٰہی حق ہیں جیسا فرمایا اکابرین نے کہ تاثیرات الاسماء حق یعنی مومنین کامل الیقین کا عقیدہ ہے اور جو بعضے منکرین تاثیرات اسمائے حسنیٰ اور آیات قرآنی وغیرہ سے انکار کرتے ہیں اور اس کو فعل عبث سمجھتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ان میں کچھ بھی تاثیر نہیں۔ اسکے پڑھنے سے کیا ہوگا۔ ہم کو تو خدا پر توکل ہے۔ ان باتوں سے اظہار توکل کرتے ہیں۔ راہ حق کو چھوڑکر گمراہ ہو گئے ہیں۔ طرح طرح کی اپنی جاہلانہ تقریریں لاتے ہیں۔ اللہ جہل سے بچائے۔ گمراہوں کو راہ راست دکھائے۔ منکروں کے کفر توڑنے کو اثبات تاثیرات اسمار میں چند دلائل عقلی و نقلی لکھتا ہوں۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ اور حضرت رسول کریم علیہ التحیۃ والتسلیم نے فرمایا ہے۔ مَنْ لَّمْ یَسْتَشْفِ بِالْقُرْاٰنِ فَلَا شِفَاءَ لَهٗ اور اصحاب کرام بہ اتباع رسول انام آیات قرآنی اور ادعیہ پڑھ کر اکثر بیماروں وغیرہ پر دم کرتے تھے۔ اور علمائے اس بارے میں بہت کچھ لکھا ہے اور مشائخ امت محمدیہ نے آیات قرآنی سے صدہا قسم کے اعمال مقرر کئے ہیں۔ انکی زکوٰۃ دینے کے طریقے اپنے مریدوں کو تعلیم فرماتے ہیں۔ ایسے امر بیّن سے انکار کرنا سفیہ کا کام ہے ہر ذی عقل اس سے باہر ہے کہ خالق جل شانہٗ نے کوئی چیز ایسی مخلوق نہیں کی کہ جس میں کچھ تاثیر نہ ہو۔ احجار اور اشجار اور اثمار وغیرہ کی بیشمار تاثیریں دیکھنے میں آتی ہیں اسمار الٰہی اور آیات قرآنی اور ادعیہ کہ اشرف المخلوقات اور الطف کائنات ہیں ان میں تاثیرات کا ہونا کیا بعید ہے ان کی تاثیرات اور کیفیات نفع و ضرر برای العین مشاہدہ ہوتی ہیں اور قیامت تک یہ سلسلہ جاری رہیگا۔ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ؕ نیک نیتی سے عمل پڑھنا بھی اللہ کو پکارنا ہے۔ مثلاً کسی نے مشکل کے آسان ہونے کو اسمار حسنیٰ سے کسی اسم کو پڑھا تو یہ بھی استعانت

باللہ اور رجوع الی اللہ ہوئی جس کی سندیں متواتر کتاب اللہ اور حدیث رسول خدا اور اجماع اُمت سے پائی جائیں اس سے اعراض کرنا باعث الحاد ہے العیاذ باللہ من سوء الاعتقاد ایسے منکرین کی شان میں یہ کہا جائے گا ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم   چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

ہر امر میں ترکیب کو بڑا دخل ہے بغیر ترکیب کے کوئی چیز موثر نہیں ہوتی۔ مثلاً اطبار نے مرضوں کیلئے نسخے ترکیب دیتے اور اوقات استعمال بھی ساتھ لکھ دیتے۔ اس ترکیب خاص کیساتھ استعمال کرنے سے مفید ہوتے ہیں اور اگر کچھ بھی خلاف ہوا کچھ کا کچھ ہو گیا۔ اگر کوئی شخص ناواقف بغیر تشخیص مرض دوا کی تاثیرات دیکھ کر ایک نسخہ غیر مربوط لکھ دے اس کے استعمال سے سوائے نقصان کے فائدہ نہ ہو گا مثل مشہور ہے۔ نیم حکیم خطرۂ جان۔ کوئی مکان یا کپڑا یا کھانا بدون ترکیب کے تیار نہیں ہو سکتا ہے۔ ایسا ہی عمل پڑھنے میں متعین وقت اور جملہ ترکیبات کو فرما دیا تاکہ شاغل کی محنت برباد نہ ہو جب ترکیب خاص کے ساتھ جو عمل یا تعویذ کیا جائیگا تو ضرور موثر ہو گا۔ اگر یہ کہا جائے کہ ہم نے عمل پڑھے اور تعویذ لکھے کچھ تاثیر نہ ہوتی یہ تو اپنا قصور ہے اسکے واسطے دو امر بہت ضرور ہیں۔ روزی حلال اور صدق مقال یہ اُمور عوام بلکہ بعض خواص میں بھی مفقود ہیں بغیر اسکے ہرگز عمل مقبول نہیں۔ آپ خود تو اسکے لائق نہیں ناواقفی سے کر کے آخر کو بداعتقاد ہو کر طعن و تشنیع کرتے ہیں اگرچہ خداوند تعالیٰ نے سب امورات جو ہوتے اور ہونگے لوح تقدیر میں لکھ دیتے ہیں مگر یہ بھی حکم فرمایا۔ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ[1] عاقل کو چاہیئے کہ محض سرنوشت پر غافل نہ رہے اپنے مطلب کو درگاہ الٰہی میں عرض کرتا رہے یقین کرنا چاہیئے کہ دوا ہو یا دُعا بغیر حکم الٰہی کے اثر اسکا ظاہر نہیں ہوتا۔ لَا تَتَحَرَّکُ ذَرَّۃٌ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰہِ[2]۔ کبھی ایک دوا سے فائدہ ہوتا ہے اور کبھی اس کو نقصان۔ نفع اور ضرر خدا کے اختیار ہے کسی کو کچھ دخل نہیں۔ اگر دعا اور دوا کی تاثیر ظاہر نہ ہو تو خیال کرنا چاہیے کہ مرضی الٰہی یوں ہی تھی اور اسی میں بہتری ہے اور انسان بہت سے کاموں کو اپنے لئے اچھا جانتا ہے اور وہ حقیقت میں اسکے لئے بُرے ہوتے ہیں اور جن کو بُرا جانتا ہے۔ وہ خدائے علیم کے علم میں اسکے لئے اچھے ہیں۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ وَعَسٰٓی اَنْ تَکْرَھُوْا شَیْئًا وَّھُوَ خَیْرٌ لَّکُمْ ۚ وَعَسٰٓی اَنْ تُحِبُّوْا شَیْئًا[3]

---

[1] مجکو پکارو کہ میں پہنچوں میں تمہاری پکار کو [2] نہیں ہلتا کوئی ذرہ مگر ساتھ حکم اللہ کے ۱۲ [3] اور وہ شاید تمکو بری لگے ایک چیز اور وہ بہتر ہو تم کو اور خوش لگے ایک چیز اور بُری ہو تم کو ۱۲ ۔

وَهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ ط چنانچہ چلّہ کشی بھی اصل اصول ہے۔ اسواسطے حضرات مشائخ قدس سرہم نے چلّہ میں بیٹھنا اختیار کیا ہے اور اسناد اسکے آیہ کریمہ وَاِذْ وٰعَدْنَا مُوْسٰى اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۱ اور آیہ وَوٰعَدْنَا مُوْسٰى ثَلٰثِيْنَ لَيْلَةً وَّاَتْمَمْنٰهَا بِعَشْرٍ فَتَمَّ مِيْقَاتُ رَبِّهٖۤ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ۲ سے استنباط فرمایا ہے۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے بارشاد رب الارباب کوہِ طور پر چلّہ کھینچا اور اس چلّہ کشی میں درگاہ الٰہی سے بہت کچھ نعمتیں ملیں۔ اس امر سے اتباع حضرت موسیٰ علیہ السلام کا پایا جاتا ہے جو انبیاء علیہم السلام کے طریقے پر چلے گا وہی راہ راست پائیگا انکی اطاعت عین ایمان ہے۔ حدیث قدسی میں وارد ہے کہ خَمَّرْتُ طِيْنَةَ اٰدَمَ بِيَدِيْ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا ۳ اور رسول کریم فرماتے ہیں کہ مَنْ اَخْلَصَ لِلّٰهِ تَعَالٰى اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا ظَهَرَتْ لَهٗ يَنَابِيْعُ الْحِكْمَةِ مِنْ قَلْبِهٖ عَلٰى لِسَانِهٖ ۴۔ آیات اور احادیث سے تعداد چالیس دن کی پائی جاتی ہے اور کتب تصوف میں گوشہ نشینی کے اکثر فوائد لکھے ہیں اور اس سے صدہا طرح کی کشود ظاہری اور باطنی ہوتی ہے۔ ہمارے ارباب طریقت نے جو اس کو اختیار کیا ہے ہزارہا فائدے اس سے حاصل ہوتے ہیں۔ جَزَاهُمُ اللّٰهُ فِي الدَّارَيْنِ خَيْرًا نافہم نقش مربع اور مثلث کو بدعت تصور کرتے ہیں یہ بھی خلاف استحسان ہے اس لئے کہ زمانہ سلف سے آج تک صدہا عارفین اور ہزارہا کاملین لکھتے آئے ہیں۔ بڑے بڑے علماء کا اس پر اتفاق ہے مَا رَاٰهُ الْمُؤْمِنُوْنَ حَسَنًا فَهُوَ عِنْدَ اللّٰهِ حَسَنٌ ۵۔ اس کو مذموم سمجھنا دور از عقل ہے ع

بر رسولاں بلاغ باشد و بس وَمَا تَوْفِيْقِيْۤ اِلَّا بِاللّٰهِ۔

تنبیہ۔ جان تو کہ عاملان نامدار اور مرشدانِ کامگار نے فرمایا ہے کہ جب کوئی عمل پڑھنے کا شائق ہو تو ضرور ان امورات کا دھیان رکھے اول یہ کہ اسمائے الٰہی اور اسکے سوگند دینے اور نام ہائے بنی آدم کو اسمائے باری تعالیٰ سے موافق کر کے معلوم کرے دوسرے یہ کہ بارھوں برجوں کی کیفیت اور ساتوں ستاروں کی حقیقت کو دریافت کرے تیسرے یہ کہ حساب ابجد اور استخراج طالع بنی آدم کو دیکھے۔ چوتھے یہ کہ شب و روز کی سعد و نحس ساعتوں کو دیکھ کر عمل شروع کرے تاکہ محنت ضائع نہ ہو جب دلخواہ کام ہو بخیر و خوبی انجام مرام ہو۔ اب سب کا انشاء اللہ تعالےٰ بالتفصیل آگے بیان ہوگا پس تبرکاً و تیمناً فقیر اسمائے الٰہی کے سوگند دینے کا ذکر کرتا ہے۔

---

۱ اور جب وعدہ کیا موسیٰ سے ہم نے چالیس رات کا ۲ اور وعدہ ٹھہرایا ہم نے موسیٰ سے تیس رات کا اور پورا کیا انکو اور دس سے تب پوری ہوئی مدت تیرے رب کی چالیس رات میں ۳ خمیر کیا میں نے آدم کی مٹی کو اپنے ہاتھ سے چالیس دن میں ۴ جو کوئی خلوص کرے آپ کو خالص اللہ بعد چالیس دن کے ظاہر ہونگے اس کیلئے چشمے حکمت کے اسکے دل سے اسکی زبان پر ۵ جو مومنین اچھا سمجھیں وہ اللہ کے نزدیک اچھا ہے ۱۲۔

فصل ۲۔ سوگند دینے کے بیان میں۔ عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے میں۔ اوّل نام خدائے تعالیٰ کو مددگار کرے اور اسی سے خواستگار اپنے کام کا ہو سرحرف اپنے نام اور اسم باری تعالیٰ کو موافق کرے مثلاً طالب احمد اور مطلوب ابراہیم ہے اسکے موافق اسم خدائے برتر یہ ہے جیسے اللّٰہُ اَحَدٌ اَوّلُ وَ آخِرٌ کو ملا کر سوگند دے پھر موکل حرف الف کہ اسرافیل ہے اس کو کہے یا اسرافیل محبت احمد در قلب ابراہیم ثابت گرداں اور موکلات برجوں اور ستاروں کی بھی سوگند دے اسطرح پر کہ یا فلاں موکل بحق یا اللہ یا اَحَدُ یا اَوّلُ یا آخِرُ محبت فلاں بن فلاں در قلب فلاں بن فلاں ثابت گرداں اور اسی طرح سے قیاس کرے اگر نام مختلف ہیں تو دو نام ضم کرے۔

فصل ۳۔ اسم باری تعالیٰ اور نام بنی آدم کے امتزاج کے بیان میں۔ جس شخص کے سر اسم الف ہو جیسے کہ احمد و ابراہیم وغیرہ اسکے موافق اللہ احد اول و آخر ہے۔ اسی طرح اور ناموں کو امتزاج کرلے اب بہ ترتیب حرف تہجی خدائے تعالیٰ کے نام لکھتا ہوں۔ ا یا اَللّٰہُ یا اَحَدُ یَا اَوّل یا آخر۔ ب۔ یَا بَاسط یَا بَاطِن یا بَادِی یَا بَاعث۔ ت۔ یَا توّاب۔ ث یا ثابت۔ ج۔ یا جَبّار یَا جَلِیل۔ ح۔ یَا حَیُّ۔ خ۔ یَا خالق یا خبیر۔ د۔ یَا دیّان یا دائم۔ ذ۔ یا ذوالجلال والاکرام۔ ر۔ یَا رَبّ یا رشید یَا رَقِیبُ یَا رَزّاق یَا رحمٰن یَا رحیم۔ ز۔ یَا عزیز۔ س۔ یا سمیع یا سلام ش۔ یا شکور یا شہید ص۔ یا صمد یا صبور۔ ض۔ یا ضار۔ ط یا طاہر۔ ظ یا ظاہر۔ ع یا علیم یا عظیم غ۔ یا غفور یا غنی یا غفار۔ ف یا فتاح۔ ق یا قادر یا قدیر یا قدیم یا قہار یا قیّوم۔ ک یا کریم یا کافی یا کبیر۔ ل یا لطیف۔ م یا مومن یا مہیمن یا متکبر یا معز۔ ن یا نور یا نافع۔ و یا واحد یا وھاب یا ودود یا واحد۔ ھ یا ھادی۔ ی یا حیّ۔ اگر حرف اوّل موافق نہ ہو تو حرف اخیر کو ملادے جیسے کہ کسی شخص کا نام یحییٰ ہے تو یا حی کو ملادے جس کام کے واسطے امتزاج کرے اسی کے موافق نام باری تعالیٰ کو لے جیسے ترقی رزق کے لئے یا رزاق قِس علیٰ ھٰذا۔

باب دوسرا اس میں دو فصلیں ہیں

فصل اوّل۔ برجوں کے بیان میں۔ بارہوں برجوں کے ناموں کو کسی شاعر نے نظم کیا ہے تاکہ طالب کو ان کے نام بآسانی یاد ہو جائیں۔ اور عند الضرورت کام آویں۔

ہے حمل نام بُرج اوّل کا ہے چھٹا بُرج سنبلہ بے کد ہے نواں برج برج قوس میاں	دوسرا ثور تیسرا جوزا بُرج ہفتم کا نام ہے میزان جدی ہے ان بروج میں دسواں	چوتھا سرطان پانچواں ہے اسد برج ہشتم کا نام عقرب جان گیارھواں دلو بارھواں ہے حوت
	نہیں ان میں کسی کو جائے سکوت	

فقیر عفی عنہ نے مفصل کیفیت بروج کی نقش سلیمانی (حصّہ اوّل) میں لکھی ہے اور انکے حروف اور موکلات وغیرہ میں بڑا اختلاف ہے۔ اس فقیر نے اپنے استاد سے دو طرح کر پائی ایک کو نقش سلیمانی میں لکھا اور دوسرے کو اس کتاب میں درج کیا ہے۔ واللہ تعالیٰ اعلم کیفیۃ الحال جاننا چاہئے کہ عاملوں کے نزدیک بارھوں برج تین قسم کے ہیں۔ اوّل۔ ثابت جس کی ہندی استھر ہے۔ دوم منقلب جس کو اہل ہند چر کہتے ہیں۔ سوم ذوجسدین یعنی دوسبھاؤ۔ جب آفتاب برج ثابت میں آوے عمل تسخیر اور فتوح وغیرہ کا پڑھے اور منقلب میں ہلاکی دشمن وغیرہ اور ذوجسدین میں دونوں کا پڑھنا مقرر ہے اور منقلب میں حُب کا عمل نہ پڑھے۔ اب بارھوں بُرجوں کی کیفیت نقشہ مندرج سے دریافت کرے نقشہ یہ ہے۔

نقشہ بروج دوازدہ گانہ

حملؔ میکھ ماہ بیساکھ خانہ مریخ شرقی آتشی سرخ وبال زہرہ شرف آفتاب ہبوط زحل مذکر منقلب موکل تنکفیل حرف ا ع ل ی	ثورؔ برکھ ماہ جیٹھ خانہ زہرہ جنوبی خاکی سفید وبالؔ مریخ شرف قمر مونث ثابت موکل میکائیل حرف ا ب	جوزاؔ متھن ماہ اساڑھ خانہ عطارد غربی بادی زرد وبال مشتری وشرف راس ہبوط ذنب کر ذوجسدین موکل کلکائیل حرف ق ک
سرطانؔ کرک ماہ ساون خانہ قمر شمالی آبی سفید و بال زحل شرف مشتری ہبوط مریخ مونث منقلب موکل ہمواکیلؔ حرف ع و	اسدؔ سنگھ ماہ بھادوں خانہ شمس شرقی آتشی سرخ وبال زحل مذکر مذکر ثابت موکل اسرافیلؔ حرف م	سنبلہؔ کنیاں ماہ کنوار خانہ عطارد جنوبی خاکی سبز وبال مشتری شرف عطارد ہبوط زہرہ مونث وجسدین موکل ہمواکیلؔ حرف ب و
میزانؔ تلا ماہ کاتک خانہ	عقربؔ برچھیک ماہ اگھن	قوسؔ دھن ماہ پوس خانہ

زہرہ غربی بادی سفید وبال مریخ شرف زحل ہبوط آفتاب مذکر منقلب مؤکل روماٸیلؑ حرف ر ت ط	خانہ مریخ شمالی آبی سرخ وبال زہرہ ہبوط قمر مؤنث ثابت مؤکل لومائیلؑ حرف ج ن ض ر و ط	مشرق شرقی آتشی زرد وبال عطارد شرف ذنب ہبوط راس مذکر ذوجسدین مؤکل عطرئیل حرف ف
جدی مکر ماہ ماگھ خانہ زحل جنوبی خاکی سیاہ وبال قمر شرف مریخ ہبوط مشتری مؤنث منقلب مؤکل کاکائیل حرف خ غ	دلو کنبھ ماہ پھاگن خانہ زحل غربی بادی زرد وبال آفتاب مذکر ثابت مؤکل وردائیلؑ حرف ص س ش ث ک	حوت مین ماہ چیت خانہ مشتری شمالی آبی سرخ وبال عطارد شرف زہرہ مؤنث ذوجسدین مؤکل تنکفیل حرف ح د

فصل ١۔ طالع کے بیان میں۔ جس کسی کا طالع دریافت کرنا ہو اسکے نام کے عدد اور اس کی ماں کے نام کے عدد نکال کر جمع کرے پھر اس مجموع کو بارہ سے طرح دے اگر ایک باقی رہے حمل ہے اگر دو بچیں ثور ہے۔ اگر تین بچیں جوزا ہے اگر چار باقی رہیں سرطان ہے اگر پانچ باقی رہ جاویں تو اسد ہے اگر چھ بچیں سنبلہ ہے اگر سات رہیں میزان ہے اگر آٹھ باقی رہیں عقرب ہے اگر نو بچیں قوس ہے اگر دس بچیں جدی ہے اگر گیارہ بچیں دلو ہے اگر بارہ بچیں حوت ہے۔ مثال یہ ہے نام طالب محمود بن رحمت عدد اسکے سات سو چھیالیس ہیں جب بارہ سے طرح دو دو بچے طالع اسکا برج ثور ہے اسی طرح سے عدد مطلوب کے نام کے نکالے اگر برج عاشق آتشی ہے اور معشوق آبی درمیان آب و آتش کے مخالفت ہے دو تعویذ لکھے ایک تعویذ آتشی اور دوسرا آبی اور اگر طالع عاشق بادی اور طالع معشوق خاکی ہے اس صورت میں بھی دو تعویذ لکھے اور اگر طالع طالب آبی اور طالع مطلوب خاکی ہے اس میں موافقت ہے ایک تعویذ کافی ہے جیسا مزاج ہو اس کے موافق تعویذ لکھے آتشی کیلئے آتشی۔ اور آبی کیلئے آبی و قس علی ہذا۔ جان تو کہ جس شخص کا طالع حمل ہو اس کیلئے تعویذ محبت یکشنبہ یا سہ شنبہ کے دن اول وقت اور آخر روز عداوت وغیرہ کیلئے لکھے اور اگر طالع ثور ہے تو دوستی کے واسطے جمعہ کے دن صبح کی نماز کے وقت اور عداوت وغیرہ کے واسطے زوال کے وقت۔ اور اگر جوزا ہو تو حب کیلئے روز شنبہ کو آخر دن میں اور اگر سرطان ہو سازداری کے واسطے شنبہ کے دن بعد نماز صبح کے اور عداوت کے لئے روز چہارشنبہ زوال کے وقت۔ اگر سنبلہ ہے تو محبت کیلئے جمعہ کے دن صبح کو اور نماز جمعہ کے وقت

عداوت کیلئے اور اگر عقرب ہے تو دوستی کیلئے جمعہ کے دن اوّل وقت اور عداوت کیلئے آخر وقت اور اگر قوس ہے تو محبت کیواسطے پنجشنبہ کے دن اور عداوت کیلئے روز دوشنبہ اگر میزان ہے تو دوستی کیلئے روز شنبہ اور عداوت کیلئے روز سہ شنبہ۔ اگر جدی ہے تو محبت کے واسطے روز یکشنبہ طلوع آفتاب کے وقت اور عداوت کیلئے روز آدینہ۔ اگر دلو ہے تو دوستی کیواسطے روز جمعہ اور عداوت کیلئے روز یکشنبہ شام کے وقت اگر حوت ہے تو دوستی کیواسطے روز جمعہ وقت صبح اور عداوت کیواسطے روز شنبہ کو لکھے۔ عامل کو ان امور کا بھی بیان لکھنا ضرور ہے

باب تیسرا اس میں تین فصلیں ہیں

فصل اوّل۔ ستاروں کے بیان میں۔ جب تعویذ لکھے یا عمل پڑھے تو ستارے کو دیکھے کہ اس کی کیا خاصیت ہے اس کے موافق عمل کرے ورنہ لکھنا اور پڑھنا ضائع ہوگا۔ اور کیفیت ستاروں کی نقشہ ذیل سے دریافت کرے۔

نام ستارہ	زحل یعنی سنیچر	مشتری یعنی برہسپت	مریخ یعنی منگل	شمس یعنی سورج	زہرہ یعنی شکر	عطارد یعنی بدھ	قمر یعنی چاند
مذکر یا مونث	مذکر	مذکر	مذکر	مذکر	مونث	خنثیٰ	مذکر یا مونث
رنگ	سیاہ	زرد	سُرخ	طلائی	سپید	فیروزی	سبز
مزاج	خاکی	آتشی	آتشی	آتشی	بادی	بادی	آبی
مقام	فلک ہفتم	فلک ششم	فلک پنجم	فلک چہارم	فلک سوم	فلک دوم	فلک اوّل
عامل	شنبہ	پنجشنبہ	سہ شنبہ	یکشنبہ	جمعہ	چہارشنبہ	دوشنبہ
موکل	شرفائیلؑ	رومائیلؑ	روماکیلؑ	ہمراکیلؑ	شرفائیلؑ	لومائیلؑ	عطرائیلؑ
حروف	ابجد	ہوزح	طیکل	منسع	فصقر	شت ثخ	ذضظغ

فصل ۲۔ ستاروں کی ساعت کے بیان میں۔ جان تو کہ ہر ستارہ کی علیحدہ علیحدہ خاصیتیں ہیں کوئی سعد کوئی نحس کسی کی کچھ تاثیر ہے کسی کی کچھ۔ اور ہر ایک ستارہ ایک وقت کا حاکم ہوتا ہے اسلئے عاملوں نے ستاروں کی ساعت کا دیکھنا مقرر کیا ہے یعنی ساعت سعد و نحس دیکھ کر تعویذ لکھے تاکہ محنت برباد نہ ہو اور ساعت ہر ستارہ کی ایک گھنٹہ کی ہوتی ہے اور ابتدا ساعت کی سات بجے صبح سے مقرر کی ہے۔ اس نقشہ ساعت نامہ سے ستارہ حاکم وقت کو دریافت کرے پھر اس کے

موافق بخور جلاوے اور ہند سے جو درمیان میں لکھے ہیں ان سے دن اور رات کے انگریزی گھنٹے مراد ہیں

شب	# ساعت نامہ	روز

زحل	مشتری	مریخ	شمس	زہرہ	عطارد	قمر
زحل ۱ روز شنبہ	مشتری ۸	مریخ ۹	شمس ۱۰	زہرہ ۱۱	عطارد ۱۲ دوپہر	قمر ۱
زحل ۲	مشتری ۳	مریخ ۴	شمس ۵	زہرہ ۶	عطارد ۷	قمر ۸
زحل ۹	مشتری ۱۰	مریخ ۱۱	شمس ۱۲	زہرہ ۱ شب	عطارد ۲	قمر ۳
زحل ۴	مشتری ۵	مریخ ۶	شمس ۷ روز یکشنبہ	زہرہ ۸	عطارد ۹	قمر ۱۰
زحل ۱۱	مشتری ۱۲	مریخ ۱ روز	شمس ۲	زہرہ ۳	عطارد ۴	قمر ۵
زحل ۶	مشتری ۷	مریخ ۸	شمس ۹	زہرہ ۱۰	عطارد ۱۱	قمر ۱۲
زحل ۱ شب	مشتری ۲	مریخ ۳	شمس ۴	زہرہ ۵	عطارد ۶	قمر ۷ روز دوشنبہ
زحل ۸	مشتری ۹	مریخ ۱۰	شمس ۱۱	زہرہ ۱۲	عطارد ۱ روز	قمر ۲
زحل ۳	مشتری ۴	مریخ ۵	شمس ۶ شام	زہرہ ۷	عطارد ۸	قمر ۹
زحل ۱۰	مشتری ۱۱	مریخ ۱۲	شمس ۱ شب	زہرہ ۲	عطارد ۳	قمر ۴
زحل ۵	مشتری ۶	مریخ ۷ روز سہ شنبہ	شمس ۸	زہرہ ۹	عطارد ۱۰	قمر ۱۱
زحل ۱۲	مشتری ۱ روز	مریخ ۲	شمس ۳	زہرہ ۴	عطارد ۵	قمر ۶ شام
زحل ۷	مشتری ۸	مریخ ۹	شمس ۱۰	زہرہ ۱۱	عطارد ۱۲ شب	قمر ۱ شب
زحل ۲	مشتری ۳	مریخ ۴	شمس ۵	زہرہ ۶	عطارد ۷ چہارشنبہ	قمر ۸
زحل ۹	مشتری ۱۰	مریخ ۱۱	شمس ۱۲	زہرہ ۱ روز	عطارد ۲	قمر ۳
زحل ۴	مشتری ۵	مریخ ۶ شام	شمس ۷	زہرہ ۸	عطارد ۹	قمر ۱۰
زحل ۱۱	مشتری ۱۲ شب	مریخ ۱ شب	شمس ۲	زہرہ ۳	عطارد ۴	قمر ۵
زحل ۶	مشتری ۷ روز پنجشنبہ	مریخ ۸	شمس ۹	زہرہ ۱۰	عطارد ۱۱	قمر ۱۲ روز
زحل ۱ روز	مشتری ۲	مریخ ۳	شمس ۴	زہرہ ۵	عطارد شام	قمر ۷
زحل ۸	مشتری ۹	مریخ ۱۰	شمس ۱	زہرہ ۱۲ شب	عطارد ۱ شب	قمر ۲
زحل ۳	مشتری ۴	مریخ ۵	شمس ۶	زہرہ ۷ روز جمعہ	عطارد ۸	قمر ۹
زحل ۱۰	مشتری ۱۱	مریخ ۱۲ روز	شمس ۱ روز	زہرہ ۲	عطارد ۳	قمر ۴
زحل ۵	مشتری ۶ شام	مریخ ۷	شمس ۸	زہرہ ۹	عطارد ۱۰	قمر ۱۱

زحل ۱۲ شب	مشتری ۱ شب	مریخ ۲	شمس ۳	زہرہ ۴	عطارد ۵	قمر ۶

فصل ۲۔ بخورات میں۔ طالب جب تعویذ لکھے تو جس ستارے کی ساعت میں لکھنے کا اتفاق ہو اسکے موافق بخور کرے۔ بخور دھونی کو کہتے ہیں اور بخورات ہر ستارے کے علیحدہ علیحدہ ہوتے ہیں اگر بخور اس ستارے کے موافق نہ ہوگا۔ فائدہ نہ ہوگا۔

زحل	عود۔ لوبان۔ رال۔ قرنفل۔
مشتری	مشک۔ جودانہ۔ کافور۔ صندل سُرخ۔ عود۔ شکر۔
مریخ	لوبان۔ عود۔ رال۔
شمس	دارچینی۔ عود۔ مشک۔ زعفران۔
زہرہ	عود۔ عنبر۔ مشک۔ صندل سفید۔ کافور۔ اسپند۔
عطارد	صندل سرخ۔ قرنفل۔ کافور۔ نمک سنگ۔ عود۔
قمر	شہد۔ کافور۔ عود

باب چوتھا اس میں نو فصلیں ہیں

فصل اوّل۔ بیان اعداد ابجد میں۔ کسی شاعر نے اعداد ابجد کو نظم کیا ہے ؎ یگاں شمار ز ابجد حساب تا حطی ٭ چنانچہ از کلمن دہ دہ است تا سعفص ٭ ولیک از قرشت تا ضظغ بود صد صد ٭ دل از حساب جمل شد تمام مستخلص۔ عامل کو حساب جمل کا سیکھنا بہت ضرور ہے۔ بغیر دریافت اعداد حروف تہجی کے کسی آیہ یا اسم کا نقش بھرنا غیر ممکن ہے۔ لہٰذا فقیر نے ایک نقشہ اعداد بہ ترتیب حروف آتشی و بادی و خاکی کے لکھ دیا ہے کہ ایک ہی جگہ دونوں معلوم ہو جائیں۔

نقشہ اعداد حروف تہجی

آتشی	ا ۱	ہ ۵	ط ۹	م ۴۰	ف ۸۰	ش ۳۰۰	ذ ۷۰۰
بادی	ب ۲	و ۶	ی ۱۰	ن ۵۰	ص ۹۰	ت ۴۰۰	ض ۸۰۰
آبی	ج ۳	ز ۷	ک ۲۰	س ۶۰	ق ۱۰۰	ث ۵۰۰	ظ ۹۰۰
خاکی	د ۴	ح ۸	ل ۳۰	ع ۷۰	ر ۲۰۰	خ ۶۰۰	غ ۱۰۰۰

فصل ۲۔ بیان مؤکلات حروف تہجی میں۔ عامل کو حروف تہجی کے مؤکلات کا حال معلوم کرنا

ضرور ہے۔ اور دیکھیے کہ اس اسم کے سرے پر کون حرف ہے اور اُس کی کیا خاصیت ہے اور اس کا کون موکل ہے یہ امر بھی تعویذ لکھنے اور عمل پڑھنے میں بہت کار آمد ہے۔ ا۔ اسرافیلؑ۔ ب جبرئیلؑ۔ ت۔ عزرائیلؑ۔ ث۔ میکائیلؑ۔ ج۔ کلکائیلؑ۔ ح۔ تنکفیلؑ۔ خ۔ مھکائیلؑ۔ د۔ دردائیلؑ۔ ذ۔ اہراکیلؑ۔ ر۔ امواکیلؑ۔ ز۔ شرفائیلؑ۔ س ھمواکیلؑ ش۔ ھمرائیلؑ۔ ص۔ اعجائیل۔ ض۔ عطکائیلؑ۔ ط۔ اسمائیلؑ۔ ظ۔ لوزائیلؑ۔ ع۔ لومائیلؑ۔ غ۔ لوخائیلؑ۔ ف۔ سرحماکیلؑ۔ ق۔ عطرائیل۔ ک۔ حروزائیل۔ ل۔ طاطائیل۔ م۔ رومائیلؑ۔ ن۔ حولائیلؑ۔ و۔ انتمائیلؑ۔ لا۔ دودائیل۔ ی۔ سراکیطائیل۔

فصل ۳۔ حروف طلسم کے بیان میں۔ اکثر ناواقف طلسم کو لکھتے ہیں اور اسکے حروف سے واقف نہیں ہوتے تو بالکل غلط اور بے قاعدہ لکھا جاتا ہے وہ بے فائدہ ہوتا ہے اس واسطے عامل کو چاہیئے کہ حروف خط طلسم کو بھی سیکھے تو فائدہ ہوگا ہر چند کہ خط طلسم بہت اقسام کے ہیں۔ لیکن فقیر بخیال اختصار فقط دو تین طرح کے خط طلسم لکھتا ہے۔

حروف خط نسخ۔ اب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض۔

حروف خط طلسم قسم اول۔ [illegible]

حروف خط طلسم قسم دوم۔ [illegible]

حروف خط طلسم قسم سوم۔ [illegible]

حروف خط نسخ۔ ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و لا ی ے

حروف خط طلسم قسم اول [illegible]

حروف خط طلسم قسم دوم [illegible]

حروف خط طلسم قسم سوم۔ [illegible]

فصل ۴۔ اقسام تعویذات میں۔ جان تو کہ تعویذ چار قسم کا ہوتا ہے۔ آتشی۔ بادی۔ آبی۔ خاکی۔ تعویذ آتشی وہ ہے کہ کاغذ یا کورے ٹھکورے یا ہرن کی جھلی پر لکھ کر آگ میں ڈالیں۔ واسطے محبت اور حاضر ہونے غائب وغیرہ کے لکھا جاتا ہے۔ جب تعویذ آتشی لکھے تو منھ پورب کی جانب ہو اور اپنے پاس آگ رکھ لے۔ اور بادی اسکو کہتے ہیں کہ لکھ کر درخت پر لٹکا دے کہ ہوا اسکو ہلا دے اور جب لکھے تو اونچے مکان پر بیٹھا ہو جہاں بہت ہوا ہو اور پچھم کی طرف منھ ہو۔ محبت اور زبان بندی کیلئے مفید ہے۔ اور آبی وہ ہے کہ تعویذ لکھ کر پانی میں ڈالیں اور اسکو دریا کے کنارے لکھے

اور منھ دشمن کی طرف ہو۔ یہ تعویذ واسطے خلاصی قیدی اور تسخیر اور کشادگی رزق اور زبان بندی وغیرہ کے اکثر لکھا جاتا ہے اور خاکی وہ ہے کہ زمین میں دفن کریں یا پُرانی قبر میں ڈالیں۔ یہ تعویذ جب لکھے تو منھ اُتر کی طرف ہو تسخیر اور رہائی محبوس وغیرہ کیلئے لکھتے ہیں۔

فصل ۵۔ تعویذ کے آداب میں۔ جب تعویذ لکھنے کا ارادہ ہو اول غسل کرے تو بہتر ہے۔ ورنہ وضو تو ضرور ہے۔ پھر اپنے بدن میں خوشبو لگا کر تھوڑی خوشبو اپنے پاس رکھ لے اور درمیان میں کسی سے کلام ذکرے اور ناپاک عورت اُسکے پاس نہ آوے اور تعویذ کے سرے پر ۷۸۶ کہ عدد بسم اللہ کے ہیں ضرور لکھدے اور تعویذ محبت اور تسخیر جب لکھے تو کوئی میٹھی چیز منھ میں رکھ لے اور تعویذ محبت حرام کیلئے ہرگز نہ لکھے اور جب حلال کیلئے لکھے تو منھ طرف خانۂ مطلوب کے کرے اور اسقدر تصور اُسکا کرے کہ گویا سامنے کھڑا ہے۔ اور عداوت کا لکھے تو تلخ چیز منھ میں رکھو اور زبان بندی کا لکھے تو تھوڑا موم دانتوں میں دباوے اور آخر مہینے میں لکھے اور خواب بندی اور تیغ بندی کا لکھے تو سیاہی سے لکھے اور بعضے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ جس کے واسطے تعویذ لکھے اسکے رنگ کو دیکھے اگر رنگ اسکا سرخ ہو تو تعویذ سرخی سے اور اگر رنگ زرد ہے تو تعویذ زعفران سے اور اگر سفید ہے تو کافور یا چونہ سے لکھے اور اگر رنگ سیاہ ہو تو تعویذ سیاہی کی پُر کرے۔ فتح القدیر شرح ہدایہ میں لکھا ہے کہ اگر کسی کے پاس تعویذ ہو اور اسکے اوپر غلاف ہو تو پاخانہ میں جانے کا مضائقہ نہیں اگر اسکو اُتار کر جاوے تو بہتر ہے۔ اس سے معلوم ہوا کہ اگر نگینہ پر کوئی دعا یا آیت کندہ ہو اور اُسپر موم یا کپڑا منڈھا ہو تو اسی قبیل سے ہے۔ اکثر کتب معتبرہ سے ثابت ہے کہ جس تعویذ یا عمل میں خدا کا نام نہ ہو اسکا لکھنا پڑھنا جائز نہیں جس کے معنی سمجھ میں آتے ہوں۔ اگر کوئی رقیہ حدیث شریف سے ثابت ہو اور معنی سمجھ میں نہ آویں تو پڑھنے کا کوئی مضائقہ نہیں۔ ورنہ باعث خرابی ایمان ہے جیسے عمل سفلی کا مسلمانوں کو پڑھنا باعث زوال ایمان ہے۔ خدائے تعالیٰ مسلمانوں کو نیک توفیق دے کہ جادو سحر کر کے اپنے ایمان کو ضائع نہ کریں۔ آیات قرآنی اور ارشادات مشائخ بس ہیں مزخرفات کی کیا ضرورت ہے۔ سوال۔ عمل پڑھنے اور تعویذ لکھنے پر جو اکثر لوگ کچھ لیتے ہیں اُسکا لینا جائز ہے یا نہیں؟ جواب:۔ جس شخص کی نیت میں فریب نہ ہو اسکو لینا جائز ہے اگر لینے والے کی نیت میں فریب ہو تو ہرگز نہیں جائز ہے۔ مثلاً تعویذ لکھنے سے تو واقف نہیں اگر کسی کتاب سے دیکھ کر بے سمجھے دو پیسے کے لالچ سے لکھ دیا اور چھو چھو کر کے تاگے میں گرہ دیکر گنڈہ بنا دیا اور اُٹھنی پیسے لے لئے۔ جب عمل پڑھنے کو مستعد ہوئی تو وضو کر کے تسبیح لے ایک ایک دانے کی جگہ چھ چھ دانے

گرانے لگے۔ خوب ہل ہل کر پڑھنے لگے اور یہ خیال ہے کہ مجکو لوگ عامل جانیں ایسے شخص کو لینا جائز نہیں۔ یہ فریب ہے اور اس قسم کا لینا حرام ہے۔ اللہ تعالیٰ فال گنڈے والوں کو ہدایت کرے کہ اپنی غذا حرام سے نہ کریں جس کی غذا حرام سے ہوگی اسکے تعویذ اور دعا میں کب اثر ہوگا۔

فصل ۶۔ نقش بھرنے کے بیان میں۔ قاعدہ پُر کرنے نقش مثلث کا یہ ہے کہ جس آیہ یا نقش کا بھرنا منظور ہو اس کے عدد نکالے مگر حروف مکتوبی کے اعداد لے اور ملفوظی کو چھوڑ دے جیسے لفظ حوا کہ مکتوبی میں ح واؤ الف اور ملفوظی چار ہیں۔ ح اور دو واؤ اور الف۔ پس حروف مکتوبی کے عدد پندرہ ہیں۔ بارہ طرح دینے سے تین باقی رہے اسکے تین حصے کرو ایک حصہ پہلے خانہ میں لکھے۔ پھر ایک ایک زیادہ کرکے ہر خانہ میں لکھتا جائے۔ اگر تقسیم برابر ہو تو فبہا۔ اگر کسر ایک عدد کی پڑے تو ساتویں خانہ میں بڑھا دے اور اگر دو کی پڑے چوتھے خانہ میں زیادہ کرے۔ اور سیر مثلث منسوب بہ قمر ہے وقفہ

خاکی			آبی			بادی			آتشی		
۴	۹	۲	۶	۷	۲	۲	۷	۶	۸	۱	۶
۳	۵	۷	۱	۵	۹		۵	۱	۳	۵	۷
۸	۱	۶	۸	۳	۴		۳	۸	۴	۹	۲

جب مربع بھرنا ہو تو موافق قاعدہ مذکورہ کے عدد نکال کر اسمیں سے تیس کو طرح دے اور باقی چار پر تقسیم کرے اگر پوری تقسیم ہو جائے تو حاصل قسمت کو پہلے خانہ میں لکھے اور بعد اسکے ایک ایک بڑھاتا جائے اگر قسمت صحیح ہے تو بہتر اور اگر ایک کی پڑے تو تیرہویں خانہ میں بڑھا دے اور دو کی کسر پڑے تو نویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرے اور کسر تین کی پڑے تو پانچویں خانہ میں ایک عدد زیادہ کرے اور سیر مربع کی عطارد کی طرف منسوب ہے۔

وقفہ دوم مثال دوسری کی جو بعد تقسیم کے ایک بچے

۸	۱۱	۱	۱
۱۳ یہ ۱۳ خانہ ہے	۲	۷	۱۲
۳	۱۷	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۶

وقفہ ۳۴

مثال پہلی اسکی جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے

۸	۱۱	۱۴	۱
۱۳	۲	۷	۱۲
۳	۱۶	۹	۶
۱۰	۵	۴	۱۵

مثال تیسری اسکی جب بعد تقسیم کے دو بچیں

وقفہ ۳۶

۸	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۷	۱۳
۳	۱۷	۱۰ یہ ۹ خانہ کا	۶
۱۱	۵	۴	۱۶

مثال چوتھی اسکی کہ بعد تقسیم کے تین بچیں

وقفہ ۳۷

۱۹	۱۲	۱۵	۱
۱۴	۲	۸	۱۳
۳	۱۷	۱۰	۷
۱۱	۶ یہ ۵ خانہ کا	۴	۱۶

نقش مخمس میں جن اعداد کو بھرنا منظور ہو ان سے ساٹھ کو گرا دے اور پانچ پر تقسیم کرے ایک حصّہ کو پہلے خانہ میں لکھے پھر بڑھاتا جاوے یہاں تک کہ نقش پورا ہو جائے اور اگر کسر پڑے تو ایک عدد کی کسر کو اکیسویں خانہ میں اور دو کو سولھویں خانہ میں اور تین کو گیارہویں میں اور کسر کو پانچویں میں بڑھاوے۔ یہ مخمس منسوب بہ زہرہ ہے۔

مثال پہلی اسکی جو بعد تقسیم کے کچھ نہ بچے

وقفہ

۱۹	۲۵	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۰	۲۱
۱۵	۱۶	۲۲	۳	۹
۲۳	۴	۱۰	۱۱	۱۷
۶	۱۲	۱۸	۲۴	۵

مثال دوسری اسکی جو بعد تقسیم کے ایک بچے

وقفہ ۶۶

۱۹	۲۶	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۰	۲۲ یہ ۲۱ خانہ کا
۱۵	۱۶	۲۳	۳	۹
۲۴	۴	۱۰	۱۱	۱۷
۶	۱۲	۱۸	۲۵	۵

مثال تیسری اسکی جو بعد تقسیم کے دو بچیں

وقفہ ۶۷

۲۰	۲۶	۱	۷	۱۳
۲	۸	۱۴	۲۱	۲۳
۱۵	۱۷ یہ ۱۶ خانہ کا	۲۳	۳	۹
۲۴	۴	۱۰	۱۱	۱۸
۶	۱۲	۱۹	۲۵	۵

مثال چوتھی اسکی جو بعد تقسیم کے تین بچیں

وقفہ ۶۸

۲۰	۲۶	۱	۷	۱۴
۲	۸	۱۵	۲۱	۲۲
۱۶	۱۷	۲۳	۳	۹
۲۴	۴	۱۰	۱۲ یہ ۱۱ خانہ کا	۱۸
۶	۱۳	۱۹	۲۵	۵

نقش بھرنے کے تین قاعدے لکھ دیئے ایک مثلث دوسرا مربع تیسرا مخمس اور ہر ایک کو چار چار طرح پر لکھ دیا تاکہ ناظرین رسالہ ہٰذا کے بآسانی فہم میں آجائے اور نقش مسدس وغیرہ

کو بخوف طول نہیں لکھا۔

فصل ۷۔ فالنامہ کے بیان میں۔ روایت ہے کہ جب کسی کو مشکل پیش آوے اور متردد ہو کہ اس امر میں کیا کرنا چاہیے نظر بخدا کر کے اس طریقے پر فال دیکھے کہ سورۂ فاتحہ اور سورۂ اخلاص و آیۃ الکرسی مع اول و آخر درود شریف پڑھ کر کلمے کی انگلی کو اسمائے شریف حضرات انبیاء علیہم السلام پر رکھ کر دیکھے کہ اس امر میں کیا ہوگا اس شخص کے حق میں جو بہتر ہوگا وہی معلوم ہو جاوے گا اور اسمائے حضرات انبیاء علیہم السلام نقشۂ ذیل میں درج ہیں۔

حضرت آدمؑ	حضرت شیثؑ	حضرت ادریسؑ	حضرت صالحؑ	حضرت ابراہیمؑ
حضرت اسمٰعیلؑ	حضرت یعقوبؑ	حضرت یوسفؑ	حضرت شعیبؑ	حضرت ایوبؑ
حضرت خضرؑ	حضرت داؤدؑ	حضرت سلیمانؑ	حضرت عیسیٰؑ	حضرت محمد مصطفیٰؐ

فال حضرت آدم علیہ السلام۔ اے خداوند فال تجکو ایسے کام پیش آویں کہ خوش ہو جاوے اور سب تیرے مطیع ہوں فتوح غیب سے ہو۔ فال حضرت شیث علیہ السلام۔ اے خداوند فال جو کوئی تیرا دشمن ہو اسپر تو فتحیاب ہو مگر چند روز صبر کر اگر سفر کا ارادہ ہو تو چند روز بعد جانے پر آمادہ ہو ابھی طالع میں نحوست ہے۔ فال حضرت ادریس علیہ السلام۔ اے صاحب فال اگر تجھ کو کچھ رنج ہو تو شاد ہو۔ اگر نکاح کی خواہش ہے تو عورت اچھی ملے فرزند نرینہ پیدا ہو اور اگر سفر کا ارادہ ہے سفر کر مبارک ہوگا۔ اور جو کچھ مراد ہوگی خدائے تعالیٰ بر لائیگا۔ فال حضرت صالح علیہ السلام۔ اے خداوند فال اگر تجھ کو رنج ہے تو راحت ملے اگر تیرا کوئی بیمار ہے تو شفا پاوے اگر تیرا کوئی غائب ہو حاضر ہو۔ فال حضرت ابراہیم علیہ السلام۔ اے خداوند فال جو نیت تیری ہو مطلب بر آوے اور کچھ خوشی دیکھے صدقہ دیا کر۔ فال حضرت اسمٰعیل علیہ السلام۔ اے خداوند فال جو مشکل ہے حل ہو اور ضرور کلفت دور ہو حاصل سرور ہو۔ ایک مینڈھا ذبح کر کے گوشت اسکا محتاجوں کو دیدے۔ فال حضرت یعقوب علیہ السلام۔ اے خداوند فال تیرے اوپر کچھ رنج اور محنت پہونچی ہے لیکن چند روز صبر کر اپنے اوپر جبر کر بعد چندے خوشی ہوگی اگر تیرا عزیز غائب ہے حاضر ہوگا تجھ سے ملیگا۔ فال حضرت یوسف علیہ السلام۔ اے خداوند فال۔ کچھ رنج تجھ کو پہونچے گا بعد چندے تجکو خوشی ہوگی۔ دشمنان مقہور اور دوستان مسرور ہونگے۔ فال حضرت شعیب علیہ السلام۔ اے خداوند فال اگر تجھ کو خواہش نکاح ہے تو زن جمیلہ ملے اور فرزند نیک پیدا ہو اور جس چیز کو تیرا جی چاہے خدا چاہے تو وہ مل جائے گی اور جو کام کری اسکا اچھا انجام ہو۔ فال

حضرت ایوب علیہ السلام۔ اے خداوند فال بعد تھوڑے دنوں کے تجھ کو رنج پہونچے گا اگر صبر کریگا تو غم بہت جلد دُور ہو گا اور اگر کوئی غائب ہے تو آویگا۔ فال حضرت خضر علیہ السلام۔ ای خداوند فال خدائے تعالیٰ تجھ کو مال اور فرزند عطا فرمائے اور تیری کھیتی اور باغ میں پیداوار اچھی ہو اور کچھ محتاجوں کو دیا کر۔ فال حضرت داؤد علیہ السلام۔ اے خداوند فال تجھ کو غیب سے روزی ملے حلال تجھے کے مال سے مالا مال ہو جاوے اور جب کوئی سخت کام پیش آوے تو حل ہو جاوے کچھ غم نہ کر خدا کو یاد کر۔ فال حضرت سلیمان علیہ السلام۔ اے خداوند فال یہ فال تیری مبارک ہے سب کام تیرے برآویں دشمن پامال ہو جائیں۔ فال حضرت عیسیٰ علیہ السلام۔ اے خداوند فال تجھ کو بشارت ہے کہ مراد تیری برآوے دین اور دُنیا کی نعمت ملے مگر تجھ کو رنج پہونچے گا صدقہ دیا کر رنج دُور ہو گا۔ فال حضرت محمد مصطفٰے صلی اللہ علیہ وسلم۔ اے خداوند فال۔ یہ فال بہت ہی نیک ہے تو محبوب خلائق ہو گا خوشی سے گذرے لوگ تیری اطاعت کریں تیرے ساتھ نیکی سے پیش آویں اور سب کے ساتھ تو نیکی کر تیرا انجام اچھا ہو گا دین اور دنیا میں نیک نام ہو گا۔

فصل ۸۔ استخارہ کے بیان میں۔ جب کوئی مشکل پیش آوے تو استخارہ کرنا مسنون ہے۔ بہتر یہی ہے کہ جو طریقے استخارہ کے حدیث شریف اور اقوال مشائخ سے ثابت ہوئی ہیں اسی کے موافق کرے حدیث کی کتابوں میں وارد ہے جب استخارہ کرنا منظور ہو تو وضو کر کے دوگانہ نفل پڑھے۔ رکعت اولیٰ میں بعد الحمد کے سورہ کافرون اور رکعت ثانیہ میں قل ھو اللہ پڑھ کر سلام پھیرے پھر درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ خَيْرٌ لِّيْ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَایَ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَقَدِّرْهُ وَيَسِّرْهُ لِیْ ثُمَّ بَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّهٗ شَرٌّ لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ اَوْ عَاقِبَةِ اَمْرِیْ فَاصْرِفْنِیْ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ رَضِّنِیْ بِهٖ۔ اسکے پڑھنے سے جو امر اُسکے حق میں اچھا ہو گا وہ اُسکے دل میں آ ویگا اور بجائے اِنَّ هٰذَا الْاَمْرَ کے اپنا مطلب بیان کرے اور بعض مشائخ سے منقول ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم سات سو چھیاسی بار پڑھ کر بعدہٗ چار رکعت بہ نیت استخارہ پڑھے۔ رکعت اول میں بعد فاتحہ کے سورۃ والشمس دوسری میں واللیل تیسری میں والضحٰے چوتھی میں الم نشرح ہر ایک کو سات سات بار پڑھے اور بعد فراغ کے رو بجانب قبلہ ہو کر بستر طاہر پر سورہے خواب میں معلوم ہو جائیگا۔ سات شب تک یہ عمل کرے۔ اور طریقہ استخارہ کا یہ بھی ہے کہ

چہارشنبہ وپنجشنبہ وجمعہ کی شب کو بعد نماز عشا بسم اللہ الرحمٰن الرحیم تین سوبار اور الم نشرح ستر بار مع بسم اللہ پڑھ کر اپنے سینہ پر دم کرے اور کہے الٰہی جو کچھ میرے حق میں بہتر ہو مجھے خواب میں دکھلادے اسکے بعد سو مرتبہ درود پڑھے اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّکَ ۔ اور ایک طریقہ جو مشائخ سے مروی ہے وہ یہ کہ دو رکعت نماز بہ نیت استخارہ پڑھے بعد سلام کے گیارہ بار سورۂ فاتحہ اور گیارہ بار سورۂ اخلاص اور گیارہ بار سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ اور گیارہ بار شیخ عبدالقادر اغثنی پڑھ کر پھر دو رکعت نماز نفل کی نیت باندھے سورۂ فاتحہ کو نستعین تک پڑھ کر اِھْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ کو آنکھ بند کرکے یہاں تک بکرات ومرات پڑھے کہ منھ اسکا کسی جانب کو پھر جاوے اسکے بعد ابتدائے سورۂ فاتحہ کو پڑھ کر گیارہ مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کے رکعت اول تمام کرے پھر اسی طریقہ سے دوسری رکعت پڑھ کے سلام پھیرے اگر منھ داہنی طرف پھر جائے تو بہتر ہے اور اگر بائیں جانب پھر گئے تو بدتر کہ۔

فصل ۹۔ عقد انامل کے بیان میں۔ ہر مسلمان کو مناسب ہے اور خصوص جو وظیفہ اور عمل پڑھنے کا شوق رکھتا ہو اسکو واجب ہے کہ طریقہ عقد انامل کو ضرور سیکھے کہ جب کبھی تسبیح پاس نہیں ہوتی تو وظیفہ پڑھنے کا محتاج ہوجاتا ہے اور بغیر اسکے شمار کرنا دشوار ہوجاتا ہے اسلئے فقیر عفی عنہ اس رسالہ میں طریقہ عقد انامل کا لکھتا ہے کہ عامل تسبیح کا پابند نہ ہو جب چاہے انگلیوں پر لاکھوں کا شمار کرلے۔ اسکا طریقہ حضرت مولانا رفیع الدین دہلویؒ نے اپنے رسالہ میں جو لکھا ہے اسکا خلاصہ یہ ہے کہ عقد انامل لغت میں انگلیوں کے سر باندھنے کو کہتے ہیں اور شرع میں ایک طریقہ ہے جو گنتی مسنون کا کہ جو شکلیں کھولنے اور باندھنے ہاتھ کے انگلیوں سے حاصل ہوتی ہیں اس سے اسمائے اعداد لحاظ کئے جاتے ہیں۔ تسبیح پڑھنے والا ایک کیلئے داہنے ہاتھ ہتھیلی میں چھنگلیا کا سر رکھے اور دو کیلئے اسکے پاس والی اسی طرح اسکے پاس رکھے اور تین کے واسطے بیچ کی انگلی اسی وضع پر اور سر انگلیوں کے اپنی جڑونکے پاس رہیں اور چار کیلئے چھوٹی انگلی کھڑی کرے اور پانچ کے لئے اسکے پاس والی اور چھ کے واسطے صرف چھنگلیا کے پاس والی انگلی بند کرے اسی طرح پر سر اس کا ہتھیلی کے بیچ کی لکیر پر رہے اور چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کھڑی کرے* اور آٹھ کیواسطے اس کے پاس کی انگلی اسی طرح بند کرے اور نو کے واسطے بیچ کی انگلی اسی وضع پر اور ان تینوں گنتیوں میں سر تینوں انگلیوں کا پہونچے کی طرف مائل رہے اور دس کیلئے سر کلمہ کی انگلی کا انگوٹھے کی بیچلی پور کے جوڑ پر رکھے کہ شکل گول حلقہ کی بن جائے سب انگلیوں کو کھولدے اور بیس کیلئے سارا ناخن انگوٹھے

*اور سات کے لیے صرف چھنگلیا کا سر ہتھیلی کے پہونچے کی طرف مائل ہو اور اسکے پاس کی انگلی کھڑی کرے

کا گھائی میں رکھے جو کلمہ اور بیچ کی اُنگلی کے بیچ میں ہے اور تیس کیلئے سر انگوٹھے کا کلمہ کی اُنگلی کے سر پر اور چالیس کے واسطے سر انگوٹھے کا کلمہ کی انگلی کے نیچے والی گرہ کی پیٹھ پر اور پچاس کیواسطے سارا انگوٹھا ٹیڑھا کرکے سر اُسکا لکیر پر جو ہتھیلی کے کنارے اور کلمہ کی اُنگلی اور انگوٹھے کے بیچ میں ہے کلمہ کی انگلی کھڑی کرے اور انگوٹھا سارا ٹیڑھا کرکے محاذی کلمہ کی انگلی کے اس لکیر پر رکھے اور ساٹھ کیواسطے انگوٹھا ٹیڑھا کرکے اسکے ناخن کی پیٹھ کلمہ کی اُنگلی کی دوسری لکیر کی پیٹھ پر رکھے اور ستر کیلئے انگوٹھے کھڑے کے ناخن کا کنارہ پیٹھ پر پہلی یا دوسری لکیر کلمہ کی انگلی کے رکھے یعنی انگوٹھے کے ناخن کی پیٹھ کھلی رہے اور اسی کے واسطے سر کلمہ کی انگلی کا انگوٹھا کھڑا کرکے اسکے سرے کے جوڑ کی پیٹھ پر رکھے اور نوّے کیلئے کلمہ کی اُنگلی کے ناخن کا سر اور دوسرے جوڑ پر انگوٹھے کے رکھے جیسے دس کیلئے انگوٹھے کیلئے پہلی پور کے جوڑ پر رکھا تھا اور جو ہم نے نوّے تک شکلیں بتائیں داہنے ہاتھ کی تھیں اور اسی طرح سے صورتیں بائیں ہاتھ میں بھی ہیں مگر اتنا فرق ہے کہ اکائیاں داہنے ہاتھ کی سیکڑے ہیں۔ بائیں ہاتھ کے اب عاقل باقی اعداد کو اسی پر قیاس کرے اس رسالہ مختصر میں طول کی گنجائش نہیں ہے۔

باب پانچواں۔ عملیات اور تعویذات میں۔ اس میں بیس فصلیں ہیں

فصل اوّل۔ قضائے حاجات میں۔ جب کسی شخص کو کوئی حاجت پیش آوے تو چندی جمعرات کے دن روزہ رکھے اور چھوارے سے افطار کرے نماز مغرب پڑھ کر بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھے پھر بعد ختم کے نماز عشاء پڑھ کر بسم اللہ پڑھتے پڑھتے سورہے صبح کو بعد نماز صبح کے بقدر مذکور پڑھے اور بسم اللہ لکھ کر اپنے بازو پر باندھے اللہ تعالیٰ اسکی حاجتیں بر لائیگا اور عزیز خلائق ہوگا۔ ایضاً شب جمعہ کو بعد عشاء کے چار رکعت پڑھے اور نیت میں لفظ نماز قضائے حاجت کہے اور رکعت اوّل میں بعد سورہ فاتحہ کے لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّیْنٰهُ مِنَ الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِیْنَ سو مرتبہ۔ دوسری میں رَبِّ اِنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِیْنَ سو مرتبہ۔ تیسری مرتبہ میں وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْٓ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ سو مرتبہ۔ چوتھی میں حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ سو مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے۔ رَبِّ اِنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ سو بار پڑھے پھر خدا سے دعا مانگے اللہ تعالیٰ اسکی حاجتیں بر لاویگا۔ ایضاً۔ واسطے بر آمد جمیع حاجات دینی و دنیوی بعد نماز صبح قبلہ رو بیٹھ کر سو بار درود پڑھ کر

اَلْمَلِكِ الْحَقِّ الْمُبِيْنِ مِنَ الْعَبْدِ الذَّلِيْلِ اِلٰى رَبِّيْ الْجَلِيْلِ اِنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ

ایضًا۔ ختم قادریہ اکثر پیران طریقت سے برآمد مطلب کے منقول ہے عروج ماہ میں جمعرات کے دن شروع کرے پھر تین روز تک پڑھے اس طریقہ سے کہ سورۃ فاتحہ مع تسمیہ اور کلمہ تمجید یعنی سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَكْبَرُ۔ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ اور درود اور سورۃ اخلاص ہر ایک ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر فاتحہ حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور پیران پیر کا دیکر تقسیم کرے۔ ایضًا۔ ختم غوثیہ پہلے دو رکعت نماز پڑھے ہر رکعت میں قل ہو اللہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سلام پھیرے پھر ایک سو گیارہ باریہ درود اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ اور گیارہ سو گیارہ بار یا شیخ عبد القادر جیلانی شَيْئًا لِلّٰہِ۔ بعدہٗ ایک سو گیارہ بار درود مذکور پڑھ کر شیرینی پر فاتحہ حضرت پیران پیر کا دیکر تقسیم کرے۔ ایضًا۔ صلوٰۃ فاطمہ رضی اللہ عنہا منقول ہے کہ برآمد حاجت کیلئے دو رکعت نماز پڑھے اس نیت سے نَوَيْتُ اَنْ اُسَبِّحَ تَسْبِيْحَ فَاطِمَۃَ الزَّهْرَاءِ بِنْتِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَيْہِ وَسَلَّمَ لِهَدِيَّۃٍ اِلَى اللّٰہِ تَعَالٰى مُتَوَجِّهًا اِلٰى جِهَۃِ الْكَعْبَۃِ الشَّرِيْفَۃِ اَللّٰہُ اَكْبَرُ۔ ہر رکعت میں تین بار سورۃ اخلاص اور بعد سلام کے تین بار اَللّٰہُ اَكْبَرُ اور تینتیس بار سُبْحَانَ اللّٰہِ اور تینتیس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ اور چونتیس بار اَللّٰہُ اَكْبَرُ کہے اور سجدہ میں سو بار يَا مَوْلَاتِيْ وَمَوْلٰى فَاطِمَۃَ اَغِثْنِيْ اور داہنا گال مصلے پر پھر بایاں گال رکھ کر سو سو بار یہی کہے بعدہٗ ہاتھ اٹھا کر خدا سے دعا کرے حاجت بر آویگی۔ ایضًا۔ جب نماز عشا پڑھ چکے کسی سے کلام نہ کرے بصدق دل اوّل و آخر درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ وَعَلٰى اٰلِہٖ وَسَلِّمْ گیارہ گیارہ بار پڑھ کر اس رباعی کو پڑھے۔ رباعی۔ اے معدن لطف وجود واحساں مددے ؛ قطب الاقطاب پیر پیراں مددے ؛ کشتی بدر تو مستغیث آمدہ است ؛ غوث الثقلین شاہ جیلاں مددے۔ اور ہر مرتبہ رباعی کے یا شیخ عبد القادر شَيْئًا لِلّٰہِ کہے بہت جلد مطلب برآوے۔

ایضًا۔ طریق ختم سورۃ فاتحہ خزائن جلالی میں لکھا ہے کہ اگر کوئی شخص بلا میں مبتلا ہو یا اسکا کوئی عزیز یا دوست بیمار ہو اور اطبا اسکے علاج سے عاجز ہوں سورۃ فاتحہ پڑھے بیمار بہت جلد شفا پاوے جمعہ کے روز صبح کی نماز سے پیشتر پڑھنے کو بیٹھے اسطرح پر بسم اللہ کہے کہ رحیم کی میم الحمد کے لام کے ساتھ مل جائے یعنی الحمد زبان سے نکلے اول روز الحمد باسٹھ بار دوسرے روز باون مرتبہ تیسرے روز بیالیس بار چوتھے روز بتیس مرتبہ پانچویں روز بائیس مرتبہ چھٹے روز بارہ مرتبہ ساتویں روز سات بار پڑھے۔ ایضًا۔ ترکیب زکوٰۃ سورۃ یٰسٓ شریف، اول ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے ان

تینوں طریقوں سے جس طریقے کو چاہے شروع کرے۔ طریقہ اول یہ ہے کہ جمعرات کے دن عروج
ماہ میں بعد نماز مغرب کے ایک بار پڑھے اور دوسرے روز اسی وقت دوبار اسی طرح سے ہر روز
ایک ایک بار بڑھاتا جاوے یہاں تک کہ چالیسویں روز چالیس بار یٰسین شریف پڑھے پھر
ایک ایک کم کرتا جاوے یہاں تک کہ دوسرے چلّہ کے آخر میں ایک بار رہ جاوے بعدہٗ ہر روز
بلاناغہ ایک بار پڑھا کرے جس کام کیواسطے پڑھے گا مطلب حاصل ہوگا۔ دوسرا طریق یہ ہے کہ جب
کوئی مہم پیش آوے ایک یا تین آدمی یٰسین اکسٹھ بار پڑھیں اول وآخر گیارہ گیارہ بار درود شریف
پڑھیں اور احتیاط گوشت اور پیاز اور لہسن وغیرہ سے ضرور کریں اور ایک ہی جلسہ میں پڑھیں اور
اگر لب دریا بیٹھ کر پڑھیں تو بہت اچھا ہے ورنہ ایک طشت اپنے پاس پانی کا رکھ لیں اور خیال
کریں کہ اس مقام پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تشریف رکھتے ہیں۔ اور تیسرا طریقہ یہ ہے کہ سورۃ
یٰسین شروع کرے اور جب مبین پر پہونچے تو پھر شروع سے پڑھے اسی طرح ساتویں مبین پر ختم کرے
لیکن اول وآخر درود شریف گیارہ بار پڑھے مجرب ہے۔ **ایضاً۔** طریق ختم سورۃ فتح مشائخ
رحمہم اللہ سے منقول ہے کہ جب کوئی مشکل پیش آوے تو ہفتہ کے روز سے ختم سورۃ مذکور
شروع کرے ہفتہ سے جمعرات تک ہر روز پانچ پانچ مرتبہ پڑھا کرے اور جمعہ کے دن گیارہ
مرتبہ پڑھے اور بعد ختم کے سورۃ نصر اور یہ دعا پڑھے۔ اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ یَامَنْ
اِذَا تَضَایَقَتِ الْاُمُوْرُ تَفْتَحُ بِھَا بَابًا لَّا یَصِلُ اِلَیْہِ الْاَوْھَامُ ضَاقَتْ عَلَیَّ اُمُوْرِیْ فَصَلِّ عَلٰی
مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْتَحْ لِیْ بَابًا لَّا یَصِلُ اِلَیْہِ وَھْمِیْ اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّبِالْاِجَابَۃِ
جَدِیْرٌ۔ **ایضاً۔** طریق ختم سورۃ واقعہ واسطے جمیع حاجات ومہمات اور ترقی رزق اس طریق
سے سورۃ مذکور پڑھے کہ عصر کے وقت چہارشنبہ کے دن غسل کر کے اول وقت نماز عصر کی
پڑھ کے دوزانو ہو کر بیٹھے اور سورۃ واقعہ ایک بار پڑھے اور دوسرے روز دو مرتبہ اور تیسرے
روز تین مرتبہ اسی طرح روز بڑھاتا جائے یہاں تک کہ چالیسویں روز چالیس بار اسی طرح پڑھے
کہ مغرب تک ختم ہو جائے اور ممکن نہ ہو تو قبل نماز عصر کے پڑھے جب عصر کا وقت آوے تو نماز
پڑھ کر پھر پڑھے مجرب ہے۔ **ایضاً۔** طریق ختم سورۃ مزمل جب ختم سورۃ مذکور پڑھنا منظور
ہو اس سے تین چار روز بیشتر ترک حیوانات جلالی وجمالی کرے پھر جس دن پڑھنا ہو اس دن
نماز فجر کے وقت غسل کرے دو رکعت نماز نفل پڑھے کے اسکا ثواب روح پُرفتوح حضرت سرور
عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بخشے اور سورۃ مزمل گیارہ مرتبہ پڑھے پھر دس دس بار ہر روز بلاناغہ دس

روز تک پڑھا کرے جس مطلب کے واسطے پڑھے گا بہت جلد ہوگا مجرب ہے اور اس طریقہ سے زکوٰۃ بھی ادا ہو جاتی ہے اور بہت سہل طریقہ ہے مگر بعد ختم اس ختم کے نماز فجر کے بعد ایک دفعہ سورۃ مذکور پڑھا کرے تو کسی چیز کا محتاج نہ رہے گا۔ ایضاً۔ اس نقش بسم اللہ کو جو کوئی مشک و زعفران و گلاب سے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا کسی امر کا محتاج نہ رہے گا اگر چالیس دن تک سات سو چھیاسی نقش لکھ کر آٹے کی گولیاں بنا کر دریا میں ڈالے گا جو مشکل ہو گی آسان ہو گی اور جس کام کا قصد کرے گا اللہ تعالیٰ اس کو سہل کر دے گا اور وہ شخص عزیز خلائق ہو گا۔ نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۱ بسم	۱۴ اللہ	۱۱ الرحمٰن	الرحیم
۱۲ الرحیم	۷ الرحمٰن	۲ اللہ	۱۳ بسم
۶ اللہ	۹ بسم	۱۳ الرحیم	۳ الرحمٰن
۱۵ الرحمٰن	۲ الرحیم	۵ بسم	۱۰ اللہ

ایضاً۔ اگر کوئی اس نقش کو چالیس روز تک آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں ڈالیگا جو مشکل ہو گی آسان ہو گی۔

۷۸۶

ایضاً۔ جو کوئی شخص دعاء سیفی کو لکھ کر اپنے پاس رکھے گا خدائے تعالیٰ اسکی حاجتیں دنیا اور دین کی بر لاوے گا۔ اس کی خاصیت بہت ہیں لیکن چند خاصیتیں لکھتا ہوں۔ اوّل جس کے پاس یہ تعویذ ہو گا اسکو کوئی مشکل پیش نہ آویگی اور خدا نخواستہ اگر کسی رنج میں مبتلا ہو گا تو بہت جلد چھٹکارا ملیگا۔ دوسرے یہ کہ عزیز خلائق ہوگا حاکم ظالم یا اسکا کوئی عدو مسخر ہو جائیگا تیسرے اگر کوئی شخص بیمار ہو جسمی آزار ہو اسکے گلے میں باندھے بیماری دفع ہو چوتھے یہ کہ جس کسی کو آسیب کا خلل ہو سات روز تک لکھ کے گھول کر پلاوے آسیب دور ہو جاوے۔ پانچویں جسکو نظر بد یا سحر کا گمان ہو اسکے گلے میں ڈالے نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

۱۶۵۶۱۱	۱۶۵۶۲۵	۱۶۵۶۲۱	۱۶۵۶۱۸
۱۶۵۶۲۲	۱۶۷۶۱۷	۱۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۲۴
۱۶۵۶۱۶	۱۶۵۶۱۹	۱۶۵۶۲۷	۱۶۵۶۱۳
۱۶۵۶۲۶	۸۶۵۶۱۳	۱۶۵۶۱۵	۱۶۵۶۲۰

ایضاً۔ جب کسی کو کوئی حاجت پیش آوے نقش متبرک چہل ویک اسم کو لکھ کے اپنے پاس رکھیں۔ سب مشکلیں آسان ہوں۔ نقش مکرم یہ ہے۔۔۔۔۔۔۔

۷۸۶

۲۴۳۷۴	۲۴۳۸۷	۲۴۳۸۴	۲۴۳۸۱
۲۴۳۸۵	۲۴۳۸۰	۲۴۳۷۵	۲۴۳۸۶
۲۴۳۷۹	۲۴۳۸۳	۲۴۳۸۹	۲۴۳۷۶
۲۴۳۸۸	۲۴۳۷۷	۲۴۳۷۸	۲۴۳۸۳

ایضاً۔ جو کوئی شخص اس نقش کو جس کام کے

واسطے لکھے گا وہ کام بر آویگا۔ اگر اپنے بازو پر باندھے گا کسی آفت میں نہ پھنسے گا۔ اگر تنگدست
ہو گا رزاق مطلق روزی غیب سے دیگا کبھی محتاج نہ رہے گا صاحب توقیر ہو دشمن اُسکا دوست
ہو اگر بیمار کے بازو پر باندھے یا گھول کر پلاوے مریض شفا
پاوے مرض دُور ہو جاوے اگر حاکم ظالم سے ڈرتا ہو تو اپنی
ٹوپی یا پگڑی میں رکھ کر اسکے سامنے جاوے وہ اسپر مہربان
ہو جاوے اور اس نقش کی بہت سی خاصیتیں ہیں۔ اس
مختصر میں گنجائش نہیں۔ نقش مکرم یہ ہے ......

۷۸۶

ایضاً۔ اس نقش معظم کو چوبیس روز تک چوبیس
نقش لکھ کر آٹے میں گولیاں بنا کر دریا میں
ڈالے بر آمد حاجت کیلئے بہت مفید ہے
نقش یہ ہے ....

۷۸۶

۱	۱۴	۱۱	۸
۱۲	۷	۲	۱۳
۶	۴	۱۶	۳
۱۵	۳	۵	۱۰

ایضاً۔ اس نقش کی بہت خاصیتیں ہیں جس امر کے لئے اپنے پاس رکھے گا بہت
جلد فائدہ دیکھے گا جس کو تنگ دستی ہو وہ فراغت زر سے مالا مال ہو۔ جس کے
پاس یہ نقش ہو گا اُس کا
دشمن دوست ہو گا جس امیر کے پاس
جائے گا وہ اُس کی عزت کریگا
اور بیمار ہو گا صحت پائے گا۔
جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔
نقش معظم یہ ہے ......

۷۸۶

اللہ محمد علی فاطمہ حسن	۳۹ ۹۹۱۹۳۲	۱۹ ۸۹۷	۱۳ ۷۲۹۳	حسین زین العابدین محمد باقر جعفر صادق
۱۳ ۱۹۰۰	۸ ۷۲۹۱	۲ ۲۳۰۲	۲۱ ۲۵۸	۲۰ ۲۱۹۹۱۹۳۲۳
۲۲ ۱۳۰۷	۱۶ ۲۵۶	۱۵ ۲۳۹۹۱۹۱۹	۹ ۸۹۸	۳ ۷۲۸۹
۰ ۲۳۱۹۹۱۹۳۰	۲ ۸۹۶	۲۳ ۲۷۹۶	۱۴ ۱۳۰۵	۱۱ ۲۵۹
موسیٰ کاظم موسیٰ رضا محمد تقی ۲۷۹	۱۲ ۱۳۰۸	۶ ۲۵۷	۵ ۲۳۱۹۹۱۹۴	علی نقی حسن عسکری محمد مہدی ۸۹۹

فصل ۲۔ فراغت معاش اور
وسعت رزق میں۔ جو شخص قلت روزی سے پریشان ضیق معاش سے حیران ہو تو بسم اللہ
کہہ کر بصدق دل اوّل و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف پڑھ کر بسم اللہ سات سو چھیاسی بار بعد نماز
پنجگانہ کے گیارہ دن تک پڑھے خدائے تعالیٰ اسکو غیب سے روزی عنایت کریگا اور اگر مداومت
کریگا کبھی محتاج نہ رہے گا۔ ایضاً۔ جب پہلی رات کا چاند دیکھے تو سورۂ الحمد ہزار بار پڑھ
کر بعدہٗ چالیس بار۔ رَبَّنَا أَنْزِلْ عَلَيْنَا مَائِدَةً مِّنَ السَّمَاءِ تَكُونُ لَنَا عِيدًا لِّأَوَّلِنَا وَآخِرِنَا

وَارْزُقْنَا وَاَنْتَ خَیْرُ الرَّازِقِیْنَ بیس مرتبہ وَمَنْ یَّتَّقِ اللّٰہَ یَجْعَلْ لَّہٗ مَخْرَجًا وَّیَرْزُقْہُ مِنْ حَیْثُ لَا یَحْتَسِبُ وَمَنْ یَّتَوَکَّلْ عَلَی اللّٰہِ فَھُوَ حَسْبُہٗ اِنَّ اللّٰہَ بَالِغُ اَمْرِہٖ قَدْ جَعَلَ اللّٰہُ لِکُلِّ شَیْءٍ قَدْرًا۔ پڑھ کر قاضی الحاجات سے اپنے لئے ترقی رزق کی دعا کرے۔ ایضاً۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو کوئی بعد نماز جمعہ کے ستر بار اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ پڑھے غنی ہو جائے۔ ایضاً۔ بعد نماز صبح کے سو بار وَعِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ لَا یَعْلَمُھَا اِلَّا ھُوَ وَیَعْلَمُ مَا فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَۃٍ اِلَّا یَعْلَمُھَا وَلَا حَبَّۃٍ فِیْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ پڑھے۔ ایضاً۔ جو کوئی اس نقش کو باطہارت لکھ کر اپنے پاس رکھے گا روزی اسکی فراخ ہوگی اگر تاجر ہے تو مال میں فائدہ ہوگا اور اگر نوکر پیشہ ہے تو بے کار نہ رہے گا جس شخص کے پاس نوکر رہے وہ اس سے راضی رہے اور روز بروز تنخواہ کا اضافہ ہوتا جاوے اور اگر زراعت وغیرہ کا کام کرتا ہے تو پیداوار بکثرت ہو۔ ہمچشموں میں آبرو ہو۔ جمیع آفات سے محفوظ رہے۔ ایضاً۔ نقش حروف تہجی کو ماہ رمضان کی بجا رہے۔ نقش مکرم یہ ہے۔

۷۸۶

بسم	اللہ	الرحمٰن	الرحیم
الرحیم	الرحمٰن	اللہ	بسم
اللہ	بسم	الرحیم	الرحمٰن
الرحمٰن	الرحیم	بسم	اللہ

ایضاً۔ چودھویں رات کو چاندنی میں بیٹھ کر چاندی پر کھدوا کے انگوٹھی بنوا کر ہاتھ میں پہنے۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۱۴۹۱	۱۵۰۵	۱۵۰۱	۱۴۹۸
۱۴۰۲	۱۴۹۷	۱۴۹۲	۱۵۰۴
۱۴۹۶	۱۴۹۹	۱۵۰۷	۱۴۹۳
۱۵۰۶	۱۴۹۴	۱۴۹۵	۱۵۰۰

ایضاً۔ اس نقش کو بازو پر باندھے یا گلے میں ڈالے۔ نقش یہ ہے۔ ....

۷۸۶

یا رزاق	۶	یا حکیم
۷	۴	۹
۵	۳	۱
۸	۲	۱۰
[illegible]	۵	[illegible]

ایضاً۔ جو کوئی شخص اس نقش کو اپنے پاس رکھے گا اسے غیب سے رزق ملے گا۔ نقش مکرم و معظم یہ ہے۔ ...

۷۸۶

۱	۹	۴
۷	۵	۲
۶	[illegible]	۸

ایضاً۔ جس شخص کی کھیتی میں نقصان آتا ہو اس نقش کو لکھ کر پانی میں گھول کر کھیت میں اسکا پانی ڈالے اور اگر سوداگر اپنے مال میں رکھے نقصان نہ ہوگا نقش یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۸
۲
۵ ۹
۴ ۱۰ ۱
۷ ۳

ایضاً۔ اس نقش بست در بست کو لکھ کر اپنے بازو پر باندھے نقش یہ ہے

۷۸۶

۶	۱
۷	۲
۷	۴
۵	۹

ایضاً۔ نقش بست در بست کا واسطے کشایش کار مشکل کے بیس نقش لکھ کر گولی بنا کر دریا میں ڈالے نقش یہ ہے۔

۷۸۶

۶		۲
۵	۱۰	۸
۷		۱
۷		۹

ایضاً۔ اس طلسم کو عقیق پر کندہ کرا کے انگوٹھی میں پہنے کبھی محتاج نہ رہے۔ طلسم یہ ہے۔

★ ۱۱۱م۱۱۱۱ہ ۱۱۱۱ ے ء

ایضاً۔ اس شکل کو چاندی پر کھدوا کے پہنے۔

۱۱م۷۱۱ھ۱۱ ۹۹۹

ایضاً۔ جس شخص کی دوکان پر بکری کم ہوتی ہو اس نقش کو لکھ کر دروازے پر چسپاں کرے خریدار غیب سے آوے مال بکنے لگے۔ بخوبی نفع ہو۔ روز مال بڑھتا جاوے نقش مکرم و معظم یہ ہے۔ ....

۷۸۶

۸۰	۸۳	۸۶	۷۳
۸۵	۷۴	۷۹	۸۴
۷۵	۸۸	۸۱	۷۸
۷۲	۷۷	۷۶	۸۷

منزل ۱۰: جبہہ ہے ہندی میں اس کو مگھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حرف اس کا ی ہے۔ یہ منزل سعد ہے اس میں عمل محبت اور ترقی رزق کرے۔ بخور اس کا حب الالئس و زعفران ہے۔

منزل ۱۱: زہرہ ہے ہندی میں پوربا پھاگنی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ک ہے یہ منزل سعد اکبر ہے۔ عمل طلسمات کرے اور امراء کے پاس جاوے اور سفر کرے اور عمل محبت کرے۔ بخور اس کا میٹھے انار کے چھلکے ہیں۔

منزل ۱۲: صرفہ ہے ہندی اس کی اوترا پھاگنی ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حرف اس کا ل ہے۔ یہ منزل نحس اکبر ہے عمل عداوت کرے اعمال محبت نہ کرے بخور اس کا زعفران ہے۔

منزل ۱۳: عوا ہے ہندی اس کی ہست ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حرف اس کا م ہے یہ منزل نحس ہے عمل نہ کرے اور عمل عداوت کرے بخور اس کا لوبان تر ہے۔

منزل ۱۴: سماک ہے اہل ہند اس کو چترا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥ حرف اس کا ذ ہے یہ منزل نحس ہے، عامل عمل عداوت کرے بخور اس کا لوبان تر اور پسند ہے۔

منزل ۱۵: غفرا ہے ہندی اس کی سواتی ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حروف اس کا س ہے جس وقت چاند اس منزل میں آوے عامل عمل تسخیر اور ترقی رزق اور طلسمات کرے فائدہ اٹھاوے اور بخور اس کا لوبان تر ہے۔

منزل ۱۶: زبانا ہے اہل ہند اس کو بیساکھا کہتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ع ہے یہ منزل سعد ہے عمل تسخیر و عداوت کرے بخور اس کا درمنہ ہے۔

منزل ۱۷: اکلیل ہے ہندی میں انرادھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ حرف اس کا ف ہے۔ یہ منزل سعد اور نحس ہے عامل عمل بغض کرے عمل تسخیر نہ کرے بخور اس کا فلفل اور زعفران عود ہے۔

منزل ۱۸: قلب ہے اہل ہند اس کو جیشٹھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حروف اس کا ص ہے یہ منزل سعد ہے عمل تسخیر اور ترقی مناصب کرے۔ بخور اس کا ہڑ کی

پتی ہے۔

منزل ۱۹:۔ شولہ ہے ہندی میں اس کو مول کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ق ہے یہ منزل سعد ہے مگر عامل اس میں تسخیر اور ازدیاد مناصب نہ کرے بخور اس کا انار کے چھلکے اور مصطگی ہے۔

منزل ۲۰:۔ نعائم ہے اہل ہند اس کو پورباکھاڑ کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ ٥٥ ٥ حرف اس کا م ہے یہ منزل سعد ہے عمل محبت اور طلسمات کرے بخور اس کا لوبان تر ہے۔

منزل ۲۱:۔ بلدہ ہے ہندی میں اس کو اتراکھاڑ کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ش ہے یہ منزل نحس اکبر ہے کوئی کام جدید نہ کرے مگر عامل عمل عداوت و بغض کرے بخور اس کا سنبل وعود ہے۔

منزل ۲۲:۔ سعد الذابح ہے اہل ہند سرین کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ت ہے یہ منزل نحس ہے حکام کے پاس نہ جاوے اور عامل عمل محبت نہ کرے اور عمل عداوت و ہلاکی اعدا کرے بخور اس کا گسم ہے۔

منزل ۲۳:۔ سعد بلع ہے۔ اہل ہند اس کو دھنشٹھا کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ث ہے یہ منزل نحس ہے عامل عمل عداوت کرے، زیارہ شر و فتنہ اُٹھے بخور اس کا بابونہ ہے۔

منزل ۲۴:۔ سعد السعود ہے ہندی میں اس کو پوربادرپد کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا خ ہے یہ منزل سعد ہے عامل عمل محبت و مودت و طلسمات کرے بخور اس کا عود اور مصطگی ہے۔

منزل ۲۵:۔ سعد الاخبیہ ہے، ہندی اس کی بکھاست ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ذ ہے جب چاند اس منزل میں آوے عامل عمل عداوت کرے اور عمل محبت نہ کرے۔ فتنے و فساد جہاں میں زیادہ ہوتے ہیں طلسمات اور کیمیا اور سیمیا بھی نہ کرے بخور اس کا لوبان تر اور فلفل ہے۔

منزل ۲۶:۔ فرع المقدم ہے ہندی میں اس کو اترابھادر کہتے ہیں۔ صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ض ہے جب اس منزل میں چاند ہو عامل عمل تسخیر کرے اور کیمیا و طلسمات کرے بخور اس کا لوبان تر اور زعفران اور شونیز ہے۔

منزل ۲۷:۔ فرع مؤخر ہے اہل ہند اس کی ریوتی کہتے ہیں صورت اس کی یہ ہے ٥٥ حرف اس کا ظ ہے جب چاند اس منزل میں آوے عمل عداوت کرے اور عمل محبت نہ کرے اور عمل تسخیر برعکس ہوگا بخور اس کا فلفل اور دارچینی ہے۔

منزل ۲۸:۔ رشا ہے صورت اس کی یہ ہے ٥٥٥ ٥٥٥ ٥٥ حرف اس کا غ ہے جب چاند اس منزل میں آوے عامل عمل محبت اور طلسم کرے بخور اس کا شونیز ہے اب اس کا بیان ہے کہ کون کون منزل کس کس برج سے متعلق ہے مؤخر اور رشا اور ثلث شرطین برج حمل سے تعلق رکھتے ہیں اور ثلث شرطین اور بطین و ثلث ثریا برج ثور سے اور ثلث ثریا دوبران منبعہ برج جوزا سے اور ہنعہ ذراع ثلث نثرہ برج سرطان سے اور ثلث نثرہ طرفہ و ثلث جبہ برج اسد سے اور ثلث جبہ و زبرہ و صرفہ برج سنبلہ سے اور ثلث غفرا اور زبانا برج میزان سے اور ثلث زبانا و اکلیل برج عقرب سے اور ثلث اکلیل و قلب و شولہ برج قوس سے اور نعائم و بلدہ و ثلث ذراع برج جدی ہے اور ثلث ذابح و بلع برج دلو سے و ثلث سعد السعد الاخبیہ و فرع المقدم برج حوت سے متعلق ہے۔

باب ۲ دوم برجوں کے بیان میں

عامل کو کیفیت بارہوں برجوں کی بھی دریافت کرنا ضروری ہے اس واسطے کہ ان کی تاثیرات سے اس عالم میں طرح طرح کی کیفیات پیدا ہوتی ہیں جان تو کہ فرمایا حق تعالےٰ نے وَلَقَدْ جَعَلْنَا فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَّزَیَّنّٰهَا لِلنّٰظِرِیْنَ۔ یعنی اور بنائے ہم نے آسمان میں برج اور رونق دی اس کو دیکھنے والوں کے لیئے اور دوسری جگہ فرمایا تَبٰرَکَ الَّذِیْ جَعَلَ فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا یعنی برکت ہے اس کی جس نے بنائے آسمان میں بُرج اور تیسری جگہ فرمایا وَالسَّمَاءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ یعنی قسم ہے آسمان کی جس میں بُرج ہیں، علماء فرماتے

ہیں کہ برج سے مراد گھر ہے جیسے دنیا میں گھر بنے ہیں ویسے ہی آسمان میں بھی اور بعض
علماء فرماتے ہیں کہ مراد بروج سے نجوم ہیں۔ حضرت ابن عباس فرماتے ہیں کہ
فِی السَّمَاءِ بُرُوْجًا سے مراد برج دوازدہ گانہ ہیں اور اس پر سب گروہ مثل ہنود اور
پارسی اور یونانی اور عربی اور فرنگی اتفاق رکھتے ہیں کہ برج بارہ ہی ہیں اور کوئی قوم ان
میں سے مختلف نہیں ہے اور بارہ برج یہ ہیں اور برج کو اہل ہند راس کہتے ہیں۔
۱۔ حمل۔ ۲۔ ثور، ۳۔ جوزا، ۴۔ سرطان، ۵۔ اسد، ۶۔ سنبلہ، ۷۔ میزان، ۸۔ عقرب، ۹۔ قوس، ۱۰۔ جدی
۱۱، دلو، ۱۲۔ حوت، پہلا برج حمل ہے ہندی اس کی میکھ ہے یہ برج مینڈھے کی صورت
میں واقع ہے، جملہ ستارے اس میں اٹھارہ ہیں تیرہ داخل صورت اور پانچ خارج صورت منجملہ
اس کے دو ستارے روشن کہ اس کے سر پر ہیں ان کو شرطین کہتے ہیں اور ایک ستارہ روشن
خارج صورت اس کی شاخ پر ہے اس کو ناطح کہتے ہیں اور جو ستارے آنت اور ران پر ہیں
ان کو بطین کہتے ہیں۔ شرطین اور بطین دو منزلیں ہیں قمر کی صاحب حرز الامان نے فرمایا ہے
کہ در مکنونہ میں لکھا ہے کہ مؤکل برج حمل سراخیل ہے اور حرف ا د م ن ش ذ ہیں، دوسرا
برج ثور ہے، ہندی میں برکھ کہتے ہیں یہ برج بیل کی صورت ہے اس کی صورت میں
۳۳ ستارے ہیں بائیس ۲۲ داخل صورت اور گیارہ خارج صورت ایک ستارہ سرخ روشن اس کی
آنکھ پر ہے اس کو دبران کہتے ہیں اور جو ستارے اس کے کندھے پر ہیں ان کو ثریا کہتے ہیں،
اور نجم بھی وہ چھ ستارے ہیں بشکل خوشہ انگور کے اور دبران اور ثریا یہ دونوں منزلیں قمر کی ہیں
مؤکل اس کا عزرائیل ہے، حرف اس کے ب د ی ن ض ت ص، تیسرا برج جوزا ہے
اس کو توامین بھی کہتے ہیں ہندی اس کی متھن ہے۔ صورت دو آدمی ملے ہوئے
کی سی ہے ۱۸ ستارے داخل صورت اور سات خارج صورت دو ستارے روشن
اس کے سر پر واقع ہیں ان کو ذراع کہتے ہیں اور دو ستارے کہ پستان پر واقع ہیں ان کو
ہقعہ کہتے ہیں اور یہ دو منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا اسرافیل ہے اس کا حرف د ک س
ق ش ظ، چوتھا برج سرطان ہے ہندی کی کرک ہے، کیکڑے کی صورت پر ہے نو ستارے
داخل صورت اور چار خارج صورت ہیں ایک ستارہ بہت روشن ہے اس کو

نثرہ کہتے ہیں اور ایک ستارہ پاؤں پر واقع ہے اس کو طرفہ کہتے ہیں یہ دونوں منزلیں قمر کی
ہیں مؤکل اس کا فہقائیل ہے حرف اس کا د ح ل ع ر خ غ ہے۔ پانچواں برج اسد
ہے۔ ہندی میں سنگھ کہتے ہیں۔ شیر کی صورت ہے۔ ستائیس ستارے داخل صورت
ہیں اور آٹھ خارج صورت ہیں ان کو طرف کہتے ہیں اور چار ستارے کہ اس کی گردن پر
ہیں ان کو جبہ اور جو ستارے اس کے سینہ پر ہیں ان کو قلب اور جو اس کی پیٹھ پر ہیں ان
کو زبرہ کہتے ہیں اور جو ستارے دم پر ہیں ان کو صرفہ یہ منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا
شراطیل ہے حرف اس کا ا ل ا ط م ف ش ذ چھٹا برج سنبلہ ہے ہندی اس کی کینیا ہے
عورت کی صورت، چھبیس ستارے داخل صورت اور چھ خارج صورت اور ایک ستارہ
روشن اس کے کندھے پر ہے اس کو عوا کہتے ہیں، یہ تیرھویں منزل قمر کی ہے۔ اور جو ستارے
بائیں پاؤں پر ہیں ان کو عفرا کہتے ہیں مؤکل اس کا شہکیل ہے حرف اس کے ب د ی ن ص
ت ض، ساتواں برج میزان ہے ہندی میں تلا کہتے ہیں ترازو کی صورت ہے آٹھ ستارے
داخل صورت اور نو ستارے خارج صورت ہیں اس مجموعے سے کوئی ستارہ مشہور نہیں ہے
مؤکل اس کا اسرافیل ہے حرف اس کا د ح ل ع د خ غ آٹھواں برج عقرب ہے ہندی
اس کی برچھک ہے، بچھو کی صورت پر ہے ستارے اس کے اکیس داخل صورت اور تیس
خارج صورت جو ستارے پیشانی پر ہیں ان کو اکلیل کہتے ہیں اور دو ستارے دم پر
ہیں ان کو شولہ کہتے ہیں، اکلیل اور شولہ دو منزلیں قمر کی ہیں مؤکل اس کا مرصائیل ہے،
حرف اس کے ا ل ا م ر ف ش ز، نواں برج قوس ہے ہندی میں دھن کہتے ہیں۔ یہ برج
کمان کی طرح پر ہے۔ اکیس ستارے ہیں مؤکل اس کا سرطائیل ہے حرف اس کا ب
د م ی ن ص ت ض، دسواں برج جدی ہے ہندی میں مکر کہتے ہیں بکری کی صورت
پر ہے اس میں اٹھائیس ستارے ہیں دو ستارے اس کی گردن پر ہیں ان کو سعد ذابح
کہتے ہیں مؤکل اس کا شہکائیل ہے، حرف اس کے ج د ک س ق ت ظ ہیں۔
گیارھواں برج دلو ہے۔ ہندی میں کنبھ کہتے ہیں۔ ایک مرد کی صورت ہاتھ میں ڈول
لئے ہوئے اس میں بیالیس ستارے ہیں منجملہ ان کے دو ستارے ہیں جن کو سعد السعود

کہتے ہیں۔ اور تین ستارے بائیں ہاتھ پر ہیں ان کو سعد بلع کہتے ہیں اور تین ستارے اس کے داہنے ہاتھ پر ہیں ان کو سعد الاجنیہ کہتے ہیں مؤکل اس کا میکائیل ہے۔ حرف اس کے د ح ل د خ غ ہیں۔ بارھواں برج حوت ہے۔ اہل ہندمین کہتے ہیں صورت دو مچھلیوں کی مانند ہے چونتیس ستارے اس میں ہیں۔ تیس داخل صورت اور چار خارج صورت مؤکل اس کا قصبائیل ہے حرف اس کے ج ذ س ق ث ظ جان تو کہ ان برجوں میں تین برج آتشی یعنی حمل، اسد، قوس اور تین خاکی یعنی ثور، سنبلہ، جدی اور تین آبی یعنی سرطان عقرب، حوت اور تین بادی یعنی جوزا، میزان، دلو، اور بارھویں برج میں چار برج ہیں منقلب ہیں۔ حمل، سرطان، میزان، جدی اور چار ثابت ثور، اسد، عقرب، دلو اور چار ذوجدین جوزا، سنبلہ، قوس، حوت، جب آفتاب برج منقلب میں ہو عمل محبت کشائش رزق وغیرہ نہ کرے اور ذوجدین میں جو چاہے کرے مگر بشرط ضرورت اور مہینوں ہندی کا بھی یہی حال ہے اور ابتدا بیساکھ سے ہے۔ علامہ بوعلی علیہ الرحمۃ نے لکھا ہے کہ واسطے برج کے بلاد مقرر ہیں اور ہم چند شہروں کے نام لکھتے ہیں۔ انہیں پر قیاس کرنا چاہیئے۔ برج، حمل بابل اور فارس اور آذربائیجان برج ثور ہمدان اور کرد در برج جوزا جرجان اور گیلان برج سرطان چین اور خراسان برج اسد ترک، برج سنبلہ شام و جزیرہ دجلہ فرات برج میزان روم و افریقہ و مصر و حبش برج عقرب حجاز و یمن برج قوس بغداد و اصفہان برج جدی کرمان و عمان و ہند برج دلو کوفہ و حجاز برج حوت طبرستان و اسکندریہ و روم۔

باب ۳

سوم ستاروں کے بیان میں

حق تعالیٰ فرماتا ہے وَهُوَ الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ النُّجُومَ لِتَهْتَدُوا بِهَا فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ۔ یعنی اور اس نے بنا دیئے تمہارے لیے تارے کہ ان سے راہ پاؤ اندھیروں میں

جنگل اور دریا کی اور دوسرے مقام پر فرمایا وَبِالنَّجْمِ هُمْ يَهْتَدُونَ اور تاروں سے لوگ راہ پاتے ہیں اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ علم نجوم کا نفع دینے والا ہے اور اکثر لوگ اس کو نہیں جانتے ہیں ان کی سیر و سیاحت سے اس عالم میں تغیرات ہوتے ہیں اور کیفیات عالم کو متغیر کرتے ہیں اسی واسطے ان کو مدبر عالم بھی کہتے ہیں۔ فَالْمُدَبِّرَاتِ اَمْرًا یعنی ہر کام بناتے ہیں حکم سے اس آیۃ شریفہ کی تفسیر میں مفسرین فرماتے ہیں کہ مراد اس سے کواکب سیارہ ہیں جب مشرق سے مغرب کو اور ایک برج سے دوسرے میں جاتے ہیں عالم سفلی میں تغیر ہوتا ہے اور فصلیں بدلتی ہیں اور ہزاروں طرح کے فائدے ان کے طلوع و غروب سے اہل عالم کو ہوتے ہیں۔ ہر ایک ستارے کی ایک نئی خاصیت ہے جبکہ وہ حاکم وقت ہوتا ہے اپنی تاثیر عالم میں ظاہر کرتا ہے پس واجب ہے عالم علم نجوم کو بھی سیکھے اور تاثیرات سے نجوم کی واقف ہو ورنہ عمل ضائع ہوگا ہم نے سب ستاروں کا بیان بسبب طول تقریر نہیں لکھا بنظر اختصار اب ہم سبعہ سیارہ ہی کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں اور حرف مؤکلات سبعہ سیارہ کو موافق قول در مکنونہ وغیرہ کے لکھا ہے، سبعہ سیارہ یہ ہیں۔ قمر، عطارد، زہرہ، شمس، مریخ، مشتری، زحل، قمر یعنی سوم یہ ستارہ سبعہ سیاروں میں سب سے چھوٹا ہے مگر سب سے زیادہ سریع السیر ہے اور سعد اصغر ہے اور ہر برج میں دو شب اور دو ثلث رہتا ہے اور تمام فلک کو ایک مہینے میں طے کرتا ہے یہ مذکر ہے طبیعت اس کی بارد ہے اور حرارت ارضی ہے بسبب قبول کرنے روشنی آفتاب کے پہلے فلک پر ہے اور نام فلک قمر کا برقیقلا ہے اور حرف اس کے ا م س ط مؤکل اس کا اسمائیل ہے اور حرف قمر کے ج ل س ف ہیں حاکم سومیار یعنی دوشنبہ کے دن کا ہے۔

عطارد ۲۔ یعنی بدھ یہ ستارہ مختلف الحال سعد کے ہمراہ سعد اور نحس کے ہمراہ نحس اس واسطے منجم اس کو منافق کہتے ہیں اور ہر برج میں پندرہ روز رہتا ہے اور تمام فلک کو ایک سو اٹھائیس روز میں طے کرتا ہے اور یہ ستارہ مخنث ہے اور حرارت اور برودت مساوی رکھتا ہے اور دوسرے فلک پر ہے۔ نام اس کا برقیدز ہے اور حرف اس کے ح ف ص اور مؤکل عطارد کا شمخائیل ہے اور حروف عطارد ب س ش ذ ہے

یہ ستارہ حاکم ہے بدھ یعنی چہارشنبہ کے دن کا زہرہ یعنی شکر یہ ستارہ سعد ہے ہر برج
کو پچیس روز میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو دو سو پچیس دن اور ربع دن میں قطع کرتا
ہے، یہ ستارہ مونث ہے بارد رطب ہے تیسرے فلک پر ہے اور نام اس کے فلک کا
باعون ہے حرف اس کے ز ع ذ اور موکل زہرہ کا سیدہائیل حرف ش س وطاژ ہے اور
حاکم جمعہ کے دن کا ہے۔ شمس یعنی یہ ستارہ سعد ہے اور جب نحس ستارے کے مقابل
ہوتا ہے نحس ہو جاتا ہے سبعہ سیارہ میں بہت بڑا ہے اور ہر برج میں تیس دن رہتا
ہے اور تمام فلک کو تین سو پینسٹھ دن اور ربع دن میں تمام کرتا ہے مذکر ہے حاریابس
ہے اور چوتھے فلک پر مقیم ہے اور اس کے فلک کا نام اغلوق ہے۔ حرف اس کے دس خ
موکل شمس کا صلصائیل حرف ح کا ح ی اور حاکم اتوار یعنی یکشنبہ کے دن کا مریخ یعنی منگل یہ
ستارہ نحس اصغر ہے ہر برج کو چالیس دن میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو چھ سو تیس
دن میں مذکر ہے۔ طبیعت اس کی حاریابس ہے۔ پانچویں فلک پر مقام ہے اس کے
فلک کا لنقا نام ہے حرف اس کے ہ ن ث موکل مریخ کا کائیل ہے حرف مریخ ا ت م
س ہیں یہ ستارہ حاکم منگل یعنی سہ شنبہ کے دن کا مشتری یعنی براہسپت یہ ستارہ سعد
ہے ہر برج کو ایک سال میں طے کرتا ہے اور تمام فلک کو گیارہ برس اور ستائیس روز
میں طے کرتا ہے مذکر ہے طبیعت اس کی معتدل ہے چھٹے فلک پر مقام ہے اور نام اس
کا بریقا ہے اور حرف اس کے ہ ہ ن موکل مشتری سمحائیل ہے حرف ظ ا ق ک س یہ ستارہ
جمعرات یعنی روز پنجشنبہ کا حاکم ہے زحل ؁ یعنی سنیچر یہ ستارہ نحس اکبر ہے، ہر برج کو
تیس ماہ میں قطع کرتا ہے اور تمام فلک کو انتیس برس میں طے کرتا ہے مذکر ہے طبیعت
اس کی بارد یابس ہے ساتویں فلک پر مقام ہے اور نام اس کا عجوجائیل ہے حرف فلک زحل
کے ج ل ش موکل زحل کا فریائیل ہے حروف ن د ح غ حاکم ہفتہ یعنی شنبہ
کے دن کا اور حرف سبعہ سیارہ کے موافق قول علمائے جفر کے ہم نے کتاب مجربات
سلیمانی میں لکھے ہیں ملاحظہ کرنا چاہیے۔

ژ

باب ۴

دن اور رات کی ساعتوں میں

حق تعالیٰ نے ستاروں میں طرح طرح کی تاثیرین عطا فرمائی ہیں اور عالم سفلی کو عالم
علوی کا تابع کیا ہے کوئی ستارہ سعد ہے اور کوئی نحس ستارہ جس وقت سعد ہوتا ہے کام بنتا
ہے اور جب نحس ہوتا ہے کام بگڑتا ہے، یہ ستارے جن کو سبعہ سیارہ کہتے ہیں شب و روز دورہ
کرتے ہیں اہل نجوم نے تحقیق کر کے ان کی ساعتیں مقرر کی ہیں اگر خلاف ہوگا تو عمل برباد ہوگا
کچھ تاثیر نہ ہوگی عامل کو چاہیے کہ جب عمل پڑھنے یا تعویذ لکھنے کا قصد کرے تو اول ساعت کو
دیکھے کہ آج کے روز کون ستارہ حاکم ہے اور اس وقت کس ستارے کا دور ہے اور یہ سعد ہے
یا نحس، ساعت ہر ستارے کی ایک گھنٹے کی ہوتی ہے۔ اب ہم ساعتوں کو قول صاحب شمس
المعارف کے موافق لکھتے ہیں اور ہر روز کی بارہ ساعتیں ہیں اور اہل ہند نے انہیں ستاروں
پر ایام کے نام رکھے ہیں جیسا اتوار ایت اہل ہند سورج کو کہتے ہیں اس روز پہلی ساعت میں
شمس ہوتا ہے اس واسطے اس دن کا نام اتوار رکھا گیا یعنی یہ دن سورج کا ہے اور سوموار
یعنی یہ دن چاند کا ہے اور منگل یعنی یہ دن مریخ کا ہے اور بدھ یعنی یہ دن عطارد کا ہے،
براہسپت یعنی یہ دن مشتری کا ہے شکر یعنی یہ دن زہرہ کا ہے، سنیچر یعنی یہ دن زحل
کا ہے۔

روز یکشنبہ:۔ یعنی اتوار پہلی ساعت میں صاحب زماں شمس ہے اس میں
عمل محبت کرے اور حکام کی ملاقات کو جائے اور نیا کپڑا پہنے دوسری ساعت میں یہ زہرہ
ہے۔ ساعت مذموم ہے کوئی کام جدید نہ کرے تیسری ساعت عطارد ہے اس میں تعویذ
محبت کے لکھے اور مسافرت کرے چوتھی ساعت میں قمر ہے اس میں بیع شرا نہ کرے
اور کسی کام جدید کا بجز انجام نہ ہوسکے پانچویں ساعت میں زحل ہے اس میں اعمال بغض و
عداوت کرے چھٹی ساعت میں مشتری ہے اس میں حکام وغیرہ سے اپنا مافی الضمیر بیان کرے
ساتویں ساعت میں مریخ ہے یہ سعد نحس ہے۔ کچھ کام نہ کرے آٹھویں ساعت میں

شمس ہے یہ ساعت نیک ہے اس میں جو کام کرے بخیر و خوبی انجام ہو نویں ساعت میں زہرہ ہے۔ اس میں عمل محبت و تسخیر نہ کرے اور سفر کرے دسویں ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت نیک ہے عمل محبت کرے اور سفر کرے، گیارھویں ساعت میں قمر ہے اس میں طلسمات وغیرہ لکھے بارھویں ساعت میں زحل ہے یہ ساعت نحس ہے اسمیں عمل بغض و عداوت کرے اور اچھا کام نہ کرے۔

روز دوشنبہ۔ یعنی سوموار پہلی ساعت میں قمر ہے۔ اس میں تسخیر و زبان بندی کا عمل کرے دوسری ساعت میں زحل ہے اس میں سفر کرے اور اپنی حاجت کو حکام سے بیان کرے تیسری ساعت میں مشتری ہے اگر میاں بیوی میں ناموافقت ہووے تو تسخیر کے لیے عمل کرے چوتھی ساعت میں مریخ ہے تباہی دشمن کے لئے عمل کرے یا اس کا عمل کرے کہ دشمن کے کسی جگہ سے خون جاری ہو جاوے پانچویں ساعت میں شمس ہے واسطے افضلولہ مرام و عقد لسان و تسخیر کی یہ ساعت خوب ہے چھٹی ساعت زہرہ کی ہے اس میں طلسمات کو کرے ساتویں ساعت میں عطارد ہے اس میں اعمال تسخیر و عقد لسان کرے اور یا جس کام کے لیئے جو کرے گا ہو جاوے گا۔ آٹھویں ساعت قمر کی ہے اس میں اعمال محبت کرے اور اگر زوج زوجہ میں ناموافقت ہے دونوں مل جاویں نویں ساعت زحل ہے اس میں اعمال بغض و ہلاکی کرے دسویں ساعت میں مشتری سعد ہے اس میں جو کام کرے بخیر خوبی انجام پاوے۔ گیارھویں ساعت مریخ کی ہے اسمیں تعویذ بغض لکھے اور عداوت کا عمل کرے بارھویں ساعت شمس کی ہے اسمیں عمل زبان بندی و محبت کرے۔

روز سہ شنبہ۔ یعنی منگل پہلی ساعت میں مریخ ہے اس میں بغض و عداوت بیماری کے عمل کرے دوسری ساعت میں شمس ہے اس میں کچھ کام نہ کرے تیسری ساعت میں زہرہ ہے اس۔ عورت کا نکاح کرے نیک بخت لڑکا پیدا ہو چوتھی ساعت میں عطارد ہے واسطے خلاصی قیدی کے عمل کرے، پانچویں ساعت میں قمر ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے چھٹی ساعت زحل ہے تعویذ بیمار کے لکھے، ساتویں ساعت میں مشتری ہے عمل دفع بیماری اور تسخیر کا کرے اور آٹھویں ساعت میں مریخ ہے عمل بیمار ہونیکا کرے، نویں ساعت شمس کی

ہے اس کی ساعت میں نکاح کرے اور اپنی عورت سے صحبت داری اور اعمال محبت کرے دسویں ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے گی گیارھویں ساعت میں عطارد ہے اس میں سفر نہ کرے بارھویں ساعت میں قمر ہے عمل بغض کرے۔ **روز چہارشنبہ** یعنی بدھ پہلی ساعت میں عطارد ہے یہ ساعت واسطے محبت و تسخیر کے ہے دوسری ساعت میں قمر ہے یہ ساعت مذموم ہے کوئی عمل نہ کرے تیسری ساعت زحل ہے تعویذ شفائے امراض لکھے۔ چوتھی ساعت مشتری کی ہے یہ ساعت نیک ہے اسمیں عمل محبت و ترقی رزق کرے پانچویں ساعت میں مریخ ہے یہ ساعت نحس ہے اسمیں اعمال مخاصمت کرے چھٹی ساعت میں شمس ہے یہ ساعت اچھی ہے۔ سفر کرے اور اعمال ترقی رزق اور محبت لکھے اور پڑھے، ساتویں ساعت زہرہ کی ہے یہ ساعت نیک ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھویں ساعت میں عطارد ہے تعویذ گریہ اطفال اور نظر بد لکھے نویں ساعت قمر ہے اسمیں اعمال بغض عداوت نہ کرے دسویں ساعت زحل کی ہے اس میں حکام سے ملاقات کرے گیارھویں ساعت مشتری کی ہے اس ساعت میں حکام کے پاس ملاقات کے لیے جاوے بارھویں ساعت مریخ کی ہے۔ اعمال بغض و عداوت کرے۔

روز پنجشنبہ۔ یعنی جمعرات پہلی ساعت مشتری کی ہے اس میں ترقی رزق و خلاصی قید اور تسخیر کا عمل کرے دوسری ساعت میں مریخ ہے اسمیں سفر نہ کرے اور کوئی کام جدید نہ کرے تیسری ساعت میں شمس ہے اس میں سفر نہ کرے اور تعویذ محبت والفت لکھے، چوتھی ساعت میں زہرہ ہے یہ ساعت اچھی ہے محبت و تسخیر کے لیئے عمل کرے، پانچویں ساعت میں عطارد ہے اسمیں نکاح کرے چھٹی ساعت میں قمر ہے اس کی ساعت میں سفر کرے اور حکام سے ملاقات کرے ساتویں ساعت زحل کی ہے یہ بھی اچھی ہے جو کام کرے اچھا ہووے آٹھویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت نیک ہے عمل رزق و تسخیر کرے نویں ساعت میں مریخ ہے اسکی مصلحت میں عمل تسخیر کرے اور حکام سے ملاقات کرے دسویں ساعت میں شمس ہے اس کی ساعت میں حکام سے عرض مطلب کرے گیارھویں ساعت میں زہرہ ہے اسمیں تعویذ محبت لکھے بارھویں ساعت میں عطارد ہے اسمیں جدید کام نہ کرے۔

روز جمعہ :- یعنی شکر پہلی ساعت میں زہرہ اسکی ساعت میں نکاح کرے اور عمل تسخیر دوسری ساعت میں عطارد ہے اسیں طلسمات لکھے تیسری ساعت میں قمر ہے اسمیں کچھ کام نہ کرے اور چوتھی ساعت میں زحل ہے تعویذ نظر بد لکھے پانچویں ساعت میں مشتری ہے اگر زوج و زوجہ میں منافقت ہو عمل محبت کرے چھٹی ساعت میں مریخ ہے اسمیں تعویذ قضائے حاجات لکھے اور حکام سے ملاقات کرے ساتویں ساعت میں شمس ہے اسکی ساعت میں تعویذ لکھے اور نکاح کرے آٹھویں ساعت میں زہرہ ہے سب کام اچھے ہو جائیں نویں ساعت عطارد ہے یہ ساعت مبارک ہے اسمیں عمل تسخیر کرے، دسویں ساعت میں قمر ہے اعمال عداوت کرے گیارہویں ساعت زحل کی ہے اسمیں کوئی عمل نہ کرے بارہویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت بڑی مبارک ہے اسمیں اعمال قضائے حاجات و تسخیر کرے، روز شنبہ :- یعنی سنیچر پہلی ساعت زحل کی ہے اگر اس دن میں یہ ساعت شروع ماہ میں ہو تو نیک ہے عمل محبت اور ترقی رزق کرے اور اگر اخیر ماہ میں ہو تو نحس ہے۔ اعمال بغض و عداوت کرے دوسری ساعت مشتری کی ہے عمل محبت کرے تیسری ساعت میں مریخ ہے اعمال بغض و عداوت کرے چوتھی ساعت میں شمس ہے تعویذ محبت اور قضائے حاجات لکھے، پانچویں ساعت زہرہ کی ہے اس میں عمل محبت کرے چھٹی ساعت عطارد ہے واسطے حصول غنا کے عمل کرے ساتویں ساعت میں قمر ہے یہ ساعت نحس ہے کوئی کام جدید نہ کرے آٹھویں ساعت میں زحل ہے عمل بیماری کا کرے نویں ساعت میں مشتری ہے یہ ساعت سعد ہے اسمیں جو کام کرے بخیر انجام پاوے دسویں ساعت مریخ کی ہے یہ ساعت نحس ہے تعویذ بیماری کا لکھے، گیارہویں ساعت میں شمس ہے اس میں تعویذ تسخیر لکھے بارہویں ساعت میں زہرہ ہے اس کی ساعت میں تعویذ محبت تسخیر لکھے اور درمیان زوج و زوجہ کے ناموافقت ہوئے تعویذ مؤکلات کرے محبت ہوے، واللہ اعلم بالصواب۔

باب پانچواں ساتوں دنوں کے مؤکلات میں

حجۃ الاسلام امام غزالی نے کتاب سر المصون والجواہر المکنون میں لکھا ہے کہ عامل کو چاہیئے کہ ساتوں دنوں کے موکلوں کو بھی دریافت کرے کہ یکشنبہ کو کون موکل ہے اور دوشنبہ وغیرہ

کا کون موکل ہے اور ان کا نام کیا ہے جس روز عمل شروع کرے تو ان کا نام باادب و تعظیم لیوے اور ان سے استعانت و امداد چاہے تاکہ مقصد دلی حاصل ہونے کے دیر نہ ہووے ہر ایک دن میں دو فرشتہ مؤکل ہیں، ایک علوی سماوی دوسرا سفلی ارضی اور نام ان کے یہ ہیں، یکشنبہ کو ملک علوی دونیائیل اور ملک سفلی ابو عبداللہ مذہب ہے دوشنبہ کو ملک علوی جبرائیل اور جبرائیل کا خادم مکائیل ہے اس کو بھی یاد کرے ملک سفلی میں ابو عبداللہ الحارث سہ شنبہ کو ملک علوی سلسائیل اور بعض کہتے ہیں ملک سفلی ارضی الاحمر ہے چہار شنبہ ملک علوی میکائیل اور میکائیل کا ایک خادم ہے نام اس کا فوابیل ملک سفلی کے دو نام ہیں ایک دو بعہ اور دوسرا یرقان پنجشنبہ کو ملک علوی صرفیائیل ملک سفلی السید شمہورس جمعہ ملک علوی عینائیل ملک سفلی عبدالرحمان لقب اس کا ابیض ہے شنبہ ملک علوی نصفیائیل ملک سفلی ابونوح میمون السبحان۔

باب ۶ مؤکلات ہر چہار سمت میں

عامل کو یہ بھی دریافت کرنا ضروری ہے کہ شرق و غرب جنوب و شمال کا کون مؤکل ہے ان سے امداد کرنا چاہیئے مؤکل مشرق کا دنیائیل ہے اور اعوان ان کے خدحائیل و حموتیائیل و سمیائیل اور مؤکل مغرب دردیائیل ہے اور اعوان ان کے جبرتقیل و قمائیل و شویائیل ہے اور موکل قبلہ کا اینائیل اور اعوان ان کے فرعوئیل و طاجیل و اللول ہے اور مؤکل جنوب کا مرغائیل ہے اور اعوان ان کے قیائیل اور مرحبائیل اور حرمکائیل ہے اور موکل شمالی کا اسیائیل اور اعوان ان کے قیائیل اور طائیل ہے۔

باب ۷ حروف تہجی کے بیان میں

ہر قوم اور ہر ملت میں قاعدہ ہے کہ اول جب علم سیکھنے کا ارادہ کرتے ہیں تو ابتدا مفردات سے کرتے ہیں پھر مرکبات کو سیکھتے ہیں یہ ممکن نہیں کہ مبتدی پہلے مرکبات کو سیکھے اور فائز المرام ہو کیونکہ پہلے جب حروف کے اشکال مبتدی کے ذہن میں آجاویں گے تو بآسانی مرکبات کو سمجھے گا جس شخص کو شوق تحصیل اس علم شریف کا ہووے اس پر واجب ہے کہ پہلے کیفیت حروف کی خوب دریافت کرے پھر اور عمل پڑھے کیونکہ مبتدی بغیر سیکھے اس کے اپنے مطالب کو نہ پہنچے گا اس لیے

ہم حرف تہجی کا بیان کرتے ہیں۔ ان ہی کو حروف معجم کہتے ہیں۔ کسی نے حضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یا حضرت معجم کون ہیں آپ نے فرمایا یہ ہیں۔ ا ب ت ث ج ح خ د ذ ر ز س ش ص ض ط ظ ع غ ف ق ک ل م ن و ہ لا ء ی یہ عربی ہیں ان کی برکت و عظمت سب پر ظاہر ہے کہ قرآن مجید و اسمار ربانی اور احادیث نبوی انہی حروف میں سے ہیں اور سب پر ان کی عظمت کرنا واجب ہے انہی کے ورد سے انسان روحانیت سے افضل ہو جاتا ہے۔ حرف دو قسم کے ہیں ایک نورانی اور دوسرے ظلمانی اور ان کو نورانی اس واسطے کہتے ہیں کہ کوئی ایسا اسمائے حسنیٰ سے نہیں ہے کہ جو ان سے مرکب نہ ہو مگر ایک اسم الودود ہے۔ حروف نورانی جن کو حروف عالیات بھی کہتے ہیں وہ یہ ہیں الر ۹ ؛ ن ز ک و ی ط س ح ق ن اور مجموعہ ان کا یہ ہے صراط علی حق نمسکہ صاحب حرز الامان نے کتاب الملوے سے نقل کیا ہے کہ اگر کسی شخص کو بچھو کاٹے حروف نورانی کو چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر پلاوے درد دور ہو۔ صاحب دار النظم نے لکھا ہے کہ اگر حروف نورانی کو لکھ کر اپنے مال میں رکھے مال ضائع نہ ہوئے اور حروف ظلمانی یہ ۱۴ حروف ہیں۔ ب ت ث ج خ د ذ ز ش ض ظ غ ف، انکو ظلمانی اس واسطے کہتے ہیں کہ کوئی اسم اسمائے حسنیٰ سے مرکب نہیں ہے بغیر امتزاج حروف نورانی کے مگر ایک اسم الودود ہے لکھا ہے کہ جو کوئی انکو اپنے پاس رکھیگا دشمنوں پر فتحیاب رہیگا اب ہر حرف کی علیحدہ علیحدہ کیفیت اور خاصیت لکھتے ہیں ا : یہ حرف اول حرف تہجی ہے اور حروف سے بزرگ ترین ہے اسم ذات جناب باری عز اسمہ ان سب حروف سے پہلے حرف یہی لکھا ہے کہ جب حق تعالیٰ کا حکم قلم کو ہوا کہ کچھ قیامت تک ہونیوالا ہے۔ لکھ قلم نے سر لوح پر لکھا اس سے ایک نقطہ نور کا ٹپکا وہ الف کی صورت پر ہو گیا۔ حق تعالیٰ نے حرف میں سب سے پہلے اس کو بنایا اور سورۃ فاتحہ میں اسی کو مقدم کیا اور سورہ بقرہ وغیرہ کی ابتدا الف سے کی ہے عدد اس کا ایک ہی ہے یہ آتشی ہے اور آتش اول عنصر ہے علما فرماتے ہیں کہ جو کوئی لکھے الف کو ایک سو گیارہ بار سونے کی تختی پر آفات سے بچا رہے۔ ایضاً۔ اگر دشمنوں کے شر سے بچنا چاہیے یا بخار آتا ہو تو کاغذ کو زعفران سے رنگے یا کاغذ پر سونے سے اتوار کے دن شمس کے شرف میں لکھے حق تعالیٰ جمیع آفات و بلیات سے محفوظ رکھے اگر عورت کو درد زہ ہو تو وہ دیکھے لڑکا باسانی پیدا ہو صورت اس کی یہ ہے۔

ااا	ااا

اگر کسی کو خفقان ہو یا نظر بد ہو تو اسطرح سے، دن تک لکھے صحت ہو گی

ن	ل	ل
ا	ق	
ل	ا	ف

ایضاً۔ جو کوئی چاہے جاہ و منصب ملے وہ اس نقش کو سونے پر کندا کر کے سونے کی انگوٹھی پر رکھ کر پہنے قمر برج ہوت میں ہو نقش یہ ہے۔۔۔۔۔

۳۶	۴۱	۳۴
۳۵	۳۷	۳۹
۴۰	۳۳	۳۸

ب : یہ دوسرا حرف ہے حار یابس ہے عدد اس کے دو ہیں لکھا ہے کہ حق تعالیٰ نے ب کو پیدا کیا اور اس کے ساتھ آٹھ فرشتے پیدا کئے اور وہ فرشتے حق تعالیٰ کی حمد و ثنا تک کرتے رہیں کے یہ حرف بڑی برکت کا ہے کہ بسم اللہ میں اول یہی ہے اور بسم اللہ بڑی برکت کی چیز ہے علماء نے لکھا ہے کہ جو کوئی اس حرف کو ہر روز صبح کو ساٹھ مرتبہ پڑھا کرے صاحب کرامت ہو جاوے، ایضاً جو لڑکا بولتا نہ ہو یا ہکلاتا ہو اس حرف کو کاغذ پر ۶۰ مرتبہ لکھ کر پلاوے لڑکا بولنے لگے اور فصیح اللسان ہو وے۔ ایضاً جس کو ترقی رزق منظور ہو اس حرف کو اسطرح لکھ کر اپنے پاس رکھے۔۔۔۔۔

ب	ب	ب
ب	ب	ب
ب	ب	ب

ت : یہ حرف بارد یابس ہے عدد اس کے چار سو ہیں جو کوئی اس حرف کو تانبے کی تختی پر کندہ کر کے اپنے گلے میں پہنے وہ دریا میں غرق نہ ہو گا۔ ایضاً جس کو ترقی مال منظور ہو اس نقش کو کاغذ پر لکھ کر مال میں رکھے اسکا مال جمیع آفات سے بچا رہے نقش یہ ہے۔

ث : یہ حرف بارد و طب ہے عدد اس کے پانچسو ہیں جو شخص اسکو چاندی کی تختی پر کندہ کرا کے لڑکے کے سر پر رکھے لڑکا حملہ آفات سے بچا رہے چیچک سے بھی امن میں رہے۔ ایضاً جو کوئی شخص چاندی پر اس حرف کو لکھے اور بیمار کو پانی سے دھو کر پلاوے بیمار شفا پاوے۔ ایضاً واسطے محبت کے لکھے اور محبوب کو گھول کر شربت میں پلادے۔

ج : یہ حرف یابس ہے بعض بارد رطب کہتے ہیں عدد اس کے تین ہیں جو کوئی اس کو کوری اینٹ پر لکھے اور درخت میں لٹکاوے درخت میں پھل آویں ج ی م پھر گرد اس کے یہ لکھے نوبہم ایاتنا ج ی م آلی الافات ج ی م قی ج ی م ایضاً۔ جس شخص کا مال چوری ہو وے اور منظور ہو کہ چور دریافت ہو تو اسطرح برکی روٹی پر لکھے اور گرد اس کے یہ آیت وَاِذْ قَتَلْتُمْ نَفْسًا سے تکتمون تک لکھے اور متہمین کو کھلائے جو چور ہو گا اس کے حلق میں پھنسے گا صورت یہ ہے۔۔۔۔۔۔

ح :۔ یہ حرف بارد ہے عدد اس کے آٹھ ہیں جس کو پیاس کی شدت ہو چینی کی رکابی پر اسی مرتبہ لکھے اور پانی سے دھو کر پلاوے پیاس دور ہووے اگر کوئی شخص تنگدست ہووے وہ شرف مشتری میں لکھ کر اپنے گلے میں ڈالے۔ ایضاً، جو کوئی بیمار ہو اس حرف کو چینی کی رکابی پر لکھ کر پانی سے دھو کر تھوڑا شہد ملا کر پلاوے مریض شفا پاوے۔

خ :۔ یہ حرف بارد ہے عدد اس کے چھ سو ہیں اس حرف کو سیسے کی تختی پر کندہ کرا کے جس گھر میں دفن کرے وہ تباہ ہو جاوے۔ ایضاً۔ اگر کوئی کسی سے ڈرتا ہو اپنی ہتھیلی پر اسطرح سے لکھے وہ مہربان ہووے وہ نقش یہ ہے۔

خ خ خ خ
خ خ خ خ

د۔ یہ حرف بارد رطب ہے عدد اس کے چار ہیں جس کو ورم ہو اس حرف کو لکھے ورم دور ہووے

ذ :۔ یہ حرف حار رطب ہے، عدد اس کے سات سو ہیں جس کو بلغم کی کثرت ہو وہ چینی کی رکابی پر اس حرف کو اسطرح لکھے اور شہد اور پانی سے دھو کر پیئے شفا پاوے ذ ذ ذ ذ ذ ذ ذ ایضاً مسجون اس طرح سے لکھے خلاصی پاوے۔

ر :۔ یہ حرف بارد رطب ہے عدد اس کے دو سو ہیں جس مطلب کے واسطے لکھ کر اپنے پاس رکھے گا مطلب پورا ہووے گا۔ ایضاً۔ اگر اسطرح سے لکھے گا جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔

ز :۔ یہ حرف چار رطب ہے عدد اس کے سات ہیں جو کوئی اس حرف کو اپنے پاس رکھے گا رزق غیب سے ملے گا اگر اسطرح سے لکھے صحیح و تندرست رہے۔ ایضاً۔ اگر لڑکے کے گلے میں ڈالے لڑکا نظر بد سے بچا رہے۔

س :۔ یہ حرف یابس ہے عدد اس کے ساٹھ ہیں واسطے محبت کے یوں لکھے یٰسین والقرآن الحکیم اور اپنے پاس رکھے۔

ایضاً، اسطرح سے لکھ کر پاس رکھے خلائق اس کی مطیع ہووے۔

ش :۔ یہ حرف چار رطب ہے اور اہل مغرب اس کو بارد رطب کہتے ہیں عدد اس کے تین سو ہیں اعمال قہریہ میں بہت موثر ہے۔

ایضاً :۔ واسطے زبان بندی کے کاغذ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھے اور چالیس روٹیاں پکاوے ایک ایک کو روٹی کی تہ میں رکھ کر پکاوے زبان بدگوئی سے بند ہوگی۔ ایضاً، اگر کسی عورت کو دردزہ ہوئے شیرینی پر دم کر کے کھلاوے درد دور ہووے اور لڑکا باسانی ہووے۔

ص :۔ یہ حرف یابس ہے عدد اس کے نوے ہیں جو کوئی ہرن کی جھلی پر جمعہ کے دن دس مرتبہ لکھے اور شکار کو جاوے خوب شکار ملے۔ ایضاً، جو کوئی سفر کا ارادہ کرے وہ اس حرف کو پڑھے راہ میں نہ تھکے گا اور مسافت جلد طے ہوگی۔ ایضاً، اگر اس نقش کو اپنے پاس رکھے فقر و فاقہ سے بچا رہے گا۔ نقش یہ ہے۔۔۔

ص ص ص ص ص ص
ص ص ص ص ص ص
ص ص ص ص ص ص

ض :۔ یہ حرف یابس ہے عدد اس کے سو ہیں اہل خواص اس کو اعمال ہلاکی و بغض میں لکھتے ہیں۔ سکاکی نے اپنی کتاب خواص الحروف میں لکھا ہے کہ جو کوئی اس حرف کو آٹھ سو بار بہ نیت جنون کھانے پر دم کر کے جس کو کھلاوے وہ مجنون ہو جاوے اور اگر بہ نیت صحت پڑھے تو مجنون اچھا ہو جاوے۔

ایضاً، اگر چاہے دشمن ہلاک ہووے ساٹھ بار اسم شریف یاضاد کو کسی چیز پر دم کر کے پلاوے یا لکھ کر دشمن کے گھر میں دفن کرے یا اس کی دیواروں پر چھڑکے،

ط :۔ یہ حرف یابس ہے عدد اس کے نو ہیں علما خاصیت فرماتے ہیں کہ یہ حرف واسطے ہلاکی اعدا و حفاظت جملہ آفات اور حصول برکت و جمعیت کے موثر ہے جو کوئی چاہے کہ دشمنوں کی قید سے میں بچا رہوں ساٹھ بار اس حرف کو ہر روز پڑھا کرے

ایضاً، جو کوئی چاہے کہ دشمن ہلاک ہو جاوے اس نقش کو تانبے کی تختی پر کندہ کرا کے منگل کے دن پہلی ساعت میں اندھے کنویں میں ڈالے نقش یہ ہے۔

۹۹۹ ۹۹
۹۹ ۹ ۹
۹ ۹

ظ :۔ یہ حرف بارد رطب ہے عدد اس کے نو سو ہیں اگر کسی کو جانور کاٹے اس نقش کو پیتل کی تختی پر لکھے اور پانی سے دھو کر پلاوے۔ ایضاً، اگر کوئی شخص کسی ظالم سے ڈرتا ہو اس حرف کو ۔۔۔ بار پڑھے اور ظالم کے گھر کی طرف دم کرے ظالم کے ظلم سے بچا رہے گا۔ ایضاً۔ اگر نو سو بار اس حرف کو لکھ کر مصروع باندھے شفا پاوے

ع :۔ یہ حرف بارد ہے عدد اس کے ستر ہیں اگر اس حرف کو اٹھارہ بار کاغذ پر بدھ کے دن پہلی ساعت میں اسطرح سے لکھے آفات سے بچا رہے گا۔

العلیم العزیز

ایضاً۔ علماء خاصیت لکھتے ہیں کہ جب مشتری اور عطارد طالع سال ہو جب نماز جمعہ کی اذان ہوتی ہے اس حرف کو ستر بار ریشمی کپڑے پہ لکھے اور انگوٹھی کے نگینہ کے نیچے رکھ کر پہنے بعض علماء فرماتے ہیں کہ بعد حرف کے العزیز کو لکھے۔ جاہ و منصب کی ترقی ہووے۔ ایضاً۔ واسطے تسخیر کے اس حرف کو سات سو بار لکھ کر اپنے پاس رکھے یا کسی شیرینی پر دم کر کے محبوب کو کھلاوے محبوب مطیع ہووے مگر اس عمل کو حرام میں نہ کرے فائدے کے عوض نقصان ہو گا۔

غ:۔ یہ حرف بادی یابس ہے عدد اس کے ہزار ہیں اگر اس حرف کو ہزار بار لکھے اور اپنے سر میں رکھے خلائق اس کی مطیع ہو۔ اہل خاصیت لکھتے ہیں کہ اگر اس حرف کو ہزار بار پڑھے اور دشمن کی جانب پھونکے تباہ ہووے۔ ایضاً۔ اگر برگ حنظل پر ہزار بار لکھے اور دشمن کے گھر میں دفن کرے گھر تباہ ہووے۔ ایضاً۔ اگر کوئی محتاج ہوئے ہزار بار اس حرف کو پڑھے اور بعدہٗ ہزار بار الغنی کہے غنی ہو جاوے۔

ف:۔ یہ حرف حار یابس ہے عدد اس کے اسی ہیں اگر کوئی ساٹھ روز تک ساٹھ بار پڑھا کرے اور دشمن کی طرف پھونکے دشمن تباہ ہو جائے۔ ایضاً:۔ اگر کوئی بھاگ جائے تو ہزار بار نئے ٹاٹ پر لکھے اور آگ میں جلاوے غائب حاضر ہو جاویگا۔ ق:۔ یہ حرف حار رطب ہے عدد اس کے ایک سو ہیں اگر کوئی شخص سفر یا حضر میں ہو وہ زمین میں اسطرح سے لکھے ق اور اس کے بیچ میں بیٹھے جن وغیرہ سے محفوظ رہے۔ ایضاً:۔ جو کوئی سو بار اس حرف کو برگ جوز پر لکھے اور ظالم کے گھر میں دفن کرے وہ تباہ ہو جائیگا۔ ایضاً:۔ رکا کی لکھتا ہے کہ ۲۲ مرتبہ روز اس حرف کو کاغذ پر لکھے اور پتھر کے نیچے دبا دے اور نام دشمن کا لکھدے خواب بندی کے لئے مجرب ہے۔

ک:۔ یہ حرف حار رطب ہے عدد اس کے بیس ہیں جو کوئی تنگدست ہووے اس شکل کو لکھ کر گھر میں لٹکا دے رزق غیب سے ملے۔ ایضاً:۔ جو کوئی اس نقش کو بکری کی کھال پر لکھ کر اپنے پاس رکھے گا مالیخولیا اور سودا سے بچا رہے گا نقش بکرم یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

جبرائیل میکائیل

۴۸۶

۹۹	۱۰۴	۱۰۵	۹۲
۱۰۲	۹۳	۹۸	۱۰۳
۹۴	۱۰۷	۱۰۰	۹۷
۱۰۱	۹۶	۹۵	۱۰۶

ل:۔ یہ حرف بارد ہے عدد اس کے تیس ہیں اگر کوئی تانبے کی تختی پر اکہتر بار کندہ کرے اور اپنے پاس رکھے نظر بد سے بچا رہے۔

ایضاً۔ جو کوئی اس نقش کو چودھویں رمضان کو جمعرات کے دن سونے پر کندہ کرا کے انگوٹھی پر رکھ کر پہنے جمیع آفات سے محفوظ رکھے گا اور رزق میں ترقی کرے گا۔ وہ نقش یہ ہے۔

الله لطیف بعبادہ — وھو القوی العزیز — یرزق — من یشاء

۱۸	۲۸	۳۰
۲۳	۳۲	۲۶
۲۷	۲۴	۲۵

م:۔ یہ حرف حار یابس ہے عدد اسکے چالیس ہیں اہل خاصیت فرماتے ہیں کہ یہ حرف محبت میں مستعمل ہوتا ہے حرز الامان میں لکھا ہے کہ سیب سرخ پر اسطرح میم کو ایک سو پچیس مرتبہ لکھے کہ منہ میم کا کھلا ہے بند نہ ہووے اور محبوب کا نام لکھدے اور محبوب کو کھلا دے۔ ایضاً۔ شمس المعارف میں لکھا ہے کہ اس حرف کو اپنے گھر کی دیوار پر لکھے اور ہر روز چالیس بار میم کو دیکھے اور چالیس بار آیہ کریمہ قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ الْمُلْکِ سے بِغَیْرِ حِسَابٍ تک پڑھے حق تعالےٰ اسباب دنیا و آخرت اس پر آسان کرے۔ ایضاً۔ جو کوئی اترج کے چھلکے پر اس نقش کو لکھے اور رگے میں ڈالے قولنج دفع ہووے نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

۹	۱۲	۱۷	۲
۱۶	۱۹	۱۰	۱۳
۱۱	۶	۹۱	۸

ن:۔ یہ حرف بارد یابس ہے اس کے پچاس ہیں یہ اعمال فرح و سرور میں مستعمل ہوتا ہے اگر کوئی شخص اکیس بار گھوڑے کے نعل پر لکھے اور نام محبوب کا لکھدے وہ طالب کی محبت میں بیقرار ہو گا۔ ایضاً۔ اگر پچاس بار حرف نون کو لکھ کر اپنے پاس رکھے تمام موذی جانوروں سے بچا رہے۔ ایضاً۔ جو کوئی اس نقش کو اپنے پاس رکھے سب حاجتیں بر آویں نقش یہ ہے ۔ ۔ ۔

ن ن — ن ن
ن ن — ن ن

و:۔ یہ حرف یابس ہے عدد اسکے چھ ہیں اگر کوئی اس نقش کو ہفتہ کے دن طلوع آفتاب کے وقت چاندی پر کندہ کرا کے انگوٹھی پر رکھ کر پہنے تمام آفات سے بچا رہے اور جس حاکم کے پاس جاوے وہ خاطر داری کرے نقش یہ ہے۔

۷	۵	۳۰	۲۴	۳۵	۱
۲	۱۸	۳۱	۲۴	۱۱	۳۳
۲۷	۲۳	۱۲	۱۷	۲۳	۱۰
۹	۱۳	۲۷	۲۹	۱۶	۱۸
۳۹	۱۰	۱۵	۱۴	۲۵	۸
۳۶	۳۲	۰	۳	۲	۲۱

ہا:۔ یہ حرف بادی ہے عدد اس کے

پانچ ہیں جو پرانی قبر کی مٹی لیکر ستر بار اس حرف کو دم کر کے دشمن کے گھر میں ڈالے دشمن کی نانہ ویرانی ہو گی جو کوئی خواب میں ڈرتا ہو اس حرف کو مع آیت هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ آخر تک لکھے اور گلے میں ڈالے خواب میں نہ ڈریگا۔

ی:- یہ حرف حاری ہے عدد اسکے دس ہیں اگر کوئی شخص حریر سفید پر سو بار لکھے اور اپنے پاس رکھے زبان بدگویوں سے محفوظ رہے جو کوئی اس نقش کو لکھ کر اپنے پاس رکھے عالم ارواح سے اس کی مدد ہو گی نقش یہ ہے ۔۔۔۔۔۔

ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی
ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی	ی ی

ایضاً:- اگر کسی کو شراب پینے کی عادت ہو اس حرف کو کاغذ پر دس مرتبہ لکھے اور گھول کر پلادے عادت چھوٹ جاوے ان حرفوں کے مؤکلات کا ہم نے نقش سلیمانی اور مجربات سلیمانی میں ذکر کیا ہے ان کتابوں میں ملاحظہ فرمائیں۔

باب آٹھواں "حروف تہجی و اسمائے خدائے تعالیٰ کے بیان میں"

تیسیر المطالب میں لکھا ہے کہ روحانیہ اٹھائیس حرف کے مظہر ایک اسم اسمائے خدا تعالیٰ سے ہے تاثیر و تصرف حرف کی اس عالم میں بواسطہ قوت انہیں اسمائے پاک کے ہے، اور ہر ایک حرف کیلئے اسمار مقرر ہیں عامل کو لازم ہے کہ جب کسی مطلب کے واسطے عمل شروع کرے تو موافق اپنے مطلب کے اوّل ان اسمار کا ورد کرے تا فائدہ تام مترتب ہووے۔

اللہ الواحد احد زب باری باسط باطن یاتی ب بدیع بصیر ج جابر جامل جامع جبار جلیل جمیل جواد د اعمی داتو دلیل دیان ھادی ھو د واجد واحد وارث واسع وافی والی وتر ودود دو معفی وکیل ولی وھاب ز زراع زکی حسیب حافظ حفیظ حق حکم حکیم حلیم حمید حنان ی ط طاھر طالب طائع ی یسر محقق دار النظم میں لکھا ہے کہ حرف یا زبان عربی میں اسم اعظم ہے ک:- کافی کبیر

کمیو کریو کفیل ل لطیف م صاحب تیسیر المطالب نے لکھا ہے کہ حرف میم کے یہ دس اسم ہیں۔ ماجد مالک الملک۔ مانع۔ مبین۔ مجید، مالک۔ ملک، ممیت، منان۔ مہیمن اور صاحب دار النظیم نے لکھا ہے کہ اس حرف کے تینتیس اسم ہیں دس اسم وہ ہیں جو پہلے بیان کئے گئے اور تیئیس اسم یہ ہیں۔ مبدی، متعالی، متکبر متین، مجیب محصی محمی، مذل مصور معز معطی، معید، مغنی، مقتدر، مقدم، مقسط، مقیت، منتقم، منزل، منشی، موخر، مومن، مھلک ن، ناصر، نافع نصیر نور س ستار سو بع۔ سلام، سمیع، سید سبوح ع عالی، عدل، عزیز، علیم عفو علام علی عظیم ف۔ فالق، فارح، فاروق، فاضل، فتاح فرد تعالی فتوق۔ ص، صادق صانع، صبور، صمد ق۔ قابض، قابل، التواب، قادر، قاھر قابل قائم، قدوس، قدیر، قریب، قوی قیوم۔ ر رزاق، رافع رب رحمن رحیم، رزاق، رشید، رفیع، الدرجات، رقیب، رؤف، ش شافی، شدید العقاب، شکور، شہید، شاھد ت تواب، ث ثابت، صاحب دار النظم نے لکھا ہے نام اس کا ثابت الوجود ہے۔ خ، خافض، خالق، خبیر، ذ۔ ذوالجلال والاکرام ذوالانتقام ذوالبطش، ذوالطول، ذوالعرش، ذوالفضل و ذوالقوۃ المتین، ذو المعارج ذوالمن ض ضار ظ ظاھر غ غافر، غالب، غفار، غفور۔ غنی، مغنی، غیاث المستغیثین۔

بعض اسمار ایسے ہیں کہ ان کا استعمال بہت کم ہوتا ہے اور غیر مشہور ہیں مگر چونکہ اکابر اس فن نے اپنی کتابوں میں لکھا ہے۔ اس واسطے ہم نے بھی لکھ دیا اور خواص اور منافع ان میں سے اکثر کے حرز سلیمانی میں بالترتیب لکھے ہیں۔

⁂

باب نواں

حروف تہجی اور آیات واسمائے کے بیان میں

صاحب تیسیر الطالب نے حروف تہجی کے لیے آیات و اسماء مقرر کئے ہیں کہ کس کس حرف سے کون کون آیت و اسم متعلق ہے عامل جب چاہے کہ میرا مطلب جلدی سے بر آوے تو قبل زکوٰۃ حرف تہجی کے ان آیات و اسماء کا ورد کرے ا کے واسطے ایک اسم ہے اللہ اور آیت یہ ہے الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ۔ ب کے واسطے مبتدیوں کے بدیع اور واسطے منتہیوں کے ایک ذکر ہے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم اَلْبَدِیْعُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ج ۔ اس کے دو ذکر ہیں۔ الجلیل الجمیل، اور صاحب دار التنظیم نے لکھا ہے کہ ذکر جیم کا الجبار اور آیت اس کی جَآءَ الْحَقُّ وَزَھَقَ الْبَاطِلُ۔ د اس حرف کا ایک ذکر ہے۔ الدائم اور آیت اس کی شَھِدَ اللّٰہُ آخر آیت اور عِنْدَہٗ مَفَاتِحُ الْغَیْبِ آخر آیت تک ۃ اس حرف کے لیئے ایک ذکر ہو اور آیت ھُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ آخر آیت تک، و اس حرف کے تین ذکر ہیں الواحد الولی الوالی اور آیت اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ آخر آیت تک اور اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ آخر آیت تک۔ ز۔ ایک ذکر ہے الزکی اور آیت اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ اور عامل اس حرف کا عمل کرے درود شریف کی کثرت کرے۔ ح اس کے تین ذکر ہیں الحفیظ والحکیم اور آیت اس کی فَقُلْنَا اضْرِبُوْہُ بِبَعْضِھَا۔ آخر آیت تک ط۔ اس حرف کا ایک ذکر ہے الطاہر اور آیت طٰہٰ مَآ اَنْزَلْنَا سے الحسنیٰ تک اور یٰسٓ والقرآن الحکیم سے کو یو۔ ی اس کے حرف کا ذکر ظاہر نہیں اور آیت وما تَنَزَّلُ الْاَیَامُ وَدِیْکُ سے ک اس حرف کے تین ذکر ہیں الکافی الوکیل الکفیل اور آیت اِنَّمَآ اَمْرُہٗ سے تُرْجَعُوْنَ تک ل اس حرف کا ایک ذکر ہے اللطیف اور آیت الٓمّٓ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ سے فرقان تک م اس حرف کے دو ذکر ہیں۔ مالک مجید اور آیت قُلِ اللّٰھُمَّ مٰلِکَ سے قدیر تک ن۔ اس حرف کا ایک ذکر ہے۔ النور اور آیت اَللّٰہُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے آخر آیت تک س اس حرف کے دو ذکر ہیں، سبحان السلام و سبحان السمیع

العلیم اور آیت سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِیْمٍ۔ ع۔ اس حرف کے تین ذکر ہیں۔ العالم العلیم و علام الغیوب اور آیت قَدْ اَحَاطَ بِکُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا تک ف اس حرف کا ایک ذکر ہے۔ الفتاح اور آیت نَصْرٌ مِّنَ اللّٰہِ وَفَتْحٌ قَرِیْبٌ و سورہ اِنَّا فَتَحْنَا ہے۔ ص۔ اس حرف کا ایک اسم ہے الصمد اور سورۃ قل ھو اللہ احد ہے ق اس حرف کے دو ذکر ہیں۔ القیوم القدیر اور آیت وَعَنَتِ الْوُجُوْہُ لِلْحَیِّ الْقَیُّوْمِ اور وھو علی کل شی قدیر۔ ر۔ اس حرف کے دو ذکر ہیں۔ الرحمٰن الرحیم آیت فَاَمَّآ اِنْ کَانَ مِنَ الْمُقَرَّبِیْنَ سے لیکر جنت نعیم تک ش۔ اس حرف کے دو ذکر ہیں الشہید و شکور اعمال خیر میں آیت شَھِدَ اللّٰہُ اَنَّہٗ لَآ اِلٰہَ اور اعمال شر میں وکذالک اخذ ربک سے شدید تک۔ ت اس حرف کا ایک ذکر ہے۔ التواب آیت والیہ یرجع الامر کلہ ث اس حرف کا ایک ذکر ہے۔ ثبت اور صاحب دار التظم نے الثابت لکھا ہے آیت رَبَّنَآ اَفْرِغْ عَلَیْنَا صَبْرًا۔ خ۔ اس حرف کا ایک ذکر ہے الخبیر اور صاحب دار التنظیم نے لکھا ہے کہ تین اسم ہیں۔ الخافض والخالق والخبیر قرآن مجید میں جن آیتوں کے آخر میں لفظ خبیر ہے۔ ذ۔ اس حرف کا ایک ذکر ہے۔ ذوالجلال والاکرام جس آیت میں بیان توحید ہو۔ ض۔ اس حرف کا ایک ذکر ہے اللہ معی اللہ ناظری اللہ شاہ دی اور دار التظیم میں ہے کہ ذکر اس کا الظاہر ہے اور آیت وَاللّٰہُ مَعَکُمْ اَیْنَمَا کُنْتُمْ۔ غ۔ اس حرف کا ایک ذکر ہے الغنی اور وَھُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ اور اِنَّ اللّٰہَ لَغَنِیٌّ عَنِ الْعٰلَمِیْنَ۔

باب دسواں

عملیات و تعویذات کے بیان میں

انسان کو جب کوئی ضرورت پیش ہووے تو خدا تعالیٰ سے مدد چاہے اور اسی کو پکارے اور اسی کے نام نامی کو ورد کرے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اُدْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَکُمْ ممکن نہیں کہ انسان کسی حالت میں اسے پکارے اور وہ مدد نہ کرے قرآن پاک میں

جا بجا وعدہ فرمایا ہے اور وعدہ اس کا سچا ہے اور جو لوگ تکبر کرتے ہیں اور معبود حقیقی کو
چھوڑ کر غیروں کو پکارتے ہیں وہ داخل جہنم ہوں گے۔ قرآن ہمارے لیے بڑی نعمت
ہے کل چیزیں اس میں ہیں فرمایا وَلَا رَطْبٍ وَّلَا یَابِسٍ اِلَّا فِیْ کِتٰبٍ مُّبِیْنٍ ہم کو اس کتاب
عزیز کو نہایت عزیز رکھنا چاہیئے اور جب کوئی حاجت پیش آوے اس سے اپنی
حاجت براری کریں اگر بیمار ہو آیات شفا کو پڑھ کر دم کرے یا لکھ کر گلے میں ڈالے حق
تعالیٰ فرماتا ہے وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ اگر مفلسی آجائے اس کتاب کریم
سے کسی آیت کو پڑھیں غرضیکہ جس کام کو چاہیں اس کتاب سے مطلب براری کریں حق تعالیٰ
نے ایک ایک آیت و اسماء میں لاکھوں تاثیریں دی ہیں۔ انسان کی مجال نہیں کہ دریافت
کر سکے مگر جسقدر چاہا اس قدر اپنے بندوں کو مطلع فرمایا ہمارے حصول مطالب کے لیے
کیا کیا تدبیریں نکالی ہیں کہ ان سے ہماری حاجتیں بر آتی ہیں۔ انھیں کی برکت سے جملہ مشکلات
حل ہوتی ہیں اور ان کی تاثیرات و فوائد قیامت تک باقی رہیں گے اور مومنین کامل الیقین
متمتع ہوتے رہیں گے قرآن مجید جملہ کتب سے افضل ہے اور اسماء حسنیٰ سب سے اعلےٰ
ہیں۔ اس واسطے یہ علم جملہ علوم سے بہتر و برتر ہے کوئی انسان ایسا نہیں ہے کہ جس کو کوئی
حاجت نہ ہووے بعضے ایسے ہیں کہ حکام کے پاس رہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ یہ ہم
سے رضامند رہے اور بعضے ایسے ہیں کہ حکام سے توسل کی خواہش رکھتے ہیں بعضے ایسے
ہیں کہ اپنا عروج چاہتے ہیں، بعضے تسخیر خلائق اور پری و جن کے خواہشمند ہیں بعضے
مفلس ہیں دولت مند ہونے کی تمنا رکھتے ہیں۔ بعضے سفر و حضر میں سلامتی جان و مال
کی چاہتے ہیں۔ بعضے بیمار ہیں۔ شفا، چاہتے ہیں اسی طرح ہر شخص کی خواہشیں جدا جدا
ہیں اور اپنی آرزو کے پورا کرنے میں کوشش بلیغ کرتے ہیں مگر بغیر مدد روحانی کے
کیونکر مطلب حاصل ہو پس ہم نے جب دیکھا ہر قسم کے عملیات و تعویذات لکھ دیئے
کہ بطفیل آیات قرآنی و بتصدق اسمائے ربانی حاجت مندوں کی حاجتیں بر آویں اور
خواہشمندوں کی خواہشیں پوری ہوویں جو کوئی بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کو سات سو چھیاسی بار
سات دن تک پڑھے تجارت میں نفع ہووے مفلس مالدار ہووے۔ ایضاً جو کوئی

بسم اللہ کو گیارہ بار سوتے وقت پڑھا کرے، رات بھر جمیع آفات سے بچا رہے اور اس
رات کو مرگ مفاجات نہ ہوگی۔ ایضاً، جب کوئی مفلس ہووے سورج نکلتے وقت اس کے
سامنے کھڑا ہووے اور تین سو مرتبہ بسم اللہ کو پڑھ کر درود شریف پڑھے ایک سال نہ گذرے
گا کہ مالدار ہو جاویگا۔ ایضاً، اگر کوئی ناحق قید ہو جاوے دن رات میں ہزار مرتبہ پڑھے قید
سے رہائی پاوے۔ ایضاً جو کوئی ستر مرتبہ اس کو لکھے اور مردہ کے کفن میں رکھدے مردہ
منکر و نکیر کی دہشت سے امن میں رہے اور قبر نور سے روشن ہوگی۔ ایضاً۔ فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے کہ صبح کے وقت جو کوئی بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمہ شیء فی الارض
ولا فی السماء وھو السمیع العلیم پڑھے فالج اور مرگ مفاجات سے محفوظ رہے۔ ایضاً،
اگر کوئی کند ذہن ہووے تو چینی کی رکابی پر بسم اللہ لکھ کر دھو کر پیئے حافظہ درست ہو
جائیگا۔ ایضاً، اگر کوئی پہلی محرم کو بسم اللہ ایک سو تیرہ بار لکھ کر اپنے پاس رکھے سال بھر
جملہ آفات سے بچا رہے۔

ایضاً، جو کوئی حاجت پیش آوے ترک حیوانات جلالی و جمالی کرے اور ایک مکان
میں بیٹھے جہاں کوئی نہ جاتا ہو اور بسم اللہ کو بارہ ہزار بار پڑھے اور بعد ہر ہزار کے دو رکعت
نماز نفل پڑھے اور بعد اتمام ورد کے انیس بار اس قسم کو پڑھے۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
یا حلیم یا علیم یا علی یا عظیم یا قیوم یا دائم یا طیھوح یا طیھوج اللھم انی
اسئلک بفضل بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبحق بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وبھیبت بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ وبمنزلۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
وبرفع وبقدرۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم وبعظمۃ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم
ارفع قدری یا اللہ ویسر امری یا اللہ واشرح صدری واجبر کسری
یا اللہ واغنی فقیری یا اللہ وطول فی طاعۃ عمری ویسر امری یا اللہ
ومتعنی بسمعی وبصری یا اللہ یا من ھو کٓھٰیٰعٓصٓ حٰمٓ عٓسٓقٓ الٓمٓ الٓمٓصٓ
الٓرٰ الٓمٓرٰ طٰہٰ حٰمٓ طٰسٓ طٰسٓمٓ یٰسٓ صٓ قٓ نٓ اللہ لا الہ الا ھو الحی
القیوم باسمہ الھیبۃ والقدرۃ والقوۃ باسم الجبروت والعظمۃ وان

ذ جعلنی من عبادك المتقین واولیاءك المقربین واهل طاعتك المجیبین
لی من لدنك فتحا مبینا ونصرا معینا وعلماء نافعا وفرجا مخرجا فی الدارین
یارب العلمین انك علی کل شیءٍ قدیر بفضلك ورحمتك یاارحم
الراحمین ، یہاں پر اپنی حاجت بیان کرے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ولاحول
ولاقوة الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی خیر خلقه محمد وآله
اجمعین برحمتك یاارحم الراحمین ۔ حدیث میں آیا ہے کہ فرمایا حضرت صلی اللہ
علیہ وسلم نے جو ہر روز تیس بار کہے بسم اللہ خیر الاسماء بسم اللہ رب الارض
ورب السماء بسم اللہ الذی لا یضر مع اسمه شیء فی الارض ولا فی السماء
وهو السمیع العلیم سحر اور زہر بیماری اور جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔ شمس المعارف
میں لکھا ہے کہ فرمایا علماء نے کہ قسم خدا کی جو کوئی سورۂ فاتحہ کو اکتیس بار پڑھ کر ظالم کے سامنے
جاوے ظالم بہت نرم دل ہو جاویگا۔ طریقہ پڑھنے سورۂ فاتحہ کا واسطے حاصل ہونے مطلب
کے یہ ہے جب کوئی حاجت ہووے ترک جلالی کرے اور روز دوشنبہ کو روزہ اور قبل پڑھنے
کے غسل کرے اور پانچ روز تک یعنی دوشنبہ سے جمعہ تک پڑھا کرے اور ایک جگہ پر بیٹھا
کرے اور مکان تاریک ہووے اور کسی سے بات نہ کرے اور قبلہ رو ہو کر سورۂ فاتحہ ہزار
بار پڑھا کرے بعد ہر صدی کے ایک بار قسم اول و آخر درود شریف پڑھے اور دوسرا طریقہ
یہ ہے کہ سورۂ فاتحہ کو ہر روز سو بار پڑھے اور بعد اتمام کے قسم پڑھے، تیسرا طریقہ یہ ہے
کہ سورۂ جمعہ باسٹھ بار اور شنبہ باون بار اور یکشنبہ بیالیس بار اور دوشنبہ بتیس بار اور سہ شنبہ
بائیس بار اور چہارشنبہ بارہ بار اور پنجشنبہ سات بار اور تمام ورود کے بعد ایک بار قسم پڑھے
چوتھا طریقہ یہ ہے کہ سورہ فاتحہ کو بعد نماز فجر کے اکتیس بار بعد نماز ظہر کے بائیس بار بعد نماز
عصر کے تیئیس بار بعد نماز مغرب کے چوبیس بار بعد نماز عشاء کے دس بار اور بعد تمام درود
کے ایک بار پڑھے قسم یہ ہے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم والحمد للہ رب العالمین
حمد العزت، ونفضل حمد الحامدین رب الاولین والآخرین حمدا یکون لی
سنا وحفظا عند رب العالمین وجهة عند جمیع الخلائق اجمعین اللہم

الرحیم الذی وحی الا قا ئو واختص موسی الکلیم احی العظیم وهی العظام وهی
رمیم فهما اسمان عظیمان شفاء لکل سقیم ملك یوم الدین لیس له فی
الملك شریك ولا ضارع ولا معین ایاك نعبد وبالاقرار نعترف
بالتقصیر ونستغفرك من جمیع الذنوب والاوزار ونشهد ان لا اله الا انت
وحدك لا شریك لك ونشهد ان محمد عبدك ورسولك ارسله بشیرا
ونذیرا الی کافة الخلق اجمعین وایاك نستعین بك علی حاجة وکل
امر من امور الدنیا والدین اللهم یا ملك ملوك والعوالم کلها اجمعین لا
اله الا انت سبحانك انی کنت من الظالمین اهدنا الصراط المستقیم
صراط الذین انعمت علیهم من النبیین والصدیقین والشهداء
والصالحین غیر المغضوب علیهم ولا الضالین من الیهود والنصاری یارب
اغفر لی آمین وصلی اللہ علی محمد وآله واصحابه وسلم۔
ایضاً۔ اگر کسی کو بلغم کا عارضہ ہووے سفید نمک کی چھوٹی چھوٹی کنکریاں لے کر جن کے
ستانے کا خوف ہووے وہ آیت الکرسی اور آیات حفظ کو لکھے، آیات حفظ یہ ہیں۔
فَاللّٰهُ خَيْرٌ حَافِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ۝ وَهُوَ الْقَاهِرُ فَوْقَ عِبَادِهٖ
وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۝ اِنَّ رَبِّيْ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَكُنَّا لَهُمْ حٰفِظِيْنَ ۝
وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ۝ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ۝ لِكُلِّ اَوَّابٍ حَفِيْظٍ ۝ اِنَّ
عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۝ وَرَبُّكَ مِنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ
الْعَلِيْمِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ۝ اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحٰفِظُوْنَ ۝
لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ۝ اِنَّ اللّٰهَ
حَفِيْظٌ عَلِيْمٌ ۝ وَمَا اَنْتَ عَلَيْهِمْ بِوَكِيْلٍ ۝ اِنْ كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ۝ بَلْ هُوَ
قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ اس کے بعد یہ آیت لکھے فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ
لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ۝ سورہ اخلاص اور معوذتین
لکھ کر اپنے پاس رکھے جمیع آفات اور شر جن سے بچا رہے گا۔

ایضاً۔ واسطے دفع ہونے درد جگر و کبد دفع ہونے خفقان کے آیت الکرسی کو ایک طرف ظاہر میں تین مرتبہ لکھے اور دھو کر وقت پینے کے نویت الشفاء من العلة الفلا نیو۔

ایضاً۔ جب کوئی چاہے کہ میں آفات ارضی وسماوی سے بچا رہوں تو پہلی تاریخ محرم الحرام کو آیت الکرسی تین سو ساٹھ بار مع بسم اللہ کے پڑھے اور بعد اتمام کے یہ دعا پڑھے۔ اللھم یا محول الاحوال حول حالی حالی الی احسن الاحوال بحولك وقوتك یا عزیز یا متعالی وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وسلم سال بھر امن وامان سے رہے گا۔

ایضاً۔ جو کوئی سوتے وقت آیت الکرسی پڑھا کرے رات بھر جملہ آفات سے بچا رہے گا۔ علماء فرماتے ہیں کہ جب کوئی کسی سے ڈرتا ہو تو بعد نماز مغرب کے دو رکعت نفل کی پڑھے اور دونوں رکعتوں میں بعد الحمد کے آیت الکرسی پڑھے اور جب آخری سجدہ ہو تو آیت الکرسی تین بار پڑھے ولا یؤدہ حفظھما وھو العلی العظیم کو تین بار تکرار کرے اور اس دعا کو بھی پڑھے اللھم حل بینی وبین فلان بن فلانیہ کما حلت بین السماء والارض والجنتاء عنی کما الجمت لساح عن دانیال علیہ السلام بحق السماء والشریفة زبان بندی دشمن کے لیے یہ عمل مجرب ہے۔

ایضاً۔ جب کوئی حاجت درپیش ہووے تو بعد نماز عشاء کے دو رکعت پڑھ کر اکتالیس بار سورہ یٰسین شریف کو پڑھے اور ہر مرتبہ یہ دعا پڑھے یا من یقول شی کن فیکون افعل بی کذا وکذا اور بجائے کذا وکذا کے اپنا مطلب بیان کرے۔

ایضاً۔ جو کوئی شخص کسی سے ڈرتا ہو تو تین بار سورہ یٰسین پڑھے اور سلام قولا من رب الرحیم کو تین بار کہے جمیع آفات سے محفوظ رہے گا۔

ایضاً۔ جب کوئی مشکل پیش آوے تو یکشنبہ سے شروع کرے اور اول روزہ رکھے اور چالیس دن تک اس عمل کو کرے مگر ہر روز روزہ رکھے اور ایک گوشہ میں جہاں کسی کا گذر نہ ہو بیٹھے اور رات کو بہت کم سوئے اور صبح وشام اگر لوبان کا بخور کرے اور سفید کپڑے پہنے اور روزانہ غسل کرے اور مشک سے پانی بساوے اور سلام قولا

من رب الرحیم کو ہر روز چار سو بتیس مرتبہ اور اس کو بعد نماز فجر کے ایک بار اور بعد نماز ظہر کے ایک بار اور بعد نماز عشاء کے ایک بار پڑھے اللھم لیس فی السموٰت ذوات ولا فی الارض غمرات ولا فی الجبال مرادات ولا فی البحار قطرات ولا فی العیون لحظات ولا فی النفوس خطرات الا وھی بك والات ولك شاھدات ولی ملکات متحیرات اسالك بتسخیرات لکل شی ان توفقنی لما یرضیك انت المستعان علیك التکلان ولا حول ولا قوة الا باللہ العلی العظیم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وعلی آلہ واصحابہ وسلم۔ جب بیس روز ہو جاویں گے تو ایک شخص آئیگا اور سلام کریگا عامل اس کیطرف متوجہ نہ ہووے اور پڑھے چلا جائے جب چلہ تمام ہوگا تو تمام گھر روشن ہو جائیگا پہلے ایک مؤکل آئے گا اور اس کے ہمراہ بہت مؤکل ہوں گے اور سلام علیک کریگا اور عامل بعد رو کے اپنا مطلب بیان کریگا اور ہمیشہ کے لیے مدد دینے کا اقرار لے۔

ایضاً۔ جب ہیضہ پھیلے تو سلام قولا من رب رحیم کو پانی پر دم کرکے سب کو پلاوے جو پیئے گا ہیضہ سے بچا رہے گا۔

ایضاً۔ جب کوئی مشکل پیش آوے تو ایک وقت معین کر کے مناجات حضرت خواجہ معین الدین چشتی کو پڑھا کرے حاجتیں برآویں گی۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ لا الٰہ الا اللہ بزرگ وجباری لا الٰہ الا اللہ رحیم وغفاری لا الٰہ الا اللہ مرا بہ حق بگذاری لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ الٰہی بحرمت وبرکت یکصد وچہاردہ سورہ بحرمت وبرکت شش ہزار وششصت وشش آیہ قرآن الٰہی بحرمت وبرکت ہفتاد وشش ہزار وہفتاد وشش کلمات قرآن الٰہی بحرمت وبرکت حرف مقطعات قرآن الٰہی بحرمت وبرکت سہ صد وبست ویک لکھ ویک ہزار وششصد ونود ونہ حرف قرآن الٰہی بحرمت وبرکت نود ونہ نام باری تعالیٰ الٰہی بحرمت وبرکت ملائکہ مقرب الٰہی بحرمت وبرکت اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم الٰہی بحرمت وبرکت وسادات علیہ السلام الٰہی بحرمت وبرکت سہ صد مرد ابقتا الٰہی بحرمت وبرکت ہفتاد مرد نجیا الٰہی بحرمت وبرکت چہل مرد ابدال الٰہی بحرمت وبرکت سہ صد مرد ابقتا الٰہی بحرمت وبرکت ہفتاد مرد نجیا الٰہی

بحرمت و برکت چہل مرد ابدال الٰہی۔ بحرمت و برکت ہفت مرد اوتاد الٰہی بحرمت و برکت یک
مرد غوث الٰہی بحرمت و برکت یکسر د قطب الٰہی بحرمت و برکت جمیع علمار و فقہا الٰہی بحرمت
و برکت زہاد و عباد رحمۃ اللہ علیہم اجمعین الٰہی بحرمت و برکت شہدائے امت محمد مصطفےٰ صلی اللہ
علیہ وآلہ وسلم الٰہی بحرمت و برکت جمیع مشائخان طریقت رحمۃ اللہ علیہم اجمعین خداوند ملکا
پادشاہا مہمات دینی و دنیاوی من بندہ را بنظر عنایت خود راست آریا بجمیع مسلمان آمین
یارب العالمین برحمتک یا ارحم الراحمین ایضاً۔ تکبیر عاشقاں کو واسطے برآمد حاجات
کے مابین نماز مغرب و عشار کے پڑھا کرے۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ بسم اللہ
خیر الاسماء انبیار را زہاد را، عباد را، ابدال را اوتاد را سالکان را ناسکاں را محباں را محبوباں
را مغلوباں را۔ مجذوباں را مجذوب، سالک را و سالک مجذوب را اصحاب تمکین را ارباب تلوین
را اہل سکر را صحو زا تشگان تیغ سلامت را روندگان راہ ملامت را قلندران سرمست را صوفیان
زبردست را طبقہ حیدریان را خلفائے موہبان راشان عرب را سرداران عجم بندگان زنگیاں را ابدال
خراساں را سلطان ہند را خلفائے سند را سرانداز ان غزنویاں را طریقاں چین را چابک سواران
بدخشاں را عاشقان عوز را مشتاقاں ماوراء النہر را واصلان بر و بحر را شہیدان
دشت کربلا را کہ در حیات ظاہری و باطنی بدرگاہ خدا شفیع می آرم برائے برآمدن حاجات و
مہمات دینی و دنیاوی ہر کہ در آید برآید ہر کہ در افتد بر آفتد ہر کہ ذکر کند جگر خورد چوں
تکبیر عاشقاں بگوید اللہ اکبر اللہ اکبر لا الٰہ الا اللہ واللہ اکبر اللہ اکبر
وللہ الحمد ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم بحق لا الٰہ الا اللہ محمد
رسول اللہ یا قدیم یا قدیر یا حی یا قیوم یا باقی یا منتقم یا قادر یا الٰہ
الاولین و یا الٰہ الآخرین ہر کہ مارا بدخواہد و بدگوید ضربت لا الٰہ الا اللہ بر جان
